Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner

جملہ حقوق بحق مصنف محفوظ ہیں

بیعتِ یزید
سے
انکار کا سبب

نام کتاب: بیعتِ یزید سے انکار کا سبب
مصنف: فضیلۃ الشیخ مفتی فضل احمد چشتی مدظلہ العالی
پروف ریڈر: مفتی محمد نذیر احمد چشتی صاحب (جلال پور پیر والا)
0308-2722429
ترجمہ:
ناشر: **آستانہ عالیہ سندر شریف**
سندر اڈا لاہور
کمپوزنگ: محمد عمر فاروق ہاشمی چشتی (لاہور)
طباعت اول: ستمبر 2020ء
تعداد: 3000/-
قیمت: ------------

نوٹ: کتاب کی کتابت و پرنٹنگ میں انتہائی احتیاط سے کام لیا گیا تاہم باتقاضہ بشریت کوئی غلطی رہ گئی ہو تو اس نمبر پر ضرور مطلع کریں، مشکور ہوں گے۔
خادم آستانہ عالیہ: محمد علی ہاشمی چشتی (03024218077)

Scanned by CamScanner

پیش گفتار

صحابۂ کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیھم اجمعین کی تعظیم و تکریم کا فرض عین ھونا اھل سنت کا اجماعی مسئلہ ہے اور ضروریات مذہب میں سے ہے اور اسی طرح ان کے ساتھ ان کی خدمت واشاعت دین اور محبت رسول کریم ﷺ کی وجہ سے والھانہ عقیدت ومحبت رکھنا اور اس میں عالم اور غیر عالم سب برابر ہیں حاں اھل علم اس کے بھی مکلف ہیں کہ ان کے بعض معاملات خصوصاً مشاجرات اور تنازعات کا صحیح محمل ومعنی اور تاویل تلاش کریں اور اگر کسی کی خطا ہے تو اسکو خطائے اجتھادی پر محمول کر کے ان کی طرف زبان طعن وتشنیع دراز نہ کریں اور ان مقربان ومحبوبان خدا تعالیٰ اور رسول ﷺ کے گستاخ بن کر اپنی عاقبت خطرناک نہ بنائیں اس پر قرآن مجید کی آیات اور صحیح احادیث وآثار اور بزرگان دین کے اقوال سب کے پیش نظر ہیں چنانچہ امام الصوفیاء والفقہاء والمحدثین ومصنف کتاب حلیۃ الاولیاء حافظ الحدیث ابو نعیم اصفہانی متوفی ۴۳۰ھ اپنی بے مثال کتاب الامامۃ کے صفحہ ۳۷۰ پر فرماتے ہیں۔

فلم یختلف أحد من أھل العلم فی کل زمان أن أصحاب رسول اللہ ﷺ فیما اختلفوا فیہ من الرأی مأجورون و محمودون، وان کان الحق مع بعضھم دون الکل، ولا یغضب مَن قال بقول بعضھم و ترک قول بعض وأنہ عندہ مصیب الحق الذی أمر بہ من طریق الرأی للاجتھاد

ترجمہ: ہر زمانے کے اہل علم میں سے کسی نے اس بارے میں اختلاف نہیں کیا کہ

رسول اللہ ﷺ کے صحابہ کرام علیہم الرضوان جو مختلف آراء رکھتے تھے وہ اس پر (عند اللہ) ماجور اور محمود ہیں یعنی انہیں اس پر اجر دیا جائے گا اور ان کا وہ عمل قابل تعریف ہے۔ اگرچہ حق ان میں سے بعض کے ساتھ ہے کل کے ساتھ نہیں اور اس پر ناراضگی کا اظہار نہیں کیا جا سکتا جو ان میں سے بعض کے قول کو اختیار کرے اور بعض کے قول کو چھوڑ دے حالانکہ اس کے نزدیک وہ شخص (جس کے قول کو اس نے اختیار کیا ہے) وہ اس حق تک پہنچنے والا ہے جس کا حکم دیا گیا یعنی اجتہاد کی وجہ سے کسی رائے کو اختیار کرنا۔

پھر سیدنا امیر معاویہ خال المومنین رضی اللہ عنہ کا مسئلہ تو انتہائی خطرناک اور نازک ترین ہے کہ ان کی ذات کو ائمہ کرام نے سرحد صحابہ اور پردہ صحابہ قرار دیا ہے جس کا مطلب ہے ان سے بغض و عداوت رکھنا اور ان کی گستاخی کرنا دوسرے صحابہ کرام خصوصاً خلفائے راشدین سے بغض و عداوت رکھنا اور ان کی گستاخی کرنے کا سبب بن جاتا ہے اور خلفائے راشدین سے بغض و عداوت اور ان کی گستاخی کہاں تک پہنچاتی ہے کسی پر مخفی نہیں سوائے اشقیاء کے پھر آج کل کے کچھ مدعیان علم اور نام نہاد علماء بلکہ علماء نما جہلاء اور بے علم مقررین و شعراء اور جاہلانہ عصبیت زدہ کچھ لا علم سادات پردہ سنیت میں مستور نیم رفض سے معمور اپنے جہل و عناد میں مخمور کتب و خطابات میں امام عالی مقام کی اسطرح شان و عظمت بیان کرتے ہیں اور اس کے ضمن میں ایسے جملے لکھتے اور بولتے ہیں کہ جن سے یہ ظاہر ہوتا ہے کہ معاذ اللہ صحابہ کرام میں سے وہ لوگ جنہوں نے یزید پلید کی بیعت لینے کا مشورہ دیا یا اس کے لیئے بیعت لی یا اس کی بیعت کی یا پہلے انکار کیا اور پھر اقرار کیا وہ سب کے سب ملعون ہیں معاذ اللہ تعالیٰ جہنمی ہیں دنیا کے کتے ہیں کیونکہ انہوں نے محض دنیا کے

لالچ یا خوف میں ایک کافر ظالم زانی شرابی فاسق وفاجر شخص یزید کے لیئے ایسا کیا اور امام عالی مقام ہی واحد شخصیت تھے جنہوں نے اس وقت یزید کے خلاف علم جہاد بلند کیا اور شہید ہو گئے ایسے گمراہ کن بیانات نے عوام تو عوام رہے کچھ خواص کو بھی راہ اعتدال وجادہ حق سے دور کر دیا ہے اور وہ اس قدر غالی بن گئے ہیں کہ ایک طرف تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور سادات صحابہ رضی اللہ تعالیٰ عنھم میں سے سیدہ صدیقہ سیدنا طلحہ سیدنا زبیر بن عوام رضی اللہ تعالیٰ عنھم اور ان کے رفقاء و ھمنواؤں کو ظالم اور بغض اھل بیت کا مرتکب ٹھہرانے اور اسی طرح کی دیگر اپنی واحیات اعتقادیہ وقولیہ کا ان مقدسین بزبان رسالت کو نشانہ بنانے سے ذرہ برابر بھی گریز نہیں کرتے اور دوسری طرف امام عالی مقام کی طرف کسی قسم کی خطائے اجتھادی کی نسبت کرنا بھی اھل بیت کی گستاخی قرار دیتے ہیں ناچیز کے ایک سابقہ دیرینہ محسن ودوست جن پر خاصہ اعتماد تھا وہ ناچیز راقم الحروف کی طرف ایسی گستاخی منسوب کرنے کی بے باکی اور جرأت کرنے سے ذرہ بھی نہیں گھبرائے محض اس وجہ سے کہ بندہ ناچیز نے اھل سنت اور اھل رفض کی کتب سے یہ ثابت کیا کہ امام پاک نے انکار بیعت کے بعد کربلا شریف میں اقرار بیعت فرمایا تھا اور یہ برملا ظاہر کیا کہ تمام ترصحیح روایات اس پر متفق ھیں حالانکہ وہ صاحب ناچیز کے بھی چند سبقوں میں شاگرد رہے اور ناچیز کے تلامذہ کی شاگردی میں اب بھی ہیں اور ان کا مبلغ علمی ناچیز کو پوری طرح معلوم ہے ان سارے فسادات کا سبب وحید یہی نظر آیا کہ کتاب وخطاب میں اس بات میں تمیز نہیں کی جاتی کہ یزید بوقت ولی عھدی ا ور بیعت لینے کے وقت فاسق فاجر نہ تھا اور اگر اسوقت فاسق فاجر ہوتا اور صحابہ باختیار خویش اس کی بیعت کرتے تو ان کی طرف زبان طعن وتشنیع دراز کرنے میں

Scanned by CamScanner

معذوری ممکن تھی اگر حقیقت یہ نہیں اور یقیناً یہ نہیں جس طرح کہ ہم ثابت کریں گے انشاء اللہ تعالیٰ تو پھر ہمارا فرض بنتا ہے کہ لوگوں پر یہ حقیقت واضح کریں کہ انکار بیعت کا سبب فسق یزید نہیں بلکہ اور چیز ہے اس بات کے لیئے یہ رسالہ معرض وجود میں آیا ہے۔

اللہ تعالیٰ ناچیز کی اس عاجزانہ ھمدردانہ کوشش کو قبول فرمائے آمین بجاہ النبی الامین صلی اللہ علیہ وآلہ واصحابہ وسلم ۱۴۲۱ھ

Scanned by CamScanner

آغازِ گفتار

اگر یہ کہا جائے کہ یزید اپنے باپ کے دور خلافت میں فاسق تھا لیکن اسکے برے اعمال کا باپ کو علم نہیں ہو سکا لھذا یزید کے کردار سے لاعلم ہو کر اسکو خلیفہ منتخب کیا تھا جیسا کہ بعض حضرات کے کلام سے معلوم ہوتا ہے اور بندۂ ناچیز اپنے پہلے خطابات میں یہی نظریہ رکھتا تھا تو اس پر اتنا مضبوط اعتراض وارد ہوتا ہے جس کا جواب ناممکن ہے اور پھر نتیجہ وہی ہوتا ہے جس سے بچنے کے لئے مذکورہ عذر و بہانہ گھڑا گیا تھا اور وہ نتیجہ حضرت امیر معاویہ اور ان کے رفقائے کار صحابہ کرام کو فاسق و فاجر شخص کے امیر اور خلیفہ بنانے کے داغ اور دھبہ سے محفوظ نہ رکھ سکتا۔

تقریر اعتراض

اگر یزید باپ کے دور خلافت میں فاسق وفاجر تھا اور باپ کو علم نہیں ہوا تھا اور جن حضرات نے بیعت سے انکار کیا تو اس وجہ سے کیا کہ ان کو یزید کے برے اعمال معلوم تھے تو ہم پوچھتے ہیں کہ ان اکابرین نے یزید کے برے اعمال کے متعلق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کے سامنے انکا ذکر کیوں نہیں کیا جبکہ انکا فرض بنتا تھا کہ وہ ایسا کرتے تا کہ خود حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ اور باقی امت فاسق وفاجر کی امامت کی نحوست سے بچ جاتے لھذا یہ اعتراض منکرین بیعت اکابرین پر ہوگا اور اگر یہ کہا جائے کہ ان اکابرین نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خبردار کیا تھا تو پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کا ظالم ہونا لازم آتا ہے کیونکہ انہوں نے اتنے بڑے سچے لوگ اور عادلین حضرات کی شہادت پر عمل نہیں کیا جبکہ یہ اتفاقی مسئلہ ہے کہ اگر کوئی حاکم دو عادل شخصوں کی گواہی رد کرتا ہے تو ناجائز فعل کا ارتکاب کرتا ہے لھذا ان سب خرابیوں سے بچنے کے لئے ہم نے پوری جدوجہد کے ساتھ تاریخ کا گہرا مطالعہ کر کے اس حقیقت کو تلاش کیا کہ منکرین بیعت کے انکار کا سبب یزید کا فسق وفجور نہیں تھا کیونکہ وہ اس وقت فاسق وفاجر ہی نہ تھا اس حقیقت کو آپ حضرات ان صفحات میں دلائل صحیحہ کے ساتھ جانیں گے ان شاء اللہ عزوجل لیکن اس سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ۔

سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کی طرف سے بیعتِ یزید جبری تھی یا اختیاری؟

اس سوال کے جواب سے پہلے یہ جاننا ضروری ہے کہ سیدنا معاویہ رضی اللہ

عنہ اول الملوک [1] ہونے کے باوجود خلیفہ راشد بھی تھے جس طرح کہ جمہور ائمہ اہل سنت کا مذہب ہے چنانچہ امام احمد رضا محدث بریلوی رضی اللہ تعالیٰ عنہ المعتقد المنتقد کی شرح المستند المعتمد کے صفحہ ۲۴۱ پر فرماتے ہیں۔

أما عند أهل الحق فاستقامة الخلافة له رضی الله تعالی عنه من یوم صلح السید المجتبی صلی الله تعالی علی جده الکریم و أبيه و علیه و علی أمه و أخیه وسلم ·وهو الصلح الجلیل الجمیل الذی ترجاه رسول الله ﷺ ·وجعله ناشئا عن سیادة سیدنا الحسن رضی الله عنه اذ یقول فی الحدیث الصحیح المروی فی الجامع الصحیح إن ابنی هذا سید لعل الله أن یصلح به بین فئتین عظیمتین من المسلمین· وبه ظهر أن الطعن علی الأمیر معاویة رضی الله عنه طعن علی الإمام المجتبی بل علی جده الکریم ﷺ بل علی ربه عزوجل· فان تفویض أزمة المسلمین بید من هو کذا و کذا بزعم الطاعنین خیانة للإسلام والمسلمین· وقد ارتکبها معاذالله الإمام المجتبی و ارتضاها رسول الله ﷺ وهو ما ینطق عن الهوی ان هو الا وحی یوحیٰ فاحفظه·

ترجمہ: بہر حال اہل حق کے نزدیک حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ کو خلافت کا حصول حضرت سیدنا حسن مجتبیٰ رضی اللہ عنہ کے صلح کے دن سے ہی ہو گیا تھا اللہ تعالیٰ ان کے جد کریم پر رحمت کاملہ نازل کرے اور ان کے والد ماجد اور ان پر اور ان کی والدہ ماجدہ پر اور بھائی پر رحمت کاملہ اور سلامتی نازل فرمائے۔ اور یہ وہ عظیم اور

---

[1] حضرت امیر المومنین معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے صحت کے ساتھ ثابت ہے کہ انھوں نے خود کو اول الملوک فرمایا دیکھیں (البدایہ ان کے حالات میں)

Scanned by CamScanner

خوبصورت صلح ہے جس کے وقوع کی امید کا اظہار رسول اللہ ﷺ نے فرمایا اور آپ ﷺ نے اسے سیدنا امام حسن رضی اللہ عنہ کی سیادت سے پیدا ہونے والا قرار دیا کیونکہ بخاری شریف میں مروی صحیح حدیث پاک میں آپ ﷺ نے فرمایا "بے شک میرا یہ بیٹا سید ہے امید ہے کہ اللہ تبارک وتعالیٰ اسکے ذریعے مسلمانوں کی دو عظیم جماعتوں کے مابین صلح فرمائے گا"

اور اس سے یہ بات بھی ظاہر ہو گئی کہ حضرت امیر معاویہ h پر طعن خود امام حسن h پر طعن ہے بلکہ ان کے جد کریم (امام الانبیا ﷺ) پر طعن ہے بلکہ ان کے رب عزوجل پر طعن ہے کیونکہ مسلمانوں کی خلافت کی لگام اس شخص کے ہاتھ میں دینا جو طعنہ کرنے والوں کے گمان کے نزدیک ایسا ویسا ہو۔ یہ اسلام اور مسلمانوں کے ساتھ خیانت ہے اور معاذ اللہ اس کا ارتکاب امام حسن مجتبیٰ h نے کیا اور رسول اللہ ﷺ اس پر راضی ہوئے حالانکہ نبی پاک ﷺ وما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحیٰ کی صفت کے ساتھ متصف ہیں۔ اس بات کو خوب یاد کر لو۔

لیکن ان کی ملوکیت کی خلافت کے ساتھ آمیزش فقط اس قدر تھی کہ منکرات شرعیہ میں سے کسی منکر شرعی کا ارتکاب کیے بغیر مباحات میں توسع اور نظام حیات میں تکلف پیدا فرمایا اور وہ بھی نفسانیت سے نہیں بلکہ شرعی اجتہاد کے ساتھ اسی لیے ان کی خلافت اور سابقین خلفائے راشدین کی خلافت میں مساوات نہیں نہ یہ کہ ان کی خلافت خلافت راشدہ ہی نہیں امام عبد العزیز پرھاروی نبراس میں فرماتے ہیں۔

کان الخلفاء الراشدون لم یتوسعوا فی المباحات وکان سیرتھم سیرۃ النبی ﷺ فی الصبر علی ضیق العیش والجھد فی

Scanned by CamScanner

الانصاف والاتقاء عن مقتضیات الطبائع البشریة واما معاویة فهو وان لم یرتکب منکرالکنه توسع فی المباحات ولم یکن فی درجة الخلفاء الراشدین فی اداء حقوق الخلافة لکن عدم المساواة بهم لا یوجب قدحا فیه

ترجمہ: خلفائے راشدین نے مباح چیزوں میں توسع نہ فرمایا اور خلفائے راشدین کی سیرت تنگی عیش پر صبر کرنے میں اور انصاف کی فراہمی میں کوشش کرنے میں اور بشری طبیعتوں کے تقاضوں سے بچنے میں نبی پاک ﷺ کی سیرت جیسی تھی۔ بہرحال اگرچہ حضرت معاویہ رضی اللہ عنہ نے کسی منکر شرعی کا ارتکاب نہیں کیا لیکن انہوں نے مباح چیزوں میں توسع اختیار فرمایا اور خلافت کے حقوق کی ادائیگی میں خلفائے راشدین کے درجہ میں نہ تھے لیکن خلفائے راشدین کے ساتھ عدم مساوات ان میں کسی عیب کو لازم نہیں کرتا۔

انکے رنگ ملوکیت کا شرعی اجتہاد کے ساتھ ہونے پر بطور دلیل حضرت سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کا ان پر حسین سبز جوڑا دیکھنے کے بعد ڈانٹ ڈپٹ کرنے کے بعد یہ قول مبارک ہے

مارأیت الا خیرا وما بلغنی الا خیر

ترجمہ: میں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ عنہ میں خیر کے سوا کچھ نہ دیکھا اور مجھے ان کے متعلق خیر کی خبر پہنچی ہے۔

اس فرمان کا پورا قصہ طبقات ابن سعد اور الاصابہ میں سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات میں صحیح سند کے ساتھ موجود ہے۔

Scanned by CamScanner

طبقات کی روایتیں

قال : أخبرنا أحمد بن محمد بن الوليد الأزرقي والوليد بن عطاء بن الأغر المكّيان قالا : حدّثنا عمرو بن يحيى بن سعيد الأموى عن جدّه قال : دخل معاوية على عمر بن الخطاب وعليه حُلة خضراء ، فنظر إليها أصحاب رسول الله ﷺ ، فلما رأى ذلك عمر وثب إليه ومعه الدِّرّة فجعل ضربًا لمعاوية ، ومعاوية يقول : الله الله يا أمير المؤمنين ! فيم ! فيم ؟! قال : فلم يكلمه حتى رجع فجلس في مجلسه ، فقال له القوم : لم ضربتَ الفتى يا أمير المؤمنين ؟ ما في قومك مثله ! فقال : والله ما رأيت إلا خيرًا وما بلغني إلا خير ولكني رأيته - وأشار بيده - فأحببت أن أضع منه (٢) .

قال : أخبرنا أحمد بن محمد بن الوليد الأزرقي والوليد بن عطاء بن الأغر قالا : حدّثنا عمرو بن يحيى بن سعيد الأموى عن جده : أن أبا سفيان دخل على عمر بن الخطاب فعزّاه عمر بابنه يزيد بن أبي سفيان . قال : آجرك الله في ابنك يا أبا سفيان ، فقال : أيّ بنيّ يا أمير المؤمنين ؟ قال : يزيد بن أبي سفيان ، قال : فمن بعثت على عمله ؟ قال : معاوية أخاه ، وقال عمر : إنه لا يحل لنا أن ننزع مُصلحًا .

ترجمہ ا: فرماتے ہیں کہ ہمیں احمد بن محمد بن ولید ازرقی اور ولید بن عطا بن اغر مکی نے بیان کیا اور انہیں عمرو بن یحیٰی بن سعید اموی نے اپنے دادے سے روایت کی کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ حضرت عمر بن خطاب رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس حاضر ہوئے اور عمدہ سبز پوشاک پہنے ہوئے تھے اور صحابہ کرام نے انکی طرف دیکھنا شروع کر دیا۔ جب فاروق اعظم سرکار کی ان پر نظر پڑی تو آپ کوڑا لے کر انہیں مارنا شروع کر دیا اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کہنے لگے اللہ اللہ اے امیر المؤمنین مجھے کس جرم میں سزا دے رہے ہیں تو حضرت فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کچھ جواب نہ دیا اور اپنی جگہ پر بیٹھ گئے تو لوگوں نے عرض کیا اے امیر المؤمنین اس نوجوان کو کس لئے سزا دی ہے حالانکہ یہ قوم کا منفرد شخص

ہے تو آپ نے فرمایا میں نے خیر ہی دیکھی ہے اور مجھے ان کی خیر کی خبر ہی پہنچی ہے۔ لیکن میں نے تھوڑا سا تکبر دیکھا تو چاہا کہ اس کو نیچے کر دوں۔

ترجمہ ۲: فرمایا ہمیں احمد بن محمد بن ولید ازرقی اور ولید بن عطا بن اغر نے بیان کیا ہے اور انہیں عمرو بن یحییٰ بن سعید اموی نے اپنے دادے سے روایت کی کہ ابو سفیان حضرت عمر بن خطاب کے پاس حاضر ہوئے اور انکے بیٹے یزید بن ابو سفیان فوت ہو چکے تھے تو فاروق اعظم سرکار نے ان کی تعزیت کی تو انھوں نے عرض کی کہ ان کی جگہ کسی کو مقرر کرتا ہے تو آپ نے فرمایا اسکے بھائی معاویہ کو کیونکہ ہمارے لئے جائز نہیں کہ ہم کسی مصلح شخص کو دور کریں۔

اسی ملوکیت اجتہادی کی وجہ سے سابقہ کتب میں نبی آخر الزمان علیہ السلام کی شان و پہچان میں فرمایا گیا۔

وملکہ بالشام

ترجمہ: اور ان کی بادشاہت ملک شام میں ہوگی۔

جیسا کہ سنن الدارمی کے شروع میں حضرت کعب الاحبار سے مروی ہے۔

Scanned by CamScanner

الاصابہ کی روایات

وقال ابنُ المُبارك في كتاب «الزهد»: أخبرنا ابن أبي ذئب، عن مسلم بن جندب، عن أسلم مولى عمر، قال: قدم علينا معاوية وهو أبض الناس وأجملهم، فخرج إلى الحج مع عمر بن الخطاب، وكان عمر ينظر إليه فيتعجب منه، ثم يضع أصبعه على جبينه ثم يرفعها عن مثل الشراك، فيقول: بخ بخ! إذاً نحن خيرُ الناس أن جمع لنا خيرُ الدنيا والآخرة. فقال معاوية: يا أمير المؤمنين، سأحدثك؛ إنا بأرض الحمامات والريف. فقال عمر: سأحدثك، ما بك إلطافك نفسك بأطيب الطعام وتصبحك حتى تضرب الشمس متنيك؛ وذوو الحاجات وراء الباب. قال: حتى جئنا ذا طُوى فأخرج معاوية حلة فلبسها؛ فوجد عمر منها ريحاً كأنه ريح طيب؛ فقال: يعمدُ أحدكم فيخرج حاجاً تفلاً حتى إذا جاء أعظم بلدان الله حُرمةً أخرج ثوبيه كأنهما كانا في الطيب فلبسهما. فقال له معاوية: إنما لبستهما لأدخل على عشيرتي يا عمر؛ والله لقد بلغني أذاك ها هنا وبالشام؛ فالله يعلم أني لقد عرفت الحياء في عُمر؛ فنزع معاوية الثوبين؛ ولبس ثوبيه اللذين أحرم فيهما. وهذا سندٌ قوي.

وأخرج ابنُ سَعْد، عن أحمد بن محمد الأزرقي، عن عمرو بن يحيى بن سعيد، عن جده، قال: دخل معاوية على عمر بن الخطاب، وعليه حلةٌ خضراء، فنظر إليه الصحابة، فلما رأى ذلك عمر قام ومعه الدرة، فجعل ضرباً بمعاوية، ومعاوية يقول: الله الله يا أميرَ المؤمنين! فِيمَ! فِيمَ! فلم يكلمه حتى رجع فجلس في مجلسه؛ فقالوا له: لم ضربت الفتى، وما في قومك مثله؟ فقال: ما رأيتُ إلا خيراً، وما بلغني إلا خيرٌ؛ ولكني رأيته ـ وأشار بيده ـ يعني إلى فوق فأردت أن أضعَ منه.

ترجمہ: ابن المبارک اپنی کتاب الزھد میں فرماتے ہیں کہ ھمیں ابن ابی ذئب نے مسلم بن جندب سے روایت کی اور انہوں نے حضرت عمر کے غلام اسلم سے روایت کی کہ حضرت معاویہ ہمارے پاس آئے اور وہ تمام لوگوں سے عمدہ اور اچھی حالت میں اور حضرت عمر کے ساتھ حج کیلئے نکلے تو حضرت عمر انکی طرف دیکھ کر تعجب فرماتے تھے اور اپنی انگلی انکی پیشانی پر رکھتے اور اٹھا لیتے اور فرمانے لگے شاباش شاباش پھر ہم تو لوگوں سے (یعنی انبیاء علیھم السلام اور صدیق اکبر) بہتر ہیں کہ ہمارے لئے دنیا و آخرت جمع کر دی گئی ہیں تو حضرت امیر معاویہ نے عرض کیا اے امیرالمومنین میں آپ سے عرض کرتا ہوں کہ ہم نہانے کے حماموں اور سر

سبز و شاداب علاقہ میں رہتے ہیں تو حضرت عمر نے فرمایا میں تجھے بتاتا ہوں جو تیری اپنے نفس کے ساتھ مہربانیاں ہیں اور صبح کے وقت تیرا سونا ہے جبکہ اھل حاجت لوگ دروزہ کے باہر ہوتے ہیں۔ فرماتے ہیں کہ جب ہم وادیٔ ذاطویٰ میں پہنچے تو حضرت معاویہ نے نئی پوشاک پہنی تو حضرت عمر نے خوشبو محسوس کی اور فرمایا کہ تم حج کیلئے نکلے معمولی حالت میں جب اللہ تعالیٰ کا عظیم شہر آیا تو خوشبو دار کپڑے نکال کر پہن لئے؟ تو حضرت معاویہ نے عرض کی میں نے یہ کپڑے اپنے رشتہ داروں کے ہاں جانے کیلئے پہنے ہیں آپ کی طرف سے مجھے یہاں بھی ایذاء پہنچی ہے اور شام میں بھی پہنچی ہے۔ اللہ تعالیٰ جانتا ہے کہ میں حضرت عمر سے حیا کرتا ہوں تو آپ نے وہ کپڑے اتارے اور احرام والے کپڑے پہن لئے۔ اس روایت کی یہ سند قوی ہے۔ جب یہ ثابت ہو چکا تو یہ بھی سمجھنا چاہیے۔

بلا مشاورت کوئی کام نہ کرتے تھے

کیونکہ آپ اپنے دور خلافت میں اپنے ساتھ دینی اور سیاسی مسائل کو فیصلہ اور طے کرنے کے لیے مجتھدین صحابہ کرام اور تابعین احسان کی جماعت رکھتے تھے جن کی مشاورت کے بغیر کوئی قدم نہیں اٹھاتے تھے اس کے دلائل اور شواھد میں سے ایک دلیل اور شاھد یہ ہے کہ حضرت سیدنا حجر بن عدی رضی اللہ عنہ اور ان کے ساتھیوں کے قتل کا فیصلہ کرنے سے پہلے ایک ایسی عظیم الشان جماعت سلف کے ساتھ مشاورت فرمائی کہ جس جماعت میں حضرت ابو مسلم خولانی رضی اللہ عنہ جن پر مسیلمہ کذاب کی آگ گلزار بن گئی ایسے جلیل القدر تابعی سرفہرست تھے مشاورت کا قصہ صحیح سند کے ساتھ مسائل الامام احمد بروایت ابنہ صالح جلد ۲ صفحہ ۳۲۸ پر درج ذیل لفظوں کے ساتھ موجود ہے۔

Scanned by CamScanner

لما بعث بحجر بن عدی بن الادبر و أصحابه من العراق إلى معاوية بن أبي سفيان ، استشار الناس في قتلهم ، فمنهم المشير و منهم الساكت فدخل معاوية الى منزله فلما صلى الظهر قام في الناس خطيبًا فحمد الله وأثنى عليه ثم جلس على منبره فقام المنادي فنادى أين عمرو بن الاسود العنسي فقام فحمد الله و أثنى عليه ثم قال: ألا إنا بحصن من الله حصين لم نؤمر بتركه ، وقولك يا أمير المؤمنين في أهل العراق ألا وأنت الراعي و نحن الرعية ، ألا و أنت أعلمنا بدائهم وأقدرنا على دوائهم ، و انما علينا أن نقول: {سمعنا و أطعنا غفرانك ربنا وإليك المصير فقال معاوية: أما عمرو بن الاسود فقد تبرأ الينا من دمائهم ، ورمى بهما بين عيني معاوية ، ثم قام المنادي فنادى: أين أبو مسلم الخولاني، فقام فحمد الله وأثنى عليه ثم قال: أما بعد فلا والله ما ابغضناك منذ أحببناك ، ولا عصيناك منذ أطعناك ، ولا فارقناك منذ جامعناك ، ولانكثنا بيعتنا منذ بايعناك ، سيوفنا على عواتقنا ، ان امرتنا أطعناك ، وان دعوتنا أجبناك وان سبقتنا أدركناك ، وان سبقناك نظرناك ، ثم جلس ثم قام المنادي فقال: أين عبدالله بن مخمر الشرعبي ، فقام فحمد الله وأثنى عليه ثم قال: وقولك يا أمير المؤمنين في هذه العصابة من اهل العراق ، ان تعاقبهم فقد أصبت ، وان تعف فقد أحسنت فقام المنادي فنادى أين عبدالله بن أسد القسري ، فقام فحمد الله و أثنى عليه

ثم قال: یا امیر المؤمنین رعیتك وولایتك واهل طاعتك ان تعاقبهم فقد جنوا أنفسهم العقوبة ، وان تعف فان العفو أقرب للتقوى یا أمیر المؤمنین لاتطع فینا من کان غشوما لنفسه ظلوما باللیل نؤوما عن عمل الآخرة یا أمیر المؤمنین ان الدنیا قد انخشعت أوتادها ومالت بها عمادها و أحبها أصحابها ، واقترب منها میعادها .ثم جلس فقلت لشرحبیل : فکیف صنع ؛ قال: قتل بعضا و استحی بعضا، وکان فیمن قتل حجر بن عدی بن الادبر . قال : قدم لتضرب عنقه فقال: لا تطلقوا عنی حدیدا، وادفنونی وما أصاب الثری من دمی، فانی ألتقی أنا و معاویة بالجادة . قال ابو المغیرة : کان ابن عیاش لایکاد یحدث بهذا الحدیث الا بکی بکاء شدیدا

ترجمہ: جب حضرت حجر بن عدی بن ادبر اور ان کے ساتھی عراق سے حضرت امیر معاویہ بن ابی سفیان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجے گئے۔ تو انہوں نے ان کے قتل میں لوگوں سے مشورہ کیا ان میں سے بعض نے مشورہ دیا اور بعض نے خاموشی اختیار کی۔ پس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ گھر تشریف لے گئے جب ظہر کی نماز پڑھائی تو لوگوں میں خطبہ دینے کے لیے کھڑے ہوئے اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر پر بیٹھ گئے تو ایک منادی نے کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ عمر بن اسود عنسی کہاں ہیں پس وہ کھڑے ہوئے انہوں نے اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا سنو بے شک ہم اللہ تبارک وتعالیٰ کے ایسے مضبوط قلعے میں ہیں جس کے چھوڑنے کا حکم ہمیں نہیں دیا گیا اور اے امیر المومنین اہل عراق کے بارے میں آپ نے مشورہ طلب فرمایا تو ہماری گزارش یہ ہے کہ

آپ حاکم ہیں اور ہم رعایا ہیں اور آپ ہم سب سے زیادہ ان کی بیماری کو جانتے ہیں اور آپ ہم میں سے سب سے زیادہ ان کی دوائی پر قادر ہیں اور ہم پر تو لازم ہے کہ ہم کہیں **سمعنا و اطعنا غفر انك ربنا و الیك المصیر** یعنی ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی اے ہمارے پروردگار تجھ سے معافی چاہتے ہیں اور تیری طرف ہی پلٹنا ہے۔ پس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا بہر حال عمر بن اسود ہمارے سامنے ان کے خونوں سے بری ہو گیا ہے اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی آنکھوں کے سامنے ان کو پھینک گیا ہے۔

پھر منادی نے کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ ابو مسلم خولانی کہاں ہیں پس وہ کھڑے ہوئے اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی اور پھر فرمایا حمد وصلوۃ کے بعد اللہ عزوجل کی قسم ہم نے آپ سے بغض نہیں رکھا۔ جب سے آپ سے محبت کی اور نہ ہی آپ کی نافرمانی کی جب سے آپ کی اطاعت کی اور نہ ہی ہم آپ سے جدا ہوئے جب سے آپ کے ساتھ ملے اور نہ ہی آپ کی بیعت توڑی جب سے آپ کی بیعت کی ہماری تلواریں ہمارے کندھوں پر ہیں اگر آپ ہمیں حکم دیں گے تو ہم آپ کی اطاعت کریں گے اور اگر آپ ہمیں دعوت دیں تو ہم دعوت قبول کریں گے اور اگر آپ ہم سے آگے بڑھ گئے تو ہم آپ کو پالیں گے اور ہم آگے بڑھے تو ہم آپ پر نظر رکھیں گے۔

پھر وہ بیٹھ گئے۔ پھر منادی نے نداء کی کہ عبداللہ بن مخمر شرعبی کہاں ہیں۔ پس وہ کھڑے ہوئے اللہ عزوجل کی حمد وثناء کی پھر فرمایا اے امیر المومنین اہل عراق کی اس جماعت کے متعلق آپ فرمان جاری کرنا چاہتے ہیں اگر آپ انہیں سزا دیں تو آپ اس میں مصیب ہیں اور اگر آپ معاف کر دیں تو یقیناً آپ احسان فرمائیں گے پھر منادی نے کھڑے ہو کر ندا کی کہ عبداللہ بن اسد قسری کہاں ہیں پس وہ

کھڑے ہوئے انہوں نے اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا اے امیر المومنین وہ آپ کی رعایا ہیں اور آپ کے زیر تصرف ہیں اور آپ کے زیر اطاعت ہیں اگر آپ انہیں سزا دیں تو یقیناً انہوں نے اپنے آپ کو سزا کا مستحق بنایا اور اگر آپ معاف کریں تو معاف کرنا تقویٰ کے زیادہ قریب ہے اے امیر المومنین آپ ہم میں سے کسی ایسے شخص کی اطاعت نہ کریں جو اپنی ذات کی وجہ سے جھگڑا کرنے والا ہے اور رات کو اپنے آپ پر ظلم کرنے والا ہے اور آخرت کے لیے عمل سے سو جانے والا ہے۔ اے امیر المومنین بے شک دنیا کی میخیں اکھڑ چکی ہیں اور اس کے ستون گرنے کے قریب ہیں (اس کے باوجود) دنیا والے دنیا سے محبت کرتے ہیں حالانکہ ان کا وقت مقرر قریب آچکا پھر وہ بیٹھ گئے (راوی کہتے ہیں) کہ میں نے حضرت شرحبیل سے پوچھا (اس کے بعد) حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کیسے فیصلہ کیا تو انہوں نے فرمایا ان میں سے بعض کو قتل کر دیا اور بعض کو زندہ چھوڑا اور جن کو قتل کیا ان میں حجر بن عدی بن ادبر بھی تھے جب حجر بن عدی آگے اس لئے بڑھے کہ ان کی گردن ماری جائے تو انہوں نے کہا کہ مجھ سے بیڑیاں نہ اتارنا اور اُس مٹی کو دفن کر دینا جہاں میرا خون پہنچے پس بے شک میں اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ محشر کے میدان میں ملیں گے۔ ابو المغیرہ فرماتے ہیں کہ ابن عیاش جب بھی یہ حدیث بیان کرنے لگتے تو بہت زیادہ روتے۔

اس قصہ کی مزید سندیں اور روایتیں دیکھنی ہوں تو تاریخ دمشق ابن عساکر متوفی ۵۷۱ھ میں حضرت حجر بن عدی کے حالات ملاحظہ کرنا چاہیے (ابن خلدون مقدمہ میں اٹھائیسویں فصل کے آخر میں لکھتے ہیں)

فقد تبین أن الخلافة قد وجدت بدون الملك أولا ثم التبست

معانیهما واختلطت ثم انفرد الملك حيث افترقت عصبيته من عصبية الخلافة

ترجمہ: پس بے شک اس سے یہ بات واضح ہو گئی کہ اولاً بادشاہت کے بغیر خلافت پائی گئی پھر خلافت وملوکیت ایک دوسرے کے ساتھ مل جل گئیں پھر ملوکیت الگ ہوئی جس وقت ملوکیت کا تعلق خلافت کے تعلق سے جدا ہوا۔

تاریخ دمشق میں سند حسن کے ساتھ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات میں میمون بن مھران رضی اللہ عنہ سے مروی ہے فرمایا۔

أول من جلس على المنبر معاوية واستأذن الناس في القعود فأذنوا له

ترجمہ: سب سے پہلے منبر پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ بیٹھے اور بیٹھنے میں لوگوں سے اجازت طلب کی تو لوگوں نے اجازت دے دی۔

اسی لیے سیدنا عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما جو جماعت مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے رؤساء میں سے ہیں فرماتے ہیں۔

ما رأيت رجلا كان أخلق للملك من معاوية ان كان الناس ليردون منه على أرجاء واد رحب ٠ ولم يكن بالضيق الحصر العُصْعُص المتغضِّب يعني ابن الزبير

ترجمہ: میں نے کوئی ایسا شخص نہیں دیکھا جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے زیادہ بادشاہت کے لیے موزوں ہو بلاشبہ لوگ آپ کی طرف سے وسیع وادی کے کناروں پر وارد ہوتے (یعنی لوگ اُن سے اپنی ضرورتوں کو بلا دریغ پورا کرتے تھے اور بخیل قلیل البرکت غصیلے نہ تھے۔

(طبقات ابن سعد حضرت امیر معاویہ کے حالات میں اور مصنف عبدالرزاق

Scanned by CamScanner

جلد ۹ صفحہ ۲۵۶ باب ذکر الحسن علیہ السلام دونوں کی سندیں صحیح ہیں)

یہ لفظ طبقات کے ہیں اور مصنف کے لفظوں میں یردون کے بعد یؤادیٰ کا اضافہ ہے اور الحصر العصص کے بعد ہے خیال رہے امام محدث عبدالرزاق کا اس قول مبارک کو باب ذکر الحسن میں ذکر کرنے سے اس بات کی طرف اشارہ کرنا مقصود ہے کہ امام حسن علیہ السلام کا سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خلافت سپرد کرنا خالی خون ریزی اور فساد سے بچنے کے لیے ہی نہیں تھا بلکہ اس کے ساتھ ساتھ ان کے استحقاق خلافت کو بھی ملحوظ رکھا گیا تھا پھر اس قول مبارک میں حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مقابلے میں حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اخلاق کی تحسین وترجیح بھی مخالفین کے لیے تازیانہ ہے۔

اور سعد بن ابی وقاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

ما رأيت أحدا بعد عثمان أقضى بحق من صاحب هذا الباب يعني معاوية

ترجمہ: میں نے عثمان غنی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بعد اس دروازے والے (حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) سے زیادہ حق کے مطابق فیصلہ کرنے والا کسی کو نہیں دیکھا۔

ایک اور اہم حوالہ امام اعمش سلیمان بن مھران کوفی تابعی کے سامنے حضرت عمر بن عبدالعزیز ثانی عمر کے عدل کا ذکر چھڑا۔ آپ نے فرمایا اگر تم معاویہ کو دیکھتے تو کیسا ہوتا کسی نے عرض کی حوصلے میں؟ فرمایا نہیں عدل میں۔ کتاب السنۃ ابوبکر خلال ج ا صفحہ نمبر ۴۳۲ نمبر ۶۶۷ سند مقبول ہے۔

Scanned by CamScanner

(٦٦٧) - أخبرنا محمد بن علي ، قال : ثنا أبو بكر الأثرم ، قال : حدثنا أحمد بن جواس أبو عاصم الحنفي ، قال : ثنا أبو هريرة المكتب حباب قال : كنا عند الأعمش ؛ فذكروا عمر بن عبد العزيز وعدله ، فقال الأعمش : « فكيف لو أدركتم معاوية ؟ قالوا : يا أبا محمد ، يعني : في حلمه ؟ قال : لا والله ، ألا بل في عدله »[٣] .

اور مشہور امام مجاھد فرماتے ہیں

لو رأيتم معاوية لقلتم : هذا المهدي.

ترجمہ: اگر تم حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دیکھتے تو ضرور کہتے کہ یہ مہدی ہیں۔(بحوالہ تاریخ دمشق جلد ٦ اور سیر اعلام النبلاء والبدایہ والنھایہ)

بالا تقریر و تحریر سے جب یہ ثابت ہوگیا کہ سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اپنے دینی اور سیاسی مسائل کو مشاورت کے ساتھ حل کرنے کے عادی تھے تو یہ بھی ثابت ہوا کہ استخلاف یزید میں بھی یقیناً مشاورت سے کام لیا تھا اس لئے استخلاف یزید عنید سے پہلے آپ کا ذھن شریف چند صحابہ کرام واھل بیت عظام رضی اللہ تعالیٰ عنھم میں سے خلیفہ بنانے کا تھا جیسا کہ تاریخ ابی زرعہ دمشقی اور تاریخ دمشق میں سیدنا سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے حالات میں سند صحیح کے ساتھ آیا ہے اور یہ الفاظ تاریخ دمشق کے ہیں۔

عن قبيصة بن جابر ،قال: بعثني زياد الى المعاوية فى حوائج فلما فرغت منها قلت له: يا امير المؤمنين كلما جئت له فقد فرغت منه، وبقيت لى حاجه أصدرها فى مصادرها ،قال: وما هى؟ فقد قلت من لهذه بعدك . فقال: وما أنت منذاك؛ ولم يا أمير المؤمنين فوالله انى لقريب القرابة عظيم الشرف ناصع الجيب واذ الصدر . فسكت ساعة ثم قال: بين أربعة من بنى عبد

مناف: کریمة قریش سعید بن العاص. وفتی (قریش) حیاء و دهاء وسخاء عبد الله بن عامر. و أما الحسن بن علی فرجل سیّد کریم. و أمّا القاریء لکتاب الله الفقیه فی دین الله. الشدید فی حدود الله فمروان بن الحکم. و اما رجل نفسه فعبد الله بن عمر. وأمّا رجل یرد الشریعة مع دوا هی السباع. و یروغ روغان الثعلب فعبد الله بن الزبیر

یعنی قبیصہ بن جابر فرماتے ہیں مجھے حضرت زیاد نے کسی کام پر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجا جب میں اپنے کام سے فارغ ہوا تو عرض کی یا امیر المومنین یہ خلافت آپ کے بعد کس کی ہوگی تو آپ کچھ دیر خاموش رہے پھر فرمایا ان چند شخصوں میں سے کسی کی ہوگی یا تو کریم قریش سعید بن العاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ (صحابی) یا تو قریش کے حیا زیرکی دانائی اور سخاوت میں جواں مرد عبد اللہ بن عامر قریشی رضی اللہ تعالیٰ عنہ (صحابی) یا مرد سید و کریم حسن بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ یا قرآن کا قاری دین کا فقیہ حدود خداوندی میں شدید مروان بن حکم یا مرد فقیہ عبد اللہ بن عمر یا انتہائی بہادر حیلہ گر (دین پر کار بند رہنے میں) عبد اللہ بن زبیر۔

قارئین کرام: اس صحیح روایت سے سیدنا معاویہ امیر المومنین رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے اس ذہن شریف اور مسئلہ خلافت کے متعلق مستقبل میں اس خیال شریف کا علم ہوتا ہے جو انہوں نے ابتداءً بنایا ہوا تھا اور چونکہ مذکورہ حضرات میں سے کوئی بھی ان کی اولاد میں سے نہیں اور نہ ہی تمام کے تمام ان کے عصبی رشتہ دار ہیں بلکہ مختلف قبائل کے عظماء اور اہل حل وعقد میں سے تھے۔ خصوصاً امام حسن رضی اللہ عنہ۔ اس سے ان کی حسن نیت اور تعظیم اہل بیت اور اجتہاد شریعت اور خیر خواہی امت ایسے احوال کریمہ اور صفات عالیہ ظاہر ہو جاتے ہیں اور یہ بھی آپ کے مسئلہ

خلافت میں مجتہد ہونے کے دلائل میں سے ایک روشن اور صحیح دلیل ہے لھذا آپ کا اس خیال شریف سے روگردانی کرنا یقیناً کسی شرعی دلیل پر مبنی ہوگا اور وہ شرعی دلیل اتحاد ملت کو قائم رکھنا اور افتراق سے امت کو دور رکھنا تھا جو امت کی اصلاح اور بقاء کی بنیاد ہے اور اسلام کے وقار اور اشاعت کا مقتضی ہے۔ اتحاد ملت کا فقدان اور افتراق امت کی سب سے بڑی نحوست قرآن کی نص کے مطابق بزدل ہو جانا اور امت کی ہوا تک کا مٹ جانا ہے۔ حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے سامنے استخلاف یزید کے موقع پر اس شرعی دلیل کے موجب ومحرک بننے پر بلکہ دیگر ان کے ہم نوا اور موافقین صحابہ کرام اور اھل بیت عظام رضہ اللہ تعالیٰ عنھم کے انکی ہم نوائی اور موافقت کرنے کا محرک اور موجب بننے پر سب سے بڑا اور صحیح ثبوت درج ذیل قول شریف ہے جو ایک جلیل القدر صحابی سے سند صحیح کے ساتھ طبقات ابن سعد اور تاریخ خلیفہ وغیرہ میں موجود ہے صحابی کا نام شریف اُسَیرُ بن جابر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہے طبقات کے الفاظ درج ذیل ہیں۔

قال: أخبرنا يحيى بن حماد قال: حدثنا أبو عوانة عن داود بن عبد الله عن حميد بن عبد الرحمن قال: دخلنا على أسير رجل من أصحاب رسول الله ﷺ حين استخلف يزيد بن معاوية، قال: تقولون إن يزيد ليس بخير أمة محمد ولا أفقهها فقهًا ولا أعظمها فيها شرفًا وأنا أقول ذلك ولكن والله لأن تجتمع أمة محمد ﷺ أحب الي من أن تفرق، أرأيتكم بابًا لو دخل فيه أمة محمد ﷺ وسعهم أكان يعجز عن رجل واحد لو دخل فيه؟ قال: قلنا: لا، قال: أرأيتكم لو أن أمة محمد ﷺ قال: كل رجل منهم لا أهريق دم أخي ولا آخذ ماله أكان هذا يسعهم؟

قال: قلنا: نعم قال: فذلك ما أقول لكم، ثم قال رسول الله ﷺ: لا يأتيك من الحياء الا خير. قال حميد: فقال صاحبي ان في قصص لقمان أن بعض الحياء ضعف وبعضه وقار لله، قال: ثم خرجنا أنا وصاحبي.

یعنی حمید بن عبد الرحمن فرماتے ہیں ہم صحابہ کرام رضی اللہ تعالیٰ عنھم میں سے ایک صحابی حضرت اسیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گئے جب یزید خلیفہ بنایا گیا تھا تو انھوں نے فرمایا کیا تم یہ بات کہتے ہو کہ یزید امت محمد ﷺ کا افضل واعلیٰ شخص نہیں نہ تو ان سے بڑا فقیہ ہے اور نہ ہی مرتبہ میں ان سے بڑا ہے، ہم نے عرض کی جی ہاں اُس صحابی نے فرمایا میں بھی یہی کہتا ہوں لیکن واللہ مجھے یہ زیادہ پسند ہے کہ امت متفق ہو جائے اور تفرقہ سے بچ جائے بتاؤ اگر پوری امت دروازہ سے گزر جائے تو کیا ایک شخص اس دروازہ سے نہیں گزر سکے گا؟ ہم نے کہا کیوں نہیں تو پھر فرمایا بتاؤ اگر ہر ایک شخص یہی کہے کہ میں اپنے بھائی کا خون نہ بہاؤں گا اس کا مال نہیں لوٹوں گا کیا ان کو ایسا کرنے کی گنجائش ہوگی کہ نہیں ہم نے کہا ہوگی فرمایا میں تمھیں یہی کہتا ہوں حضور ﷺ نے فرمایا ہے حیا تیرے پاس سوائے خیر کے کچھ نہ لائے گا حمید فرماتے ہیں میرے ساتھی نے کہا لقمان کے قصوں میں آتا ہے بعض حیا کمزوری ہے اور بعض حیا اللہ کی طرف سے وقار حمید فرماتے ہیں اس بات پر شیخ کے ہاتھ کانپنے لگ گئے اور فرمایا تم میرے گھر سے چلے جاؤ تم میرے پاس کیوں آئے (یہ ناراضگی حضور کے فرمان کے مقابلے میں حضرت لقمان کی بات کو پیش کرنے پر تھی)

حمید فرماتے ہیں میں ان کو ٹھنڈا کرتا رہا حتی کہ وہ ٹھنڈے ہو گئے حمید فرماتے ہیں پھر ہم وہاں سے نکل آئے خیال رہے ان صحابی پاک کے والد کا نام راقم

الحروف نے طبقات ابن سعد حضرت اویس قرنی کے حالات سے معلوم کیا ہے
ناظرین اس صحیح روایت نے ہم کو جہاں ایک طرف حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی
اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے یزید کو ولی عہد مقرر کرنے کا شرعی عذر اور معقول دینی
اور سیاسی سبب بتلایا ہے تو دوسری طرف یہ دو باتیں بھی ظاہر کر رہی ہے
(۱)۔اس وقت یزید فاسق فاجر نہیں تھا اور نہ ہی اسوقت سبب تنازع اور باعث
اختلاف اس کا فسق وفجور تھا بلکہ اس کا سبب اس کی بنسبت امت میں بہتر اور
افضل لوگوں کے موجود ہوتے ہوئے اس کا ولی عہد اور خلیفہ بننا تھا۔
(۲)۔اتحاد امت کا تحفظ اور افتراق ملت کا دفاع ایسا عظیم موجب ومحرک صرف
اور صرف سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پیش نظر ہی نہیں تھا دیگر صحابہ
اور اہل بیت کرام (حضرت عبد اللہ بن جعفر طیار برادر زادہ مولا علی اور امام
محمد بن حنفیہ جگر گوشہ مولا علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ) کے سامنے بھی موجود تھا اس
سے ان لوگوں کو ہدایت حاصل کرنی چاہیے جو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ
تعالیٰ عنہ سے بغض اور نفرت رکھتے ہیں اور طرح طرح کے بے سرو پا الزام
لگاتے ہیں۔

ولی عہد بنانے پر شرعی دلیل

سیدنا صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ عنہ کو اپنے
آخری ایام میں بغیر صحابہ کے ساتھ مشاورت کرنے کے خلیفہ اور ولی عہد منتخب فرمانا
بطور دلیل کافی ہے اور اس کی معقول وجہ بھی موجود ہے کہ جب ارباب حل وعقد کسی
ایک شخص پر اس کے امام اور امیر المومنین ہونے کے لئے مطمئن اور راضی ہو
جاتے ہیں اور اپنے دین اور دنیا کے لیے اس پر اعتماد کر چکے ہوتے ہیں تو ولی عہد

Scanned by CamScanner

بنانے میں بھی اس کو با اعتماد سمجھنا ان کا حق ہے اور اگر بالفرض بعض حضرات خلیفہ کے اس عمل پر راضی نہیں ہوتے تو اس سے کچھ فرق نہیں پڑتا امام ابونعیم اصفہانی کی کتاب الامامۃ کے صفحہ ۳۲۶ پر یہ مقولہ حکمت مندرج ہے۔

ولو أن امرأ كان أقوم من قدح لو جدت له غامزاً ولن تعدم الحسناء ذامّاً.

یعنی اگر کوئی آدمی تیر سے زیادہ سیدھا ہوتا تو اس پر نکتہ چینی کرنے والا ضرور ہوتا ہے اور حسین چہرہ عیب جو سے محفوظ نہیں ہوتا اسی لیے کہتے ہیں القلیل کالمعدوم اور للاکثر حکم الکل اب سابقہ تمام تقریر سے اصل سوال کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے یزید کے لیئے بیعت جبراً لی گئی تھی یا اختیاراً اس کا جواب معلوم ہو چکا کہ وہ بیعت ولی عہد اور استخلاف ارباب حل وعقد اور اہل مشاورت کی مشاورت سے حاصل کیا گیا تھا محض جبر واکراہ سے نہیں (قوی اشکال) لیکن یہاں ایک قوی اشکال باقی ہے جس کا ازالہ ضروری ہے اور وہ یہ ہے کہ حلیۃ الاولیاء وغیرہ میں سند صحیح کے ساتھ یہ روایت موجود ہے۔

أن معاوية أخبر أن عبدالله بن عمر، وعبد الرحمن بن أبي بكر، و عبدالله بن الزبير، خرجوا من المدينة عائذين بالكعبة من بيعة يزيد بن معاوية. قال: فلما قدم معاوية مكة تلقاه عبد الله بن زبير بالتنعيم فضاحكه معاوية وسأله عن الاحوال ولم يعرض بشيء من الأمر الذي بلغه. ثم لقي عبدالله بن عمر، وعبد الرحمن بن أبي بكر فتفا وضا معه في أمر يزيد. ثم دعا معاوية ابن الزبير فقال له: هذا صنيعك أنت. استزللت هذين الرجلين وسننت هذا الأمر. وانما أنت ثعلب رواغ لا

تخرج من جحر الّا دخلت فی آخر. فقال ابن الزبیر : لیس بی شقاق ولکن أکرہ أن ابایع رجلین أیکما نطیع بعد أن أعطیکما العھود والمواثیق ؛ فإن کنت مللت الامارۃ فبایع لیزید فنحن نبایعہ معک. فقام معاویۃ حین أبوا علیہ فقال: الا ان حدیث الناس ذات عور وقد کان بلغنی عن ھؤلاء الرھط احادیث وجدتھا کذباً وقد سمعوا وأطاعوا ودخلوا فی صلح ما دخلت فیہ الامۃ.

یعنی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بتایا گیا کہ عبداللہ بن عمر اور عبدالرحمن بن ابی بکر اور عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنھم یہ تینوں حضرات بیعت یزید سے فرار کرتے ہوئے کعبہ کے پناہ گزین بننے کے لیئے مدینے سے تشریف لے گئے۔ جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مکہ مکرمہ میں تشریف لائے تو ان کا حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے مقام تنعیم پر استقبال فرمایا اور دونوں حضرات آپس میں گپ شپ لگاتے رہے اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان سے احوال کے متعلق پوچھا اور انکار بیعت کا کوئی مسئلہ نہ چھیڑا پھر حضرت عبداللہ بن عمر اور عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنھم سے ملے تو ان دونوں نے بیعت یزید پر گفتگو فرمائی پھر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو بلایا اور فرمایا کہ یہ سارا تیرا کام ہے تو نے ان دونوں کو پھسلایا ہے اور اس کام کا پیشوا بنا ہے تو ایک حیلہ گر لومڑی ہے جو ایک سوراخ سے نکلتی ہے اور دوسرے میں داخل ہو جاتی ہے اس پر حضرت ابن زبیر نے فرمایا مجھ میں کسی قسم کی مخالفت نہیں لیکن میں دو شخصوں کی بیعت کرنا پسند نہیں کرتا تم دونوں کے ساتھ عہد و میثاق باندھنے کے بعد تم دونوں میں سے کس کی اطاعت

کروں گا بتائیں؟ اگر آپ امارت وخلافت سے بیزار ہو چکے ہیں۔ تو یزید کی بیعت کر لیں ہم بھی آپ کے ساتھ اس کی بیعت کر لیں گے جب ان صاحبوں نے انکار فرمایا تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کھڑے ہوئے اور خطبہ ارشاد فرمایا کہ خبردار لوگوں کی بات پر عیب یعنی غلط ہے ان تین حضرات کی جانب سے مجھے ایسی باتیں پہنچی ہیں جن کو میں نے جھوٹ پایا ہے یہ حضرات سمع وطاعت کر چکے ہیں اور امت جس خیر کی بات میں داخل ہو چکی ہے اس میں یہ بھی شامل ہو چکے ہیں یہ حلیہ کی روایت ہے تاریخ خلیفہ کی روایت اس سے طویل تر اور کئی وضاحتوں پر مشتمل ہے اور سند اس کی اگرچہ ضعیف ہے کہ اس میں نعمان بن راشد راوی صدوق سیئ الحفظ ہے لیکن اس کے ضعف کی وجہ چونکہ کذب وغیرہ نہیں بلکہ ضعف حافظہ ہے اس لیئے وضاحت کے باب میں مقبول ہے۔

حدثنا وهب بن جرير بن حازم قال: حدثني أبي قال: نا النعمان بن راشد عن الزهري عن ذكوان مولى عائشة قال: لما أجمع معاوية أن يبايع لابنه يزيد حج فقدم مكة في نحو من ألف رجل، فلما دنا من المدينة خرج ابن عمر وابن الزبير وعبد الرحمن بن ابي بكر فلما قدم معاوية المدينة صعد المنبر فحمد الله وأثنى عليه، ثم ذكر ابنه يزيد فقال: من أحق بهذا الأمر منه؛ ثم ارتحل فقدم مكة، فقضى طوافه، ودخل منزله. فبعث الى ابن عمر فتشهد وقال: أما بعد يا ابن عمر فانك قد كنت تحدثني أنك لا تحب أن تبيت ليلة سوداء ليس عليك أمير، واني أحذرك أن تشق عصا المسلمين، وأن تسعى في فساد ذات بينهم فلما سكت، تكلم ابن عمر فحمد الله وأثنى عليه ثم قال: أما

بعد فإنه قد كانت قبلك خلفاء لهم أبناء ليس ابنك بخير من أبنائهم. فلم يروا فى أبنائهم ما رأيت أنت فى ابنك ولكنهم اختاروا للمسلمين حيث علموا الخيار. وأنك تحذرنى أن أشق عصا المسلمين. فاذا اجتمعوا على أمرٍ (١٢٩ظ) فإنما أنا رجل منهم. قال: يرحمك الله فخرج ابن عمر و أرسل إلى عبدالرحمن بن أبي بكر فتشهد وأخذ فى الكلام. فقطع عليه كلامه فقال :إنك والله لوددت أنّا وكلناك فى أمر ابنك إلى الله. وانا والله لا نفعل. والله لتردّن هذا الأمر شورى فى المسلمين، أو لنفرنها عليك جذعة ثم وثب فقام. فقال معاوية: اللهم اكفنيه بما شئت ثم قال: على رسلك أيها الرجل لا تشرفن بأهل الشام فإنى أخاف أن يسبقونى بنفسك حتى أخبر العشية أنك قد با يعت ثم كن بعد على ما بدالك من أمرك ثم أرسل الى ابن الزبير فقال: يا بن الزبير انما أنت ثعلب رواغ. كلما خرج من جحر دخل آخر. وإنك عمدت إلى هذين الرجلين. فنفخت فى مناخرهما وحملتهما على غيز اهيا. فتكلم ابن الزبير فقال: إن كنت قد مللت الامارة فاعتزلها وهلم ابنك فلنبايعه. أرأيت إذا بايعنا ابنك معك لأ يكما نسمع. لأ يكما نطيع؟ لا نجمع البيعة لكما والله أبدًا ثم قام. فراح معاوية فصعد المنبر فحمدا لله وأثنى عليه ثم قال: إنا وجدنا أحاديث الناس ذوات عوار. زعموا عن ابن عمر و ابن الزبير و ابن أبي بكر الصديق لم يبايعوا يزيد قد سمعوا وأطاعوا وبايعوا له.

فقال اهل الشام : لا والله لا نرضى حتى يبايعوا على رؤوس الناس، والا ضربنا اعناقهم . فقال : مه سبحان الله ما أسرع الناس إلى قريش بالسوء. لا أسمع هذه المقالة من أحد بعد اليوم ثم نزل فقال الناس: بايع ابن عمر و ابن الزبير و ابن أبي بكر الصديق و يقولون: لا والله ما بايعنا، ويقول الناس: بلى لقد بايعتم، وارتحل معاوية فلحق بالشام . و حدثنا وهب قال: حدثني أبي عن أيوب عن نافع قال: خطب معاوية فذكر ابن عمر فقال: والله ليبايعن أو لأقتلنه، فخرج عبدالله بن عبدالله بن عمر إلى أبيه فأخبره وسار إلى مكة ثلاثا، فلما أخبره بكى ابن عمر . فبلغ الخبر عبدالله بن صفوان فدخل على ابن عمر فقال: أخطب هذا بكذا ؟ قال: نعم، فقال: ما تريد ؟ أتريد قتاله ؟ فقال: يا ابن صفوان الصبر خير من ذلك فقال ابن صفوان: والله لئن أراد ذلك لأقاتلنه . فقدم معاوية مكة، فنزل ذا طوى، فخرج اليه عبدالله بن صفوان فقال: أنت الذى تزعم أنك تقتل ابن عمر ان لم يبايع لابنك ؟ فقال: أنا أقتل ابن عمر ؟ اني والله لا أقتله.

ترجمہ: ہم سے وھب بن جریر بن حازم نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں نعمان بن راشد نے بیان کیا حضرت زھری وہ حضرت اماں عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام ذکوان سے روایت کرتے ہیں۔ انہوں نے فرمایا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے اس بات کا فیصلہ فرمایا کہ ان کے بیٹے یزید کے لیے بیعت لی جائے تو انہوں نے حج کا قصد فرمایا پس وہ ایک ہزار افراد کے ساتھ مکہ مکرمہ تشریف لاتے

پھر جب وہ مدینہ طیبہ کے قریب ہوئے تو عبداللہ بن عمر، عبداللہ بن زبیر، عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں سے رخصت ہو کر مکہ شریف کی طرف چل پڑے پھر جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ شریف پہنچے تو منبر پر جلوہ افروز ہوئے کہ یزید سے زیادہ کون خلافت کا حقدار ہے پھر وہاں سے کوچ فرما کر مکہ مکرمہ تشریف لائے طواف زیارت ادا فرمایا اور اپنے گھر تشریف لے گئے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پیغام بھیجا (جب عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تشریف لے آئے) تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے حمد وثناء کے بعد فرمایا اے عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ آپ مجھ سے یہ بات بیان کیا کرتے تھے کہ آپ پسند نہیں کرتے کہ آپ ایک تاریک رات اس طرح گزاریں کہ آپ پر کوئی امیر نہ ہو اور میں آپ کو مسلمانوں کے اتحاد کو توڑنے اور ان کے مابین فساد کی کوشش کرنے سے ڈراتا ہوں پس جب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ خاموش ہوئے تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کلام شروع فرمایا اور اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا کی پھر فرمایا اما بعد بے شک آپ سے پہلے ایسے خلفاء گذر چکے جن کے ایسے جلیل القدر بیٹے تھے۔ کہ آپ کا بیٹا ان کے بیٹوں سے بہتر نہیں ہے۔ پس انہوں نے اپنے بیٹوں کے متعلق اس چیز کا خیال نہ فرمایا جو آپ نے اپنے بیٹے کے لیے خیال فرمایا سابقہ خلفاء نے مسلمانوں کو اختیار دیا کہ وہ عمدہ لوگوں کو اس کام کے لیے اختیار فرمائیں اور آپ مجھے مسلمانوں کے اتحاد کو توڑنے سے ڈراتے ہیں پس جب وہ کسی معاملہ میں اتحاد فرمالیں گے تو میں بھی ان میں سے ایک فرد ہوں گا۔ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے عبداللہ اللہ تعالیٰ عزوجل تجھ پر رحم فرمائے حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ وہاں سے تشریف لے گئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ

عنہ نے حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پیغام بھیجا (جب وہ تشریف لائے) انہوں نے حمد وثناء کے بعد کلام شروع کیا تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے ان کی بات کاٹی تو حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا کہ اللہ عزوجل کی قسم آپ پسند کرتے ہیں کہ ہم آپ کو آپ کے بیٹے کے معاملے میں اللہ تعالیٰ کے سپرد کرتے ہیں اور بخدا ہم ایسا نہیں کریں گے۔ اللہ عزوجل کی قسم آپ کو یہ معاملہ مسلمانوں کی مجلس شوریٰ کے مابین پیش کرنا ہوگا۔

پھر وہ فوراً اٹھے اور تشریف لے گئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یہ دعا کی اے اللہ عزوجل تو جیسے چاہے اس کے لیے مجھے کافی ہوگا پھر انہوں نے فرمایا اے عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ صبر وتحمل سے کام لو اہل شام کے پاس نہ جانا کیونکہ مجھے خدشہ ہے کہ تمہیں قتل کرنے میں وہ مجھ سے سبقت لے جائیں گے حتیٰ کہ میں عشاء کے وقت لوگوں کو بتاؤں گا کہ تو نے بیعت کرلی ہے پھر اس کے بعد جو مناسب سمجھتا کرتا پھر انہوں نے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف پیغام بھیجا (جب وہ تشریف لے آئے) تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اے عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ تم ایک حیلہ گر لومڑی ہو جب بھی ایک سوراخ سے نکلتے ہو تو دوسرے میں داخل ہو جاتے ہو بے شک تم نے ہی ان میں دونوں کو سہارا دیا (یعنی بیعت کے معاملہ سے پھسلایا)۔ پھر ان دونوں کی ناک میں پھونکا اور ان کو ان کے نظریہ کے غیر پر ابھارا پس حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے کلام شروع فرمایا اور کہا کہ اگر آپ حکومت سے اکتا چکے ہیں تو اس سے الگ ہو جائیں اور اپنے بیٹے کو پیش کریں ہم اس کی بیعت کریں آپ ہمیں بتائیں کہ ہم جب آپ کے ساتھ آپ کے بیٹے کی بیعت کریں گے تو تم دونوں میں سے ہم کسی کی بات سنیں گے اور کس کی اطاعت کریں اللہ عزوجل کی قسم

Scanned by CamScanner

ہم کبھی بھی تم دونوں کے لیے بیعت کو جمع نہیں کریں گے پھر حضرت عبداللہ بن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ اٹھ کر چلے گئے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خوشی کا اظہار فرمایا اور منبر پر جلوہ افروز ہوئے اور اللہ عزوجل کی حمد وثناء بیان کی پھر فرمایا کہ ہم نے لوگوں کی باتوں کو پر عیب یعنی غلط پایا انہوں نے عبداللہ بن عمر عبداللہ بن زبیر اور عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہما کے متعلق یہ گمان کیا کہ انہوں نے یزید کی بیعت نہیں کی حالانکہ ان اصحاب ثلثہ نے بات سن کر اطاعت کی اور یزید کی بیعت کی تو شامیوں نے کہا ہم اسوقت تک راضی نہ ہونگے جب تک وہ لوگوں کے سامنے بیعت نہ کریں ورنہ ہم ان کی گردنیں اڑا دیں گے تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے از راہ تعجب سبحان اللہ فرمایا اور کہا ٹھہرو کس قدر لوگ قریش کو تکلیف دینے میں جلدی کرتے ہوں آج کے بعد میں کسی سے یہ بات نہ سنوں پھر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ منبر سے اتر گئے تو لوگوں نے کہنا شروع کر دیا کہ عبداللہ بن عمر عبداللہ بن زبیر اور عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے بیعت کر لی اور یہ حضرات ثلاثہ کہنے لگے اللہ عزوجل کی قسم ہم نے بیعت نہیں کی اور لوگ کہنے لگے کیوں نہیں یقیناً تم نے بیعت کی اور حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کوچ فرما کر شام تشریف لے گئے۔ اور دوسری روایت میں یوں ہے کہ ہم سے وھب نے بیان کیا وہ فرماتے ہیں مجھ سے میرے والد نے ایوب سے بیان کیا اور انہوں نے حضرت نافع سے بیان کیا وہ فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خطبہ ارشاد فرمایا حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ذکر فرمایا تو فرمانے لگے اللہ عزوجل کی قسم وہ ضرور بیعت کرے گا یا میں اسے قتل کر دوں گا تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بیٹے حضرت عبداللہ اپنے والد کے پاس گئے اور انہیں اس بات کی خبر دی۔

Scanned by CamScanner

پس جب انہوں نے اپنے باپ کو خبر دی تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ رو پڑے اس سارے معاملہ کی خبر عبداللہ بن صفوان کو پہنچی وہ حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے پاس پہنچے اور انہوں نے عرض کی مجھے اس طرح خبر دی گئی ہے آپ نے فرمایا جی ہاں (معاملہ ایسے ہی ہے) انہوں نے عرض کی آپ کا کیا ارادہ ہے کیا آپ ان کے ساتھ جنگ کرنا چاہتے ہیں تو حضرت عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ نے فرمایا اے ابن صفوان جنگ سے صبر کرنا جنگ سے بہت بہتر ہے تو ابن صفوان نے کہا اللہ عزوجل کی قسم اگر حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ جنگ چاہتے ہیں تو میں ان کیساتھ ضرور جنگ کروں گا پس حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ مکہ مکرمہ میں وادی ذی طوی میں پہنچے تو عبداللہ بن صفوان ان کے پاس تشریف لائے اور کہا آپ ہی وہ شخص ہیں جو یہ گمان کرتے ہیں کہ آپ عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کو قتل کر دیں گے اگر وہ آپ کے بیٹے کی بیعت نہ کریں تو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ نے ازراہ تعجب فرمایا کہ میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کو قتل کروں گا؟ اللہ عزوجل کی قسم میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کو قتل نہیں کروں گا۔

بلکہ بیعت یزید کے لئے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ کا حضرت عبداللہ ابن عمر رضی اللہ تعالی عنہ کے قتل کی دھمکی دینا اور حضرت عبداللہ بن صفوان کا ابن عمر کی حمایت کرنا طبقات ابن سعد میں دو صحیح سندوں کے ساتھ آیا ہے۔ عکس ملاحظہ ہو۔

Scanned by CamScanner

تلقّاه الناس وتلقّاه عبدالله بن صفوان فيمن تلقّاه فقال: إيهٍ ما جئتنا به، جئتنا لتقتل عبدالله بن عمر! قال: ومَن يقول هذا ومن يقول هذا ومَن يقول هذا؟ ثلاثاً.

قال: أخبرنا إسماعيل بن إبراهيم عن ابن عون عن نافع قال: لما قدمَ معاوية المدينةَ حلف على منبر رسول الله، ﷺ، ليقتلنّ ابن عمر. قال فجعل أهلنا يقدمون علينا، وجاء عبدالله بن صفوان إلى ابن عمر فدخلا بيتاً وكنتُ على باب البيت، فجعل عبدالله بن صفوان يقول: أفتتركُه حتى يقتلك؟ والله لو لم يكن إلاّ أنا وأهل بيتي لقاتلتُه دونك. قال فقال ابن عمر: أفلا أصْبِرُ في حَرَم الله؟ قال وسمعتُ نَجِيّه تلك الليلةَ مرّتين فلمّا دنا معاوية تلقّاه الناس وتلقّاه عبدالله بن صفوان فقال: إيهٍ ما جئتنا به، جئتَ لتقتلَ عبدالله بن عمر! قال: والله لا أقتله.

ترجمہ: فرمایا ہمیں اسماعیل بن ابراہیم نے ابن عون سے اور انہوں نے نافع سے روایت کیا۔ کہ جب حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ مدینہ تشریف لائے تو منبر پر حلف اٹھایا کہ میں ابن عمر کو قتل کروں گا۔ تو عبداللہ بن صفوان ابن عمر کے پاس آئے اور ایک کمرے میں بیٹھ کر گفتگو کی اور میں دروازے پر تھا۔ تو عبداللہ بن صفوان فرمانے لگے کہ آپ کیوں چپ بیٹھے ہیں وہ آپ کو قتل کرنے کیلئے تیار ہیں۔ اللہ کی قسم اگر کوئی اور نہ ہو تو میں اور میرے اہل آپ کی خاطر لڑیں تو حضرت ابن عمر نے فرمایا۔ کیا میں اللہ کے حرم میں صبر نہ کروں؟ تو جب حضرت معاویہ قریب آئے تو لوگوں نے ان کا استقبال کیا حضرت عبداللہ بن صفوان بھی پہنچ گئے تو آپ نے فرمایا سناؤ ہمارے پاس کیسے آئے کیا ابن عمر کو قتل کرنے آئے؟ تو حضرت معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا اللہ کی قسم میں ان کو قتل نہیں کروں گا۔

ازالۂ اشکال

جہاں تک غلط بیانی کی بات ہے تو اس کا جواب یہ ہے کہ ان حضرات کے جواب اور کلام سے ایک گونہ اقرار سمجھا جاتا ہے۔ حضرت ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا فرمانا مجھے کوئی مخالفت نہیں پھر فرمانا تم خلافت سے دست بردار ہو کر اس کیلئے

Scanned by CamScanner

بیعت لو ہم حاضر ہیں۔ کیا معنی رکھتا ہے اس سے تو صاف پتہ چلتا ہے کہ بیعت یزید پر وہ ذاتی طور پر کوئی اعتراض نہ رکھتے تھے اگر اعتراض تھا بیک وقت دو بیعتوں کو قائم رکھنے کا تھا اور اس کا جواب حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف سے بالکل واضح ہے کہ دونوں بیعتیں مستقل نہیں تھیں جس طرح کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے سیدنا فاروق اعظم رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو ولی عہد مقرر فرمایا تو دو بیعتیں بیک وقت قائم ہونے اور موجود رہنے کا اعتراض اٹھانا غلط تھا کیونکہ مستقل نہیں تھیں اسی طرح یہ تھیں اور جہاں تک جبر و اکراہ کا تعلق ہے تو اس کا جواب اس روایت میں آپ نے دیکھ لیا کہ اہل شام کے لوگوں کی وہ جماعت جو آپ کے ہم رکاب تھی انہوں نے جبر کرنا چاہا لیکن حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے انہیں منع فرمایا یہ کہہ کر کہ قریش کے ساتھ بدی کیا معنی؟ میں آج کے بعد ایسی بات ہرگز نہ سنوں ہاں اتنی بات ضرور ہے کہ چونکہ ان حضرات کی کلام سے صریح انکار نہیں بلکہ ایک نوع کا اقرار سمجھا جاتا ہے لھذا آپ نے ان کی طرف سے بیعت کے اقرار کا اعلان فرمادیا اور دونوں اعتراضوں کے جواب میں مزید یہ بھی کہا جاسکتا ہے کہ مان لیا غلط بیانی کی گئی تھی اور جھوٹ بولا گیا تھا لیکن دیکھنا ہوگا دونوں کا مقتضی و داعی مصلحت تھی یا مفسدت تھی ثانی کا منفی ہونا صحابہ سے یقینی ہے۔ رہی اول یعنی مصلحت تو اُس کا گناہ نا ہونا یقینی ہے (دروغ مصلحت آمیز بہ از راستی) (ترجمہ: مصلحت کا جھوٹ فتنہ انگیز سچ سے بہتر ہے۔) حکم موضوعہ میں سے ہے بلکہ شرائع مستمرہ متواترہ میں سے ہے لیجئے حضرت مولا علی کی بیعت کیلئے جبر و اکراہ ثابت ہے چنانچہ مصنف ابن ابی شیبہ میں صحیح سندوں کے ساتھ آیا ہے کہ حضرت طلحہ و حضرت زبیر نے فرمایا۔ (تلوار کے زور پر ہم سے بیعت لی گئی)

چنانچہ کتاب الامراء رقم ۳۱۲۶۹

ان ربیعة کلمت طلحة فی محمد بن مسلمة فقالت کنا فی نحر العدو حین جاء تنا بیعتك هذا الرجل ثم أنت الآن تقاتله، أو کما قالوا۔ فقال: انی أدخلت الحش ووضع علی عنقی اللج فقیل بایع والا قتلناك قال: فبایعت عرفت أنها بیعة ضلالة۔ قال التیمی: وقال ولید بن عبد الملك: ان منافقا من منافقی اهل العراق۔ جبلة بن حکیم۔ قال الزبیر: فانك قد بایعت فقال الزبیر: ان السیف وضع علی عنقی فقیل لی: بایع والا قتلناك۔ قال: فبایعت

ترجمہ: ربیعہ بی بی نے طلحہ سے محمد بن مسلمہ کے متعلق بات کی اس نے کہا ہم دشمن کے سامنے تھے جس وقت ہمارے پاس تمہارے اس شخص (یعنی مولا علی) کے بیعت کرنے کی خبر پہنچی پھر اب تم اس سے جنگ کرتے ہو پس اس نے کہا مجھے کھجور کے درختوں کے جھنڈ میں داخل کیا گیا اور میری گردن پر تلوار رکھ دی گئی پھر مجھ سے کہا گیا بیعت کرو ورنہ ہم تجھے قتل کر دیںگے تو میں نے اس حال میں بیعت کی میں جانتا تھا کہ یہ بیعت بیعت ضلالہ ہے۔ تیمی کہتے ہیں کہ ولید بن عبد الملک نے کہا کہ اہل عراق کے منافقوں میں سے ایک منافق جبلہ بن حکیم ہے اس نے حضرت زبیر سے کہا بیشک آپ بیعت کر چکے ہیں حضرت زبیر نے فرمایا کہ میری گردن پر تلوار رکھ کر مجھ سے کہا گیا بیعت کرو ورنہ ہم تمہیں قتل دیںگے تو میں نے بیعت کر لی۔

لیکن خیال رہے کہ مولا علی کی بیعت کے لئے یہ جبر و اکراہ آپ کے علم و اطلاع کے بغیر ان لوگوں کی طرف سے تھا جو سبائی نظریات کے حامل تھے اور مولا علی کی جماعت میں قتل سیدنا عثمان غنی کے بعد شامل ہو گئے تھے کیونکہ سیدنا صدیق

اکبر رضی اللہ عنہ کی طرح سیدنا مولا علی رضی اللہ عنہ سے صحیح سندوں کے ساتھ ثابت ہے کہ آپ نے فرمایا۔

لا حاجة لي في امركم انا معكم فمن اخترتم فقد رضيت به

ترجمہ: مجھے تمھارے معاملے میں کوئی حاجت نہیں میں تمہارے ساتھ ہوں جیسے تم پسند کرو میں اس پر راضی ہوں۔

بلکہ صحیح بخاری کے مطابق حضرت اسامہ بن زید جو کہ رجال کشی، مجالس المومنین اور تنقیح المقال کے مطابق شیعان علی علیہ السلام سے ہیں اور محبوب رسول خدا ہیں اور حضور کے اہل بیت میں سے ہیں۔ کیونکہ ان کے والد گرامی زید بن حارثہ حضور کے منہ بولے بیٹے ہیں۔ امام حسین علیہ السلام نے ان کی تجہیز و تکفین فرمائی اور قرضے ادا فرمائے۔ جب انہوں نے مولا علی رضی اللہ تعالی عنہ سے بیت المال کا حصہ مانگا تو انہوں نے کچھ نہ دیا محض اس وجہ سے کہ حضرت اسامہ رضی اللہ تعالی عنہ نے قتل حضرت عثمان رضی اللہ تعالی عنہ کی پریشانی کی وجہ سے بیعت نہ فرمائی اور جمل و صفین میں غیر جانب دار رہے لیکن امام حسن امام حسین اور امام عبداللہ بن جعفر طیار رضی اللہ عنہم نے بیت المال سے ان کو مال کثیر دیا۔

چنانچہ صحیح بخاری کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ **للحسن بن علی ان ابنی ھذا السید** حدیث نمبر ۷۱۱۰

اخبرني محمد بن علي أن حرملة مولى أسامة أخبره قال عمرو: وقد رأيت حرملة قال: أرسلني أسامة الى علي وقال: انه سيسألك الآن فيقول: ما خلف صاحبك؛ فقل له: يقول لك لو كنت في شدق الأسد لأحببت أن أكون معك فيه، لكن هذا أمر لم أره فلم يعطني شيئا فذهبت الى حسن و حسين و ابن

Scanned by CamScanner

جعفر فأوقروا لی راحلتی.

ترجمہ: عمرو بن دینار رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں مجھے محمد بن علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے خبر دی اور انہیں حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے غلام حرملہ نے خبر دی۔ حضرت عمرو رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں میں نے حرملہ کو دیکھا حرملہ نے فرمایا مجھے حضرت اسامہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے (مدینہ سے کوفہ) میں حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس بھیجا اور فرمایا بے شک وہ عنقریب تم سے پوچھیں گے اور کہیں گے تمہارے صاحب کو کس چیز نے پیچھے چھوڑا (یعنی وہ میری مدد کرنے کیوں نہیں آیا) اور تم حضرت علی رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہنا وہ اسامہ کہتے ہیں کہ اگر آپ شیر کے منہ میں ہوتے تو میں آپ کے ساتھ وہاں ہونے کو پسند کرتا لیکن یہ (یعنی مسلمانوں کیساتھ جنگ کرنا) ایک ایسا معاملہ ہے جس کو میں جائز نہیں سمجھتا۔ پس انہوں نے مجھے کوئی چیز نہ دی تو میں حضرت حسن، حضرت حسین اور عبداللہ بن جعفر رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے پاس گیا انہوں نے میرے لیے سواری سامان سے بھر دی۔

تنبیہ: اس صحیح روایت سے چند باتیں ناقابل رد ثابت ہوتی ہیں

(۱)۔ مولا علی کی طرف سے بھی خلافت اور اپنے موقف کی حمایت کے لیئے سخت اور نرم ہر طرح کا رویہ اختیار کیا گیا تھا

(۲)۔ بڑے بڑے اتفاقی محبوبان خدا اور سول جل وعلی وصلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مولا علی کی خلافت اور حمایت سے پیچھے رہے اپنے اجتھاد کی وجہ سے مگر ان کی شان محبوبیت اور علو مرتبت میں کچھ فرق نہیں آیا لھذا اس تخلف اور مخالفت کی وجہ سے ان کی یا دوسروں کی تکفیر و تفسیق کرنے والوں کو اپنی سوء عاقبت کی فکر کرنی چاہیے تنقیح المقال والے کو یہ حقیقت لکھنا پڑی

نعم حب النبی ﷺ له و تأمیره علی الجیش یدلّ علی وثاقته لعدم تعقل تأمیره ﷺ الفاسق علی الجیش و لکن الاشکال فی صدور منافیات من الرجل

یعنی نبی علیہ السلام ﷺ کا ان سے محبت فرمانا اور ان کو لشکر کا امیر بنانا ان کے بااعتماد ہونے پر دلالت کرتا ہے کیونکہ آپ علیہ الصلاۃ والسلام سے یہ بات غیر معقول ہے کہ وہ کسی فاسق کو لشکر کا امیر بنائیں لیکن منافی اعتماد باتوں کا ان سے صادر ہونا بھی بلا اشکال ہے اھل رفض کا ایسے اشکالات سے نکلنا محال ہے

(۳)۔اھل بیت کا دینی دنیاوی مسائل میں اجتھاد فرمانا اور اس اجتھاد میں کبھی خطا واقع ہو جانا بھی ثابت ہوا کیونکہ ظاہر ہے مولا علی کا حضرت اسامہ کو مال نہ دینا اگر اجتھادی صواب ہے تو آپ کے شہزادوں کا دینا یقینا اجتھادی خطا ہے اور اگر یہ اجتھادی صواب ہے تو وہ اجتھادی خطا ہے لھذا اھل بیت کرام کے متعلق عصمت عن الخطا الاجتھادی کا نظریہ رکھنا حماقت اور خلاف اھل بیت ہے۔

اطاعت امیر المومنین کے فریضے کی ادائیگی کے پیش نظر رضا مندی سے یزید کی بیعت کرنے والے صحابۂ کرام اور اھل بیت عظام کے اسمائے گرامی بمع ان کے مختصر حالات سن وفات اور حوالہ جات پیش خدمت ہیں۔

خیال رہے حضور غوث پاک میراں رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے شاگرد و خلیفہ اور اسماء الرجال کے مشہور امام (الکمال فی اسماء الرجال) کے مصنف امام عبد الغنی مقدسی رضی اللہ عنہ کا ایک فتویٰ یزید سے متعلق امام حافظ ابن رجب حنبلی نے

الذیل علی طبقات الحنابلہ امام موصوف کے ترجمہ کے آخر میں نقل فرمایا ہے بعینہ الفاظ درج ذیل ہیں۔

وسئل عن یزید بن معاویة ، فأجاب : خلافته صحیحة قال : و قال بعض العلماء : بایعه ستون من أصحاب رسول الله ﷺ، منهم ابن عمر. وأما محبته : فمن أحبه فلا ینکر علیه، ومن لم یحبه فلا یلزمه ذلك، لأنه لیس من الصحابة الذین صحبوا رسول الله ﷺ، فیلتزم محبتهم اکراما لصحبهم ولیس ثم أمر یمتاز به عن غیره من خلفاء التابعین. کعبد الملك وبنیه. وانما یمنع من التعرض للوقوع فیه، خوفا من السلق الی أبیه، و سدا لباب الفتنه.

ترجمہ: یزید بن معاویہ کے متعلق پوچھا گیا تو انہوں نے جواب دیا اسکی خلافت درست ہے اور فرمایا بعض علماء نے کہا ہے کہ ساٹھ صحابہ نے اس کی بیعت کی ان میں سے ایک عبداللہ بن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی ہیں اور جہاں تک یزید کے ساتھ محبت کا تعلق ہے جو اس سے محبت کرے اس پر انکار نہیں کیا جاسکتا اور جو اس سے محبت نہ کرے اس پر کوئی الزام نہیں کیونکہ وہ ان صحابہ میں سے نہیں جنہیں حضور علیہ السلام کی صحبت میسر ہوئی۔ کہ ان کی محبت کا التزام ضروری ہو ان کی صحبت کے اکرام کے پیش نظر اور یہاں کوئی ایسا معاملہ نہیں ہے جس کی وجہ سے یزید اپنے علاوہ خلفائے تابعین سے ممتاز ہو سکے جیسا کہ عبدالملک اور اس کے بیٹے اور یزید کے متعلق طعن کے درپے ہونا اس خوف سے منع ہے کہ یہ طعن اس کے والد حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف زبان درازی کا سبب نہ بنے اور فتنے کے دروازے کو بند کرنے کے لیے۔

اس فتویٰ میں مجال نظر کے ساتھ جو بات ہمیں پیش کرنا مطلوب ہے وہ ہے

Scanned by CamScanner

امام عبدالغنی مقدسی کے معاصر یا مسابق بعض علماء کا یہ قول کہ ساٹھ صحابہؓ کرام نے یزید کی بیعت کی لیکن ہم بحمداللہ تعالیٰ ۷۵ صحابہ اور اھل بیت عظام مع ضروری تفصیلات پیش کر رہے ہیں۔ لیکن اجمالاً گذارش یہ ہے کہ حضرت معاویہ کی طرف سے یزید کی ولی عھدی کی بیعت لینے کی تاریخ قول صحیح کے مطابق سن ۵۲ ہجری ہے لھذا جو صحابہ اور اھل بیت اس تاریخ میں زندہ اور موجود تھے انہوں نے لامحالہ یزید کی بیعت کی تھی لھذا ان کی فہرست پیش کی جاتی ہے

صحابی کا نام	مختصر حالات	سن وفات	حوالہ
(۱)۔ جابر بن عبداللہ الانصاری	بیعت عقبہ میں حاضر ہوئے تھے	۷۸ھ	البدایہ والنھایہ
(۲)۔ ابوسعید خدری سعد بن مالک بن سنان انصاری خزرجی خندقی	صحیح سند سے ثابت ہے کہ یوم حرہ کی لڑائی میں شریک ہونے کی بجائے غار میں چھپ گئے تھے	۷۴ھ	البدایہ والنھایہ
(۳)۔ ابوایوب انصاری خالد بن زید	قسطنطنیہ یزید کی امارت میں جہاد کرتے ہوئے شہید ہوئے یزید کو تکفین و تدفین کی وصیت فرمائی اور اس نے پوری کی	۵۲ھ	صحیح بخاری ا۔ ابواب التھجد۔ باب صلاۃ النوافل جماعۃ حدیث نمبر ۱۱۸۵
(۴)۔ حضرت اسیر بن جابر	ان کی روایت پیچھے گزر چکی ہے	نامعلوم	طبقات ابن سعد، الاستیعاب، اسد الغابہ، تاریخ خلیفہ
(۵)۔ عبداللہ بن عمرو بن العاص فاتح مصر	حضور ﷺ کی طرف سے ان کو کتابت حدیث کی اجازت ملی تھی	۶۵ھ	

Scanned by CamScanner

(۶)۔نعمان بن بشیر الانصاری	یہ پہلے بچے ہیں جو بعد ہجرت انصار اخیار کے گھر پیدا	سنہ ھ	تاریخ دمشق اور البدایہ والنھایہ وغیرہ
ہوئے حضور ﷺ نے گڑتی دی فرمایا محمود سیرت جئے گا شہید ہو کر مرے گا اور جنت میں جائے گا			
(۷)۔ابو واقد لیثی	حدیث ذات انواط کے راوی ہیں	سنہ ۶۹ھ	البدایہ
(۸)۔معبد بن خالد جہنی		سنہ ۷۲ھ	طبقات ۴ ۵۳۴
(۹)۔عبداللہ بن عامر	حضرت عثمان غنی کے ماموں زاد بھائی ہیں حضور ﷺ	سنہ ۵۸ھ	البدایہ
نے ان کے منہ شریف میں لعاب مبارک ڈالا تو نگلنے لگ گئے فرمایا اللہ لمسقی تو جس زمین کو استعمال کرتے پانی نکل آتا			
(۱۰)۔شداد بن اوس انصاری خزرجی	حسان بن ثابت رضی اللہ عنھم کے بھتیجے تھے	سنہ ۸۵ھ	تاریخ الذھبی جلد ۲ صفحہ ۸۶
(۱۱)۔ابو برزہ اسلمی نضلہ بن عبید	امام عالی مقام کے مبارک سر شریف پر چھڑی مارنے سے ابن زیاد کو انہوں نے روکا تھا۔	سنہ ۶۰ھ	تاریخ الذھبی
(۱۲)۔معقل بن یسار مزنی	صحابی جلیل شریک بیعت رضوان ہوئے درخت	سنہ ۵۹ھ	
رضوان جس کا قرآن میں ذکر ہے اس کی شاخیں حضور علیہ الصلاۃ والسلام سے آپ ہی ہٹاتے تھے			
(۱۳)۔ابو ھریرہ عبد الرحمن بن صخر		سنہ ۶۰ھ	تاریخ الذھبی
(۱۴)۔عقبہ بن عامر جہنی	کاتب و قاری قرآن تھے	سنہ ۵۸ھ	تاریخ الذھبی

Scanned by CamScanner

(۱۵)۔ صفوان بن المعطل	جنگ مریسیع میں حضور ﷺ کے ساتھ شریک	سن ۶۰ھ	بدایہ والنہایہ جلد ۸
ہوئے مسئلہ افک میں یہی متہم کیے گئے تھے اور اللہ تعالیٰ نے ان کی براءت نازل فرمائی			
(۱۶)۔ انس بن مالک انصاری	خادم رسول اللہ ﷺ اور انہوں نے تو حجاج بن یوسف کو بھی مجتہد قرار دیا اگرچہ ثابت نہیں ہو پاے	سن ۹۳ھ	واقعہ مسائل صالح و تاریخ دمشق حالات نفیع بن حارث ابوبکرہ صحابی صفحہ ۲۱۱
(۱۷)۔ قیس بن سعد انصاری	مولا علی کی خاص فوج شرطۃ الخمیس کے امیر تھے دس سال حضور ﷺ کی خدمت کی	سن ۵۹ھ	البدایہ
(۱۸)۔ عبداللہ بن مالک بن القشب			
(۱۹) جابر بن عتیک بن قیس ابو عبداللہ الانصاری السلمی	بدری ہیں فتح مکہ کے دن علم بردار انصار تھے	سن ۶۱ھ	البدایہ والنہایہ جلد ۸ صفحہ ۶۹
(۲۰)۔ حمزہ بن عمرو الاسلمی	فرماتے ہیں ہم ایک اندھیری رات میں حضور ﷺ کے ساتھ تھے تو انگلیاں روشنی	سن ۶۱ھ	تاریخ کبیر امام بخاری میں سند جید کے ساتھ
دینے لگ گئیں جس روشنی میں میں نے ساتھیوں کا سامان جمع کیا۔			
(۲۱)۔ شیبہ بن عثمان بن ابی طلحہ عبدری حجبی صاحب مفتاح الکعبہ	یہ وہی صحابی ہیں جنہوں نے حضور ﷺ کو تلوار مارنا چاہا تو آگ کے شعلہ نے ظاہر	سن ۶۱ھ	بدایہ جلد ۸ صفحہ ۳۰۰۔۲۹۹
ہو کر روکا اور حضور ﷺ نے فرمایا اے شیبہ قریب ہو آپ قریب ہوئے حضور ﷺ نے سینہ شریف پر ہاتھ رکھ کر فرمایا اے اللہ اسکو شیطان سے پناہ دے دے آپ فرماتے ہیں جب ہاتھ			

شریف اٹھایا تو آپ کی ذات شریف مجھے ہر چیز حتی کہ میری شنوائی اور بینائی سے محبوب تر ہو گئے تھے پھر حضور ﷺ آگے بڑھے اور دشمن سے لڑے حضرت فرماتے ہیں میں دشمن کی طرف بڑھا واللہ میرا باپ بھی میرے سامنے آتا میں اس کو بھی قتل کر دیتا امام ابن کثیر نے لکھا ہمارے وقت تک کعبہ کی چابی شیبہ کے پاس ہی ہے۔

(۲۲)۔عبدالمطلب بن ربیعہ بن حارث بن عبدالمطلب بن ھاشم۔	ھاشمی ہیں مدینہ شریف سے دمشق منتقل ہو گئے تھے اور دنیا سے جاتے وقت یزید بن معاویہ پلید کو اپنے مال و	سن ۶۱ھ	

جائیداد وغیرہ کے لیے وصیت کر گئے تھے

(۲۳)۔الولید بن عقبہ بن ابی معیط حضرت عثمان غنی کے مادری بھائی ہیں۔	امام سیدنا مولا علی وسیدنا معاویہ کے دور میں شہر رقہ میں تشریف لے گئے اور ساری [illegible] جانب دار رہے۔		
(۲۴)۔بریدۃ بن الحصیب الاسلمی	سفر ہجرت کے دوران ۸۰ نفر لے کر حاضر خدمت	سن ۶۲ھ	البدایہ

ہوئے اور ایمان لائے آپ علیہ الصلاۃ والسلام نے انھیں عشاء کی نماز پڑھائی اور سورۃ مریم شریف کی ابتدائی آیات انھیں تعلیم فرمائیں۔

(۲۵)۔عمرو بن حزم	ان کو آنحضرت ﷺ نے نجران کا عامل بنایا تھا	سن ۶۲ھ	بدایہ صفحہ ۲۰۶
(۲۶)۔عقبہ بن نافع الفھری	ان کو حضرت معاویہ نے افریقہ کے لشکر کا امیر بنایا تھا	سن ۶۲ھ	البدایہ

وہاں کا مشہور شہر قیروان جنگلی درندوں اور حشرات الارض سے بھرا ہوا تھا حضرت نے دعا مانگی تو سب کے سب اپنے بچوں کو اٹھا کر نکل گئے اور حضرت نے اس شہر قیروان کو بسایا لھذا آپ ہی بانی ہیں۔

Scanned by CamScanner

(۲۷)۔ مسلمہ بن مخلد الانصاری	فتح مصر میں شریک تھے سیدنا معاویہ ویزید پلید کی طرف سے مصر کے امیر لشکر رہے	سنہ ٦٢ھ	البدایہ
(۲۸)۔ نوفل بن معاویہ الدیلی	فتح مکہ وحنین میں شریک ہوئے		
(۲۹)۔ معقل بن سنان الاشجعی		سنہ ٦٣ھ	
(۳۰)۔ مسور بن مخرمہ	صحابی صغیر ہیں	سنہ ٦٣ھ	البدایہ
(۳۱)۔ اسید بن ظہیر انصاری	یہ خندقی صحابی ہیں	سنہ ٦٥ھ	
(۳۲)۔ عبداللہ بن مسعدہ فزاری			
(۳۳)۔ جابر بن سمرہ بن جنادہ	باپ بیٹا دونوں صحابی ہیں	سنہ ٦٩ھ	البدایہ
(۳۴)۔ عاصم بن عمر بن خطاب	حضور ﷺ کے زمانہ شریف میں پیدا ہوئے		
(۳۵)۔ عبدالرحمن بن ابزی خزاعی	مولا علی کی طرف سے خراسان کے والی رہے	سنہ ٧٤ھ	
(۳۶)۔ عبدالرحمن بن حسیلہ مرادی	عبدالملک بن مروان کیساتھ چارپائی پر بیٹھتے تھے علماء صلحاء میں سے تھے	سنہ ٧٤ھ	
(۳۷)۔ عمر بن ابی سلمہ مخزومی مدنی	ربیب النبی علیہ السلام سیدہ ام سلمہ کے پہلے خاوند سے بیٹے ہیں اور حضور ﷺ کی گود شریف میں پلے ہیں	سنہ ٧٤ھ	

Scanned by CamScanner

(۳۸)۔ سفینہ مولا رسول اللہ	حضرت اُم سلمہ کے غلام تھے اور انہوں نے اس شرط پر آزاد فرمایا کہ رسول اکرم ﷺ کی خدمت کریں گے آل رسول سے خصوصی الفت رکھتے تھے۔ یہی وہ ہیں کہ آکھیا شیر سفینہ تائیں سن راہی راہ جاندے۔		تاریخ دمشق
(۳۹)۔ عطیہ بن عروہ سعدی		سنہ ۷۱ھ	
(۴۰)۔ عمرو بن اخطب ابوزید انصاری	ان کو حضور ﷺ نے دعا دی اللھم جمله سو سال کے ہوئے ایک بال سفید نہ ہوا	سنہ ۷۱ھ	
(۴۱)۔ یزید بن الاسود الجرشی	یہ وہی ہیں جن کے وسیلہ سے حضرت معاویہ نے شام میں بارش کی دعا فرمائی	سنہ ۷۱ھ	
(۴۲)۔ براء بن عازب انصاری	باپ بیٹا دونوں صحابی ہیں	سنہ ۷۲ھ	
(۴۳)۔ عبداللہ بن السائب مخزومی	قاریٔ اھل مکہ ہیں	سنہ ۷۲ھ	
(۴۴)۔ عطیہ بن بسر مازنی		سنہ ۷۲ھ	
(۴۵)۔ عبداللہ بن مطیع بن اسود القرشی مدنی	حضور ﷺ نے گڑتی دی اور برکت کی دعا مانگی	سنہ ۷۳ھ	
(۴۶)۔ عوف بن مالک اشجعی	ملک شام میں آپ جلیل القدر صحابہ میں شامل ہیں	سنہ ۷۳ھ	
(۴۷)۔ عبداللہ بن سعد بن خثیم انصاری		سنہ ۷۳ھ	

Scanned by CamScanner

نام	تفصیل	سن وفات	
(۴۸)۔ عبداللہ بن ابی حدرد اسلمی		س ۷۴ھ	
(۴۹)۔ ثابت بن الضحاک انصاری	بیعت رضوان والوں میں سے ہیں	س ۷۴ھ	
(۵۰)۔ ابو جحیفہ وھب بن عبداللہ سوائی		س ۷۴ھ	
(۵۱)۔ سلمہ بن اکوع انصاری	بیعت رضوانی ہیں فرسان و علماء سے تھے مفتئ مدینہ بھی تھے	س ۷۴ھ	
(۵۲)۔ عرباض بن ساریہ سلمی	صحابی جلیل	س ۷۵ھ	
(۵۳)۔ ابو ثعلبہ خشنی جرثوم بن ناشر		س ۷۵ھ	
(۵۴)۔ زھیر بن قیس بلوی		س ۷۶ھ	
(۵۵) عیاض بن غنم اشعری	جنگ یرموک میں شریک ہوئے		
(۵۶)۔ عبداللہ بن جعفر بن ابی طالب	جعفر طیار مولا علی کے بھائی کے بیٹے ہیں جلیل القدر	س ۸۰ھ	

صحابی ہیں بنو ھاشم سے آنحضرت ﷺ کے آخری صحابی ہیں جنہوں نے ھاشمی صحابہ میں آخر میں وفات پائی حضور ﷺ نے ان کی ولادت کے بعد عقیقہ کیا پھر دعا فرمائی **اللھم اخلف جعفرا فی اھلہ وبارک لعبداللہ فی صفقتہ** (ترجمہ: اے اللہ عزوجل حضرت جعفر رضی اللہ عنہ کو ان کے اہل میں نعم البدل عطا فرما اور عبداللہ رضی اللہ عنہ کو ان کے سودے میں برکت عطا فرما۔) انکی امی نے عرض کی انکا کچھ نہیں حضور ﷺ نے فرمایا **عوضا من ابیھم (احمد فی المسند ابو داود و نسائی وحدیث صحیح)** (ترجمہ: ہم ان کے لیے ان کے باپ کی جگہ ہیں۔)

Scanned by CamScanner

(۵۷)۔ طارق بن شہاب بن عبد شمس الحمسی		سنہ ۸۳ھ	
(۵۸)۔ عتبہ بن المنذر السلمی	صحابی جلیل اہل صفہ سے ہیں	سنہ ۸۳ھ	
(۵۹)۔ واثلہ بن الاسقع	اہل صفہ سے ہیں تبوک میں جو صحابہ دمشق میں فوت ہوئے ان میں سے آخری ہیں	سنہ ۸۵ھ	
(۶۰)۔ عبداللہ بن ابی اوفی	کوفی صحابی جلیل ہیں	سنہ ۸۶ھ	
(۶۱)۔ عبداللہ بن الحارث بن جزء زبیدی	یہ مصر میں مدفون صحابہ میں سے آخری ہیں		
(۶۲)۔ عتبہ بن عبد السلمی	اہل صفہ سے ہیں	سنہ ۸۷ھ	
(۶۳)۔ المقدام بن معدی کرب	صحابی جلیل	سنہ ۸۷ھ	
(۶۴)۔ ابوامامہ باھلی صدی بن عجلان		سنہ ۸۷ھ	
(۶۵)۔ قبیصہ بن ذویب مدنی	فتح مکہ کے دن پیدا ہوئے حضور ﷺ کے پاس حاضر کیے گئے آپ نے دعا فرمائی	سنہ ۸۷ھ	
(۶۶) عبداللہ بن بسر بن ابی بسر مازنی	باپ بیٹا دونوں صحابی ہیں	سنہ ۸۸ھ	

Scanned by CamScanner

(۶۷) السائب بن یزید بن سعید بن ثمامہ	سات سال کے تھے ان کے والد گرامی نے ان کو رسول اللہ ﷺ کے ساتھ حج کرایا	سنہ ۹۱ھ	
(۶۸)۔ سہل بن سعد الساعدی	صحابی مدنی جلیل	سنہ ۹۱ھ	
(۶۹)۔ ابوامامہ اسعد بن سہل بن سعد بن حنیف انصاری مدنی		سنہ ۱۰۰ھ	
(۷۰)۔ عبدالرحمن بن خالد بن الولید	واقعہ صفین میں حضرت معاویہ کے ساتھ تھے		
(۷۱)۔ عبداللہ بن حوالہ ازدی	نزیل شام	سنہ ۵۸ھ	تاریخ الذھبی تاریخ ابن عساکر
(۷۲)	علم الانساب میں حضرت صدیق اکبر کے شاگرد ہیں حضور ﷺ کی قرأت سن کر مسلمان ہوئے۔	مشہور سنہ ۵۸ھ یا سنہ ۵۹ھ غیر مشہور سنہ ۶۰ھ	ابن کثیر
(۷۳) بسر بن ابی ارطاۃ	عثمانی تھے		
(۷۴) ضحاک بن قیس فہری	انہوں نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی نماز جنازہ پڑھائی تھی		
(۷۵)۔ سعد بن اطول	ابن زیاد نے یزید کی وفات کے بعد اہل بصرہ سے بچنے کے لیئے ان کو پناہ کا خط لکھا تھا		طبقات ۹۸/۴

Scanned by CamScanner

تنبیہ تتبع اور تلاش سے زیادہ کا بھی امکان ہے

قارئین یہ ان صحابہؓ کرام کے اسمائے گرامی ہیں جنہوں نے سیدنا معاویہ کی طرف سے استخلاف یزید پر کچھ انکار کیے بغیر ان کے ساتھ اتفاق فرمایا کیا یہ معاذ اللہ بے دین تھے دنیا پرست تھے لالچ یا خوف کے بندے تھے؟ لھذا جو لوگ حضرت معاویہ کے دشمن بنتے ہیں ان کو حضرت معاویہ کے ساتھ ان حضرات کا بھی دشمن بنا پڑے گا اسی لیے ہمارے اھل سنت کے سلف صالحین میں سے جلیل القدر تابعی ثقہ حجہ عابد حضرت ابو توبہ حلبی تابعی جن کا نام ربیع بن نافع ہے اور بخاری مسلم کے راویوں میں سے ہیں فرماتے ہیں۔ (معاوية ستر لأصحاب النبي ﷺ. فاذا كشف الرجل الستر اجترأ على ما وراءه)

(تاریخ دمشق جلد ۵۹ صفحہ ۲۰۹)

یعنی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ صحابہ کرام کے لیے پردہ ہیں جب کوئی شخص پردہ ہٹائے گا جو پردے کے پیچھے ہے اس پر دلیر ہو جائے گا اور اسی میں ہے حضرت عبداللہ بن مبارک رضی اللہ تعالیٰ عنہ فرماتے ہیں۔

معاوية عندنا محنة. فمن رأيناه ينظر الى معاوية شزرا. اتهمناه على القوم. اعني على أصحاب محمد ﷺ.

ترجمہ: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ ہمارے نزدیک آزمائش ہیں جو ان کی طرف ٹیڑھی نظر سے دیکھے گا ہم اسے قوم (یعنی دیگر صحابہ کرام علیھم الرضوان) کے متعلق بھی متھم قرار دیں گے

اور اسی میں ہے حضرت امام وکیع بن جراح فرماتے ہیں

معاوية بمنزلة حلقة الباب، من حركه اتهمناه على من فوقه.

ترجمہ: حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ دروازے کی کنڈی کی بمنزلہ ہیں جو اسے حرکت دے گا ہم اسے ان کے اوپر صحابہ کے متعلق بھی متہم قرار دیں گے۔

اسی میں ہے امام احمد بن حنبل نے فرمایا جب ان سے پوچھا گیا کہ ایک شخص حضرت معاویہ اور حضرت عمرو بن العاص کی تنقیص شان کرتا ہے۔

انه لم يجترئ عليهما الا وله خبيئة سوء، ما يبغض أحد أحدا من أصحاب رسول الله ﷺ الا وله داخلة سوء.

ترجمہ: انہوں نے فرمایا حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اور عمرو بن عاص رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے خلاف یہ جرأت نہیں کرے گا مگر وہ شخص جو بری خصلت والا ہو۔ رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابہ میں سے کسی کے ساتھ بغض رکھنے والا نہیں ہوگا مگر وہی شخص جس کے اندر برائی ہے۔

بیعت یزید سے انکار کرنے والے اکابرین کے انکار کے اسباب اور وجوہات

یہی مسئلہ ہمارے اس رسالے کا مقصود اصلی ہے کیونکہ اسی میں مغالطے سے بچنے سے دامن حضرت سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی طرف اڑایا جانے والا غبار ہرگز پہنچنے نہیں پائے گا۔ جیسا کہ پہلے گزر چکا ہے کہ منکرین بیعت چار مقدس شخصیات تھیں۔

(۱)۔ امام عالی مقام علیہ السلام

(۲)۔ امام حضرت عبد الرحمن بن ابی بکر الصدیق رضی اللہ عنہ

(۳)۔ امام حضرت عبد اللہ بن عمر رضی اللہ عنہ

(۴)۔ امام حضرت عبداللہ بن الزبیر رضی اللہ عنہ

ان حضرات کا انکار بیعت تاریخ کا اتفاقی مسئلہ ہے ایک مقدس شخصیت سیدنا امام عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کا بیعت سے انکار کرنا اختلافی ہے بعض نے ذکر کیا ہے اور بعض نے ذکر نہیں کیا بلاذری نے انساب الاشراف جلد ۵ صفحہ ۳۰۲ أمر یزید بن معاویہ کے عنوان کے تحت یہ روایت اس سند کے ساتھ ذکر کی

المدائنی عن عبدالرحمن بن معاویہ قال: قال عامر بن مسعود الجمحی: انا بمکۃ اذ مرّ بنا برید ینعی معاویہ. فنهضنا الی ابن عباس وهو بمکۃ و عنده جماعۃ وقد وضعت المائدۃ ولم یؤت بالطعام فقلنا له: یا ابا العباس، جاء البرید بموت معاویہ فوجم طویلا ثم قال: اللهم أوسع لمعاویۃ. أما واللہ ما کان مثل من قبله ولا یأتی بعده مثله. وان ابنه یزید لمن صالحی أهله فالزموا مجالسکم و أعطوا طاعتکم و بیعتکم. هات طعامك یا غلام. قال: فبینا نحن کذلك اذ جاء رسول خالد بن العاص وهو علی مکۃ یدعوه للبیعۃ فقال: قل له اقض حاجتك فیما بینك وبین من حضرك فاذا أمسینا جئتك. فرجع الرسول فقال لا بد من حضورك فمضی فبایع.

اگرچہ اس روایت کی سند میں کلام ہے مگر کذب اور موضوع ہونے سے بعید ہے اور اس کا معارض بھی کوئی موجود نہیں اس کا خلاصہ یہ ہے عامر بن مسعود جمحی کہتے ہیں جس وقت حضرت معاویہ کی وفات کی خبر آئی ہم اس وقت مکہ میں تھے ابن عباس کے پاس گئے ان کے پاس کچھ لوگ موجود تھے دستر خوان بچھا ہوا تھا ابھی کھانا نہیں آیا تھا ہم نے عرض کی حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ فوت ہو چکے ہیں تو کچھ دیر غم کے ساتھ خاموش ہو گئے پھر فرمایا اے اللہ حضرت امیر معاویہ رضی

Scanned by CamScanner

اللہ تعالیٰ عنہ کے لیئے وسعت پیدا فرما خبر دار معاویہ پہلوں جیسے نہیں تھے اور پچھلے ان جیسے نہیں ہونگے اور ان کا بیٹا یزید ان کے صالحین اھل میں سے ہے لھذا اپنی جگہوں پر رہنا اور اس کی اطاعت اور بیعت کرنا پھر غلام سے فرمایا کھانا لاؤ اتنے میں خالد بن عاص حاکم مکہ کا ایلچی آیا یزید کی بیعت کی طرف بلانے کے لیئے آپ نے اسے فرمایا خالد سے کہو حاضرین سے بیعت لے لے شام کو میں آجاؤں گا ایلچی چلا گیا یہ کہہ کر کہ آپ کا آنا ضروری ہے آپ تشریف لے گئے اور بیعت کر لی۔ اس روایت سے یہی ظاہر ہوتا ہے کہ حضرت ابن عباس نے یزید کو صالح سمجھا اور بلا نکیر اس کی بیعت کی لیکن البدایہ والنھایہ میں بغیر سند کے حضرت ابن عباس کو منکرین بیعت میں شمار کیا تو ممکن ہے کہ آپ نے ابتداً ان وجوہات کے پیش نظر انکار فرمایا ہو جو آگے مذکور ہونگی بہرحال ان کے انکار بیعت کا سبب یزید کا فسق و فجور ہو ایسی کوئی بات نہیں

انکار بیعت کے اسباب کا خلاصہ

(۱)۔ افضل کے ہوتے ہوئے مفضول کی امامت اور خلافت کا بلا ضرورت بعض کے نزدیک جائز نہ ہونا اور خلاف سنت موروثہ ہونا اسی لئے اھل سنت کے نزدیک جو ترتیب خلافت ہے وہی ترتیب فضیلت ہے۔

(۲)۔ اپنی اولاد میں خلافت منتقل کرنا طریقہ خلفاء نہیں تھا۔

(۳)۔ نو عمر نا تجربہ کار لڑکے کا حاکم بننا۔

(۴)۔ بیک وقت دو شخصوں کی بیعت کرنا۔

(۵)۔ اپنے اجتھاد کے مطابق استحقاق خلافت سیدنا معاویہ کا ہی سرے سے قائل نہ ہونا بوجہ مولا علی کی اجتھادی مخالفت کرنے کے مثلاً۔

Scanned by CamScanner

امام عالی مقام علیہ السلام کے انکار کا سبب

اس سے پہلے یہاں یہ گذارش کرنا ضروری ہے کہ بعض مورخین کے مطابق جن میں سرفہرست جو قابل ذکر ہیں وہ ابن عساکر صاحب تاریخ دمشق ہیں امام عالی مقام اس لشکر کے مجاحدین میں شامل تھے جس لشکر کا امیر یزید کو بنایا گیا تھا چنانچہ تاریخ مذکور جلد ۱۴ صفحہ نمبر ۱۱۱ پر موجود ہے

و توجه غازیا الی القسطنطینیة فی الجیش الذی کان امیره یزید بن معاویة

ترجمہ: اور آپ جہاد کرتے ہوئے قسطنطنیہ کی طرف متوجہ ہوئے اس لشکر میں جس کا امیر یزید بن معاویہ تھا۔

البدایه والنهایه میں قصة الحسین بن علی وسبب خروجه من مكة کے عنوان کے تحت ہے

وقد كان فی الجیش الذی غزوا القسطنطینیة مع یزید بن معاویة فی سنة احدی و خمسین

ترجمہ: اور حضرت امام حسین رضی اللہ عنہ اس لشکر میں تھے جنہوں نے قسطنطنیہ کے خلاف جہاد کیا یزید بن معاویہ کے ساتھ اکاون 51 ہجری میں۔

ایک شبہ کا ازالہ

شبہ یہ ہے: مدینہ قیصر کی جنگ کی امارت اور سپہ سالاری یزید کو حاصل نہیں ہوئی بلکہ حضرت عبد الرحمن بن خالد بن ولید یا حضرت فضالہ بن عبید صحابی رسول یا سفیان بن عوف ازدی یا مالک بن ھبیرہ کو حاصل ہوئی ہے اور سیدنا ابو ایوب زید بن عامر انصاری عبد اللہ بن عباس عبد اللہ بن عمر عبد اللہ بن زبیر امام حسین سلام اللہ

Scanned by CamScanner

تعالیٰ علیھم جیسے اکابرین یزید کی امارت میں شریک جنگ نہیں ہوئے جیسا کہ تاریخ طبری میں ہے کہ وہ شریک ہوئے بلکہ انہی حضرات میں سے کسی کے عہد امارت میں تشریف لے گئے ہیں حضرت عبدالرحمن یا سیدنا فضالہ بن عبید کا ذکر شریف صحیح حدیث میں آیا ہے چنانچہ ابوداؤد شریف کتاب الجہاد باب فی قولہ عزوجل ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ میں سند صحیح کے ساتھ حضرت اسلم ابوعمران سے روایت ہے

غزونا من المدینۃ نرید القسطنطینیۃ وعلی الجماعۃ عبدالرحمن بن خالد بن الولید والروم ملصقو ظھورھم بحائط المدینۃ فحمل رجل علی العدو فقال الناس مہ مہ لا الہ الا اللہ یلقی بیدیہ الی التھلکۃ فقال ابو ایوب: انما انزلت ھذہ الآیۃ فینا معشر الانصار لما نصر اللہ نبیہ ﷺ واظھر الاسلام قلنا ھلم نقیم فی اموالنا و نصلحھا فانزل اللہ عزوجل و انفقوا فی سبیل اللہ ولا تلقوا بایدیکم الی التھلکۃ فالالقاء بایدینا الی التھلکۃ ان نقیم فی اموالنا و نصلحھا و ندع الجھاد قال ابو عمران فلم یزل ابو ایوب یجاھد فی سبیل اللہ عزوجل حتی دفن بالقسطنطینیۃ

ترجمہ: اسلم ابوعمران فرماتے ہیں مدینہ شریف سے ہم لوگ چلے قسطنطنیہ کی جنگ کے ارادے کے ساتھ اور امیر جماعت عبدالرحمن بن خالد بن ولید تھے رومی لوگ اپنے شہر کی دیوار کے ساتھ اپنی پیٹھیں جوڑے ہوئے تھے ہم میں سے ایک شخص نے دشمن پر حملہ کر دیا تو ہمارے لوگوں نے کہا بس بس لا الہ الا اللہ اپنے ہاتھوں خود کو ھلاکت میں ڈال رہا ہے تو ابو ایوب نے فرمایا یہ آیت تو ہم انصاریوں کے متعلق ہی نازل ہوئی جب اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی ﷺ کی مدد فرمائی اور اسلام کو

Scanned by CamScanner

غالب فرمایا تو ہم نے کہا آؤ ہم اپنے مال جائیداد میں رہیں اور اس کی اصلاح کریں تو اللہ تعالیٰ نے یہ حکم اتارا اور اللہ کے راستے میں خرچ کرو اور خود کو اپنے ہاتھوں ہلاکت میں مت ڈالو تو ہلاکت میں ڈالنے کا معنی یہ ہے کہ ہم مال اور جائیداد کے پیچھے پڑے رہیں اور جہاد چھوڑ دیں ابو عمران فرماتے ہیں پھر ابو ایوب ہمیشہ قسطنطنیہ کا جہاد فرماتے رہے یہاں تک کے قسطنطنیہ میں دفن ہوئے اور ترمذی شریف کتاب التفسیر باب تفسیر آیت مذکورہ کے تحت سند صحیح کے ساتھ یہی روایت اسطرح ہے

عن اسلم ابی عمران التجیبی قال کنا بمدینة الروم فاخرجوا الینا صفا عظیما من الروم فخرج الیهم من المسلمین مثلهم او اکثر وعلی اهل مصر عقبة بن عامر و علی الجماعة فضالة بن عبید الی آخر الحدیث بتغیر یسیر

یعنی اسلم ابو عمران تجیبی فرماتے ہیں ہم مدینہ روم میں تھے تو رومیوں نے بہت بڑی قطار ہمارے ساتھ لڑنے کے لیئے نکالی تو انکی طرف مسلمانوں کے لشکر سے اتنے ہی یا ان سے زیادہ مجاہدین لڑنے کے لیئے آگے ہوئے اور اھل مصر دستہ کے امیر عقبہ بن عامر تھے اور امیر جماعت فضالہ بن عبید تھے اور تفسیر طبری میں اس قصہ کی دو روایتیں آئی ہیں پہلی میں

وعلی اهل مصر عقبة بن عامر وعلی الجماعة عبدالرحمن بن خالد بن الولید

اور دوسری روایت میں ہے

وعلی اهل مصر عقبة بن عامر الجهنی صاحب رسول الله ﷺ وعلی اهل الشام فضالة بن عبید صاحب رسول الله ﷺ

Scanned by CamScanner

یعنی پہلی روایت میں ہے اہل مصر کے امیر عقبہ بن عامر تھے اور امیر جماعت عبدالرحمن اور دوسری روایت میں ہے اہل مصر کے امیر عقبہ بن عامر صحابیٔ رسول تھے اور اہل شام کے امیر فضالہ بن عبید صحابیٔ رسول تھے اور ان دونوں روایتوں کی سندیں بھی بالکل صحیح ہیں طبری کی ان دو روایتوں سے ابی داؤد و ترمذی کی دو روایتوں کا تعارض دور ہو جاتا ہے کیونکہ ان سے صاف پتہ چلتا ہے کہ اہل مصر کے دستۂ مجاہدین پر امیر حضرت عقبہ بن عامر جہنی صحابی تھے اور اہل شام کے مبارک دستہ پر امیر حضرت فضالہ بن عبید صحابی تھے اور سب کے سپہ سالار اور امیر جماعت حضرت عبدالرحمن بن خالد تھے ان تمام روایات حدیثیہ سے دو امر بالکل واضح ہوتے ہیں۔

(۱)۔ یزید کا امیر جیش نہ ہونا۔

(۲)۔ ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا ان اکابرین کے لشکر میں شامل ہو کر جانا۔

مذکورہ شبہ کا ازالہ

کتب تاریخ کی اتفاقی تصریحات اور صاف صحیح روایات اور کتب حدیث کے اشارات اس امر میں قطعاً موجود ہیں کہ مدینہ قیصر قسطنطنیہ پر مسلمانوں کی طرف سے متعدد جنگی حملے کئے گئے تھے چنانچہ تاریخ ابی زرعہ دمشقی ھم عصر امام بخاری رحمہ اللہ تعالیٰ میں صحیح سند کے ساتھ آیا ہے کہ فقط حضرت سیدنا امیر المؤمنین معاویہ علیہ السلام کے دور خلافت میں سولہ حملے کئے گئے تھے۔

قال سعید بن عبد العزیز فاغزا معاویة الصوائف و شتاهم بارض الروم ست عشرة صائفة تصیف بها و تشتو ثم تقفل و تدخل معقبها

ترجمہ: سعید بن عبد العزیز فرماتے ہیں کہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالی عنہ نے سردیوں اور گرمیوں میں سرزمین روم پر سولہ حملے کرائے ایک جماعت گرمیوں میں ان پر حملہ آور ہوتی اور ایک سردیوں میں پھر وہ لڑنے والی جماعت کو واپس بلاتے اور ان کے پیچھے دوسری جماعت کو بھیج دیتے۔

تاریخ طبری کے مطابق سب سے پہلا حملہ حضرت عبد الرحمن بن خالد بن ولید کی امارت میں ۴۲ھ میں ہوا اور اس حملے میں حضرت ابو ایوب انصاری کی شرکت کا ذکر ابو داؤد، ترمذی، طبری تفسیر کی صحیح روایات کے حوالے سے گذر چکا ہے اور آپ کا یزید کی امارت میں قسطنطنیہ کی جنگ لڑتے ہوئے شہید ہو جانا کتب تاریخ واسماء الرجال کا تو اتفاقی مسئلہ ہے ہی عجیب اور حیرت انگیز بات تو یہ ہے کہ صحیح بخاری شریف میں بھی اس کا صریح ذکر موجود ھے چنانچہ کتاب التہجد کے آخری باب سے پہلے باب کی حدیث نمبر دو میں یہ لفظ موجود ہیں۔

قال محمود بن ربیع فحدثتها قوماً فيهم ابو ایوب صاحب رسول الله ﷺ فی غزوته التی توفی فیها ویزید بن معاویة علیهم بارض الروم

ترجمہ: محمود بن ربیع فرماتے ہیں کہ میں نے یہ بات اس قوم کے سامنے بیان کی جن میں ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالی عنہ حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے صحابی موجود تھے اس غزوہ میں جس میں آپ کا وصال ہوا۔ جبکہ یزید بن معاویہ ان کا امیر تھا سرزمین روم میں۔

اور اسی طرح شرح اعتقاد اھل السنة والجماعة امام لالکائی متوفی ۴۱۸ھ حدیث نمبر ۱۹۷۲۔ نمبر ۱۹۷۳ اور البیان والتحصیل ج ۱۰ صفحہ ۱۳۷ امام ابن رشد الجد مالکی متوفی ۵۲۰ھ میں امام مالک علیہ الرحمۃ سے منقول ھے۔ مزید

Scanned by CamScanner

تفصیل قصہ کے ساتھ اسی طرح الحجہ فی بیان الحجہ وشرح عقیدۃ اھل السنۃ مصنفہ معاصر غوث اعظم امام حافظ قوام السنۃ اسماعیل الاصبہانی متوفی ۵۳۵ھ جزو دوم صفحہ ۳۹۲ پر ہے

قال وأخبرنا هبة الله قال: أخبرنا محمد بن الحسين الفارسي أخبرنا احمد بن سعيد حدثنا أحمد حدثنا محمد بن يحيى حدثنا عبدالرزاق أخبرنا معمر عن الزهري عن محمود بن الربيع ان ابا ايوب رضي الله عنه كان يغزو مع يزيد بن معاوية

ترجمہ: محمود بن ربیع فرماتے ہیں کہ حضرت ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید بن معاویہ کے ساتھ ملکر جہاد کرتے رہے ہیں۔

بلکہ خود مصنف عبدالرزاق جلد ۴ حدیث نمبر ۱۰۳۳۶ پر یہی روایت ان لفظوں کے ساتھ موجود ہے۔

ان ابا ايوب الانصاري غزا مع يزيد بن معاوية
الغزوة التي مات فيها

ترجمہ: بے شک ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید بن معاویہ کے ساتھ ملکر وہ جنگ لڑی جس میں آپ کا وصال ہوا

بلکہ اسی عبدالرزاق میں حدیث نمبر ۱۰۳۳۷ شرط شیخین کی سند کے ساتھ حضرت ابوایوب انصاری کا یزید کو اپنے متعلق وصیت فرمانا بھی آیا ہے

كان ابو ايوب الانصاري يغزو مع يزيد بن معاوية فمرض وهو معه فدخل عليه يزيد يعوده فقال له: حاجتك؟ قال: اذا انا مت فسر بي في ارض العدو ما استطعت ثم ادفني، قال فلما مات سار به حتى أوغل في ارض الرومي يوما او بعض يوم ثم نزل فدفنه

ترجمہ: ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید بن معاویہ کے ساتھ ملکر جہاد کرتے رہے پھر آپ بیمار ہو گئے دراں حالیکہ آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ یزید کے ساتھ تھے تو یزید بن معاویہ ان کے پاس عیادت کرنے کے لیے آیا تو اس نے حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا کہ کیا آپ کی کوئی حاجت ہے؟ تو آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا جب میرا وصال ہو جائے تو تم مجھے دشمن کی سرزمین میں لیکر جانا جہاں تک ممکن ہو پھر مجھے دفن کر دینا راوی فرماتے ہیں کہ جب حضرت ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا وصال ہوا تو یزید ان کو لیکر چلا حتیٰ کہ روم کی سرزمین میں داخل ہو گیا۔ ایک دن یا ایک دن کے کچھ حصے کی مسافت پر پھر وہاں اتر کر آپ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو دفن کیا۔

بلکہ طبقات ابن سعد ابو ایوب انصاری کے حالات میں اس کے متعلق دو روایتیں آئی ہیں جن میں سے پہلی روایت کی سند علی شرط الشیخین ہے

دونوں روایتوں کا عکس ملاحظہ ہو

أخبرنا إسماعيل بن إبراهيم الأسديّ عن أيّوب عن محمد قال: شهد أبو أيّوب بدراً ثمّ لم يتخلّف عن غزاة للمسلمين إلا هو في أخرى إلا عاماً واحداً فإنّه استعمل على الجيش رجلٌ شابٌ فقعد ذلك العام، فجعل بعد ذلك العام يتلهّف ويقول: ما عليّ من استُعمل عليّ، وما عليّ من استُعمل عليّ، وما عليّ من استُعمل عليّ، قال فمرض وعلى الجيش يزيد بن معاوية فأتاه يعوده فقال: حاجتك، قال: نعم حاجتي إذا أنا متّ فاركبْ بي ثمّ سُغْ بي في أرض العدوّ ما وجدت مَساغاً، فإذا لم تجد مساغاً فادفنّي ثمّ ارجعْ. فلمّا مات ركب به ثمّ سار به في أرض العدوّ وما وجد مساغاً ثم دفنه ثمّ رجع. قال وكان أبو أيّوب، رحمة الله عليه، يقول: قال الله تعالى ﴿انفروا خفافاً وثقالاً﴾ [التوبة: ٤١]، لا أجدني إلا خفيفاً وثقيلاً.

ترجمہ: یعنی محمد بن سیرین فرماتے ہیں ابو ایوب جنگ بدر میں حاضر ہوئے پھر کسی جنگ سے پیچھے نہیں رہے مگر ایک سال پیچھے رہے اور اس کی وجہ یہ تھی کہ اس دنے

کے امیر ایک نوجوان شخص تھے پھر اس سال کے بعد افسوس فرماتے اور یہ کہتے کے نوجوان ہو مجھے نقصان نہیں تین بار فرمایا پھر ایک غزوے میں بیمار ہوئے اس کے لشکر کا امیر یزید تھا یزید حضرت کی تیمارداری کے لئے آیا اور کہا جناب کی کوئی حاجت ہو تو بتائیں آپ نے فرمایا جب میں مروں مجھے سواری پر لے جانا پھر جہاں تک دشمن کے علاقے میں آگے جانے کا امکان ہو وہاں لے جانا اور دفن کر دینا چنانچہ یزید نے ایسا ہی کیا الی آخرہ

أخبرنا عمرو بن عاصم قال: أخبرنا همّام عن عاصم بن بَهْدَلَة عن رجل من أهل مكّة أن أبا أيوب قال ليزيد بن معاوية حين دخل عليه: أقرئ الناسَ منّي السلامَ ولينطلقوا بي فليبعدوا ما استطاعوا. قال فحدّث يزيد الناس بما قال أبو أيوب فاستسلم الناس فانطلقوا بجنازته ما استطاعوا.

ترجمہ: یعنی ایک مکی شخص بیان کرتے ہیں کہ ابوایوب انصاری نے یزید بن معاویہ سے فرمایا لوگوں سے میرا اسلام کہنا اور کہنا کہ مجھے جتنا دور لیجا سکتے ہو لیجائیں پھر یزید نے یہ حکم سنایا تو لوگوں نے اس کو تسلیم کیا اور جنازہ شریف جہاں تک لیجا سکتے تھے لے گئے

اب جب سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ کا امارت یزید میں ہونا پھر اس کو بوقت وفات چند وصیتیں فرمانا ایک ناقابل انکار حقیقت ہے تو اسکا انکار کرنے کی بجائے روایات میں تطبیق اور موافقت ثابت کرنا علمی فریضہ ہے اور بحمہ اللہ تعالیٰ ناچیز غفرلہ نے یہ فریضہ اس طرح ادا کیا ہے کہ سیدنا ابوایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ رسول اکرم ﷺ کے فرمان عالی شان کو سن کر حملہ آوروں کے پہلے دستے میں تشریف لے گئے اور اس دستہ کی امارت جیسا کہ پہلے تحقیق بما لا مزید کے ساتھ گذر چکا ہے سیدنا عبدالرحمن بن خالد کے ہاتھ میں تھی پھر کیونکہ حضرت معاویہ نے اپنے دور خلافت میں گرمیوں سردیوں میں وہاں ایک دستے کا موجود رہنا

ضروری کیا ہوا تھا اور حضرت سیدنا ابو ایوب انصاری رضی اللہ تعالیٰ عنہ جنگ قسطنطنیہ کی بہت زیادہ فضیلت کا اعتقاد رکھنے کی وجہ سے اسی جنگ میں شہادت کی پوری تمنا رکھتے تھے لھذا آپ نے پہلے دستے میں شریک ہو کر تشریف لے جانے کے بعد واپس ہونے کی نہیں سوچی بلکہ وہیں قیام پذیر ہو گئے اور ہر دستے کی معیت میں شریک قتال وجہاد رہے یہ سلسلہ کئی سالوں تک چلتا رہا حتی کہ جب وقت شہادت قریب آیا اور یزید امیر بن کر وھاں پہنچ چکا تھا اور تاریخ طبری کے بیان کے مطابق جیسے گذرا سیدنا عبداللہ بن عمر سیدنا عبداللہ بن عباس سیدنا عبداللہ بن زبیر اور تاریخ دمشق اور البدایہ والنھایہ کے مطابق امام عالی مقام رضی اللہ عنہ بھی اس کے ہم رکاب تھے تو آپ نے اس کو وصیت فرمائی جس کو اس نے ذوق وشوق کے ساتھ پورا کیا اور بوجہ امیر ہونے کے آپ کی نماز جنازہ بھی پڑھائی اور ہمارے دعوی پر

دلیل نمبر ا: یہ ہے کہ استمرار جہاد قسطنطنیہ حدیث اور تاریخ کا نا قابل تردید مسئلہ ہے چنانچہ ابوداؤد اور ترمذی کی دونوں حدیثوں میں یہ صاف لفظوں میں دیکھ چکے ہیں کے حضرت ابو ایوب انصاری حضرت عبدالرحمن بن خالد بن ولید رضی اللہ تعالیٰ عنھم کی امارت میں مدینہ شریف سے جنگ قسطنطنیہ کے لیئے جب تشریف لے گئے تو وہاں ہمیشہ جہاد کرتے رہے حتی کہ وہیں دفن ہوئے یہ انکی شرکت کے استمرار پر واضح دلیل ہے اور رہی تاریخ تو سولہ حملوں کا ذکر تاریخ ابو زرعہ کے حوالے سے سابقا گذر چکا ہے۔

دلیل نمبر ۲: بخاری کی پیش کردہ روایت میں یہ الفاظ **فی غزوتہ التی توفی فیھا** یعنی اس جنگ میں آپکی وفات واقع ہوئی صاف بتارہے ہیں کہ ھم قسطنطنیہ کے متعدد غزوات میں شریک رہے اور یزید کی امارت والے غزوے میں

وفات پائی۔

دلیل نمبر ۳: امام عینی کا یہ بیان ہے وتوفی ابو ایوب فی مدۃ الحصار لھذا شبہ جڑ سے ہی ختم ہو گیا اور خیال رہے کہ عمدۃ القاری میں یہ لکھا ہے

الاظھر ان ھؤلاء السادات من الصحابۃ کانوا مع سفیان بن عوف ھذا ولم یکونوا مع یزید بن معاویۃ لانہ لم یکن اھلاً ان یکون ھؤلاء السادات فی خدمتہ (عمدۃ القاری کتاب الجھاد باب ما قیل فی قتال الروم)

یعنی اظہر یہ بات ہے کہ اکابر حضرات ابن عباس، ابن عمر، ابن زبیر، ابو ایوب انصاری جنگ قسطنطنیہ میں سفیان بن عوف کی زیر امارت تھے کیونکہ یزید اس کا اہل ہی نہیں کہ یہ اکابرین اس کی خدمت میں ہوں

یہ بات امام عینی کی جذباتی اور فرط غضب کے حال کی ہے جس کی تصدیق کرنا کسی جذباتی غیر محقق بندے کا ہی کام ہو سکتا ہے حق وہی ہے جو ہماری طرف سے گذر چکا ہے۔

دلیل نمبر ۴: ان ابا ایوب الانصاری مات فی غزاۃ یزید بن معاویۃ القسطنطنیۃ (تاریخ ابوزرعہ دمشقی) ج ۲ ص ۶۹۰ نمبر ۲۱۱۸

بلکہ ترمذی شریف کتاب الفتن باب ما جاء فی علامات خروج الدجال حدیث نمبر ۲۲۳۹ میں ہے۔

والقسطنطنیۃ قد فتحت فی زمان بعض اصحاب النبی ﷺ

یعنی محمود بن ربیع فرماتے ہیں قسطنطنیہ بعض صحابہ کے دور خلافت میں فتح ہوا

اور کتاب الاغانی ج ۲۴ ص ۱۶۳ اخبار ابی العیال کے عنوان کے تحت اور تاریخ

Scanned by CamScanner

ابن عساکر ابوالعیال کے تذکرہ میں ج ۶۷ صفحہ ۱۲۵ ہے کہ قسطنطنیہ یزید کی امارت میں فتح ہوا۔

کان عبد بن زهرة غزا الروم فی ایام معاویة وقال ابو عمرو خاصة: مع یزید بن معاویة فی غزاته التی اغزاه ابوه ایاها فأصیب فی تلك الغزاة جماعة من المسلمین من رؤسائهم وحماتهم. كانت شوكة الروم شديدة. قتل فيها عبد العزيز بن زرارة الكلابی، وعبد بن زهرة الهذلی و خلق من المسلمین، ثم فتح الله علیهم

ترجمہ: عبد بن زہرہ نے حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایام خلافت میں روم کیساتھ جنگ کی۔ اور ابو عمرو فرماتے ہیں یزید بن معاویہ کیساتھ ملکر اس کے اس لشکر میں جو اسکے والد (حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ) نے تیار کیا۔ اس غزوہ میں مسلمانوں کی ایک بہت بڑی جماعت کو مصائب برداشت کرنے پڑے کیونکہ روم کی طاقت بہت زیادہ تھی۔ زرارہ کلابی اور عبد بن زھرہ اور مسلمانوں کی ایک بہت بڑی تعداد قتل کی گئی پھر اللہ عزوجل نے مسلمانوں کو فتح دی۔

ایک اعتراض کا جواب

اگر کوئی کہے کہ کامل فی التاریخ ۴۹ھ کے حالات کے شروع میں ایک طویل روایت ہے جس کے اندر آیا ہے کہ یزید سفیان بن عوف کی امارت میں گیا تھا اور اس کے ساتھ اس کی بیوی ام کلثوم تھی دیر مُرّان کے مقام پر مقیم ہو کر بیٹھ گیا اور یہ اشعار پڑھے۔

ما ان ابالی بما لاقت جموعهم بالفرقدونة من حمی و من موم
اذا اتکأت علی الانماط مرتفقا بدیر مران عندی ام کلثوم

حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کو خبر ہوئی تو فرمایا۔

لیلحقن بسفیان فی ارض الروم لیصیبه ما اصاب الناس

یعنی آپ نے قسم کھائی اسکو سفیان کے ساتھ شامل ہونا پڑے گا تاکہ جو اللہ تعالیٰ کے دین میں لوگوں کو تکلیف پہنچے گی اس کو بھی پہنچے گی اور یزید کے ساتھ بہت بڑی جماعت تھی جس کا اضافہ کیا تھا یزید کے باپ نے اور اس لشکر میں ابن عباس ابن عمر اور ابن زبیر اور ابو ایوب انصاری وغیرھم تھے۔ اور عبد العزیز بن زرارۃ کلابی بھی تھے آخر روایت تک تو اس کے لیئے جوابا گذارش یہ ہے کہ اس روایت کو امام طبرانی نے بواسطہ ابو زرعہ دمشقی ابو مسہر عبد الاعلیٰ بن مسہر غسانی دمشقی متوفی ۲۱۸ بعمر ۷۸ کمافی التقریب سے روایت کیا جیسا کہ معجم البلدان دیر مران کے ذکر میں ہے اور اس کے اندر ایک تو سفیان بن عوف کی امارت کا ذکر نہیں بلکہ یزید کی امارت کا اشارہ ملتا ہے کیونکہ اس میں ہے حضرت معاویہ نے فرمایا لا جرم

لیلحقن بهم لیصیبه ما اصابهم والا خلعته

ترجمہ: ضرور اس کو (یعنی یزید کو) لوگوں کے ساتھ شامل ہونا پڑے گا تاکہ جو تکلیف لوگوں کو پہنچتی ہے اسکو بھی پہنچے گی ورنہ میں اسکو امارت سے علیحدہ کر دوں گا۔

یہ لفظ خلعتہ (جس کا معنی ہے میں اس کو امارت سے علیحدہ کردوں گا) صاف اشارہ ہے اور دوسرا ان اکابرین صحابہ کا ذکر نہیں اور تیسرا انقطاع ہے جس سے دونوں روایتوں میں تعارض ظاہر ہے اور الاغانی جلد ۱۷ اب صفحہ ۲۱۱ بعنوان خبر لیزید بن معاویہ ابو عبیدہ معمر بن مثنی معتزلی سے اسی طرح بانقطاع موجود ہے

Scanned by CamScanner

کیونکہ معمر نے قصہ نہیں پایا اس کی وفات ۲۰۸ھ کو اور عمر سو سال ہوئی جیسا کہ تقریب میں ہے اور یہ واقعہ ۴۹ کا ہے اور مزید یہ کہ معمر معتزلی ہے اور اسکا مذھب سیدنا امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کی امامت کا انکار ہے جیسا کہ مقالات الاسلامیین میں امام اشعری نے لکھا ہے اور نیز ان دونوں روایتوں کا تعارض بھی آپ نے دیکھا لھذا اور دیگر کتب تاریخ ان کی حیثیت بخاری شریف کی روایت کے سامنے کیا ہے۔

اب ہم بطور نتیجہ اپنے دعوی پر دلیل قائم کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ اگر بوقت استخلاف یزید زانی شرابی ہوتا جیسا کہ مشہور ہے تو ایسے اکابرین صحابہ اسکی امارت میں جنت کے امیدوار بن کر اسکے ہم رکاب کبھی نہ چلتے خصوصا امام عالی مقام علیہ السلام۔

اس ابتدائی گذارش کو ذھن نشین کر لینے کے بعد اب امام عالی مقام کے بیعت یزید سے انکار کرنے کے اسباب بیان کرنے کی طرف لوٹتے ہیں تو اس سلسلہ میں گذارش یہ ہے کہ ممکن ہے کہ انکے انکار کے لیئے پانچوں سبب جمع ہوں لیکن یہاں ان کو ذکر کیا جاتا ہے جن کا روایت میں صراحتاً یا اشارتاً نشان ملتا ہے اور وہ ہے نمبر (۳) اور نمبر (۵) چنانچہ نمبر (۳) کا ذکر طبقات ابن سعد کے اس سیاق میں ہے جس کو انہوں نے اپنی مختلف روایات سے جمع کر کے پیش کیا ہے جن میں صدق و کذب اور صحیح و ضعیف کو گڈ مڈ کر دیا گیا ہے اور تمیز انتہائی مشکل ہو گئی ہے کیونکہ اس میں محمد بن عمر واقدی (متروک) اور ابو مخنف لوط بن یحیی غامدی (تالف حالک) کی روایتیں بھی شامل ہیں اور عبارت یہ ہے۔

وو ثب الحسين فخرج وخرج معه ابن الزبير وهو يقول: هو يزيد الذي نعرف والله ما حدث له عزم ولا مروءة.

(طبقات ابن سعد جلد ۶ صفحہ ۴۴۲ ممن اسلم بعد الفتح)

ترجمہ: اور امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ جلدی سے اٹھ کر باہر تشریف لائے اور ان کے ساتھ ابن زبیر رضی اللہ تعالیٰ عنہ بھی نکلے یہ کہتے ہوئے کہ یہ اس میں پختگی اور مروّت نہیں ہے۔

۴۴۔ اور ان دونوں نے فرمایا یہ وہ یزید ہے جسے ہم پہچانتے ہیں اس میں پختگی اور مروت نہیں ہے۔

اور اسی طبقات سے البدایہ میں صفۃ مخرج الحسین الی العراق کے باب کے تحت یہ لفظ ہیں۔

وقالا هو يزيد الذى نعرف، والله ما حدث له عزم ولا مروءة

ترجمہ: اور ان دونوں نے فرمایا یہ وہ یزید ہے جسے ہم پہچانتے ہیں اس میں پختگی اور مروت نہیں ہے۔

اس سبب کے لیئے محض مذکورہ ضعیف روایت پر اعتماد کرنا نہ سمجھا جائے بلکہ وہ احادیث صحیحہ جن میں نو عمر لڑکوں کی حکومت کی مذمت آئی ہے اور اس کو حلاکت امت کا سبب قرار دیا گیا ہے جیسا کہ بخاری کتاب الفتن باب قول النبی ﷺ

هلاك امتى على يدى اغيلمة سفهاء حدیث نمبر ۷۰۵۸

قال ابو هريرة سمعت الصادق المصدوق يقول هلكة امتى على يدى غلمة من قريش

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے فرمایا میں نے صادق مصدوق نبی ﷺ کو فرماتے سنا کہ میری امت کی ہلاکت قریش کے چند لونڈوں کے ہاتھوں ہوگی۔

اور جیسا کہ فتح الباری میں بحوالہ علی بن معبد اور ابن ابی شیبہ حضرت ابو ہریرہ

Scanned by CamScanner

سے مرفوعا روایت ہے

اعوذ باللہ من امارۃ الصبیان قالوا وما امارۃ الصبیان قال: ان اطعتموھم ھلکتم وان عصیتموھم اھلکوکم

ترجمہ: حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے مرفوعا روایت ہے کہ میں اللہ عزوجل کی پناہ مانگتا ہوں بچوں کی امارت سے صحابہ کرام علیھم الرضوان نے کہا بچوں کی امارت کیا تو انہوں نے فرمایا اگر تم ان کی اطاعت کرو گے تو ہلاک ہو جاؤ گے اور اگر تم ان کی نافرمانی کرو گے تو وہ تمہیں ہلاک کر دیں گے۔

ان احادیث کے پیش نظر حضرت ابو ہریرہ جیسے بازار میں چلتے ہوئے یہ دعا مانگتے تھے۔

اللھم لا تدرکنی سنۃ ستین ولا امارۃ الصبیان

(فتح الباری بحوالہ ابن ابی شیبہ)

ترجمہ: اے اللہ عزوجل سن ساٹھ ہجری اور بچوں کی حکومت مجھے نہ پائے۔

وہ احادیث صحیحہ اس کی تقویت کے لیے ملحوظ رکھی گئی ہیں۔

اور پانچویں نمبر کا ثبوت طبقات ابن سعد کی درج ذیل صحیح روایت میں موجود ہے

قال: أخبرنا عبداللہ بن بکر بن حبیب السھمی، قال، حدثنا حاتم بن أبي صغیرۃ عن عمرو بن دینار: أن معاویۃ کان یعلم أن الحسن کان أکرہ الناس للفتنۃ. فلما توفی علی بعث الی الحسن فأصلح الذی بینہ و بینہ سرا وأعطاہ معاویۃ عھدا ان حدث بہ حدث والحسن حی لیسمینہ و لیجعلن ھذا الأمر الیہ فلما توثق منہ الحسن، قال ابن جعفر: واللہ انی لجالس عند الحسن اذا اخذت لاقوم فجذب بثوبی وقال اقعد یا ھناہ اجلس.

آپ کے انکار کا سبب وہی ہے جو پانچ مذکورہ اسباب انکار میں چوتھے نمبر پر گزرا ہے یعنی بیک وقت دو خلیفوں کی بیعت کرنا اور اسکی سند اور دلیل حلیۃ الاولیاء وغیرہ کے حوالے سے پوری وضاحت کے ساتھ گذر چکی ہے

سیدنا عبدالرحمن بن ابی بکر رضی اللہ عنہ کے انکار کا سبب

آپ کے انکار کا سبب مذکورہ اسباب خمسہ میں سے دوسرا سبب ہے اور اس کی سند اور دلیل بھی وضاحت کے ساتھ ذکر ہو چکی ہے

سیدنا عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کے انکار کا سبب

بھی وہی ہے جو سیدنا ابن زبیر کا ہے اور اس کی سند اور دلیل ایک ہی دلیل ہے جو گذر چکی ہے لیکن یہاں ایک اور دلیل صحیح روایت کی پیش نظر کر دیتے ہیں چنانچہ فتح الباری کتاب الفتن حدیث نمبر ۷۱۱۱ کے تحت ہے

وقع عند الاسماعيلی من طريق مؤمل بن اسماعيل عن حماد بن زيد فی اوله من الزيادة عن نافع ان معاوية ارادبن عمر علی ان يبايع ليزيد فأبی وقال لا ابايع لاميرين فارسل اليه معاوية بمأة الف درهم فأخذها فدس اليه رجلا وقال له ما يمنعك ان تبايع وقال ان ذاك لذاك يعنی عطاء ذالك المال لاجل وقوع المبايعة ان دينی عندی اذن الرخيص

ترجمہ: یعنی امام اسماعیلی کے پاس حضرت نافع سے یہ الفاظ مزید مروی ہیں کہ جب حضرت معاویہ نے حضرت عبداللہ بن عمر سے یزید کے لئے بیعت لینے کا ارادہ ظاہر فرمایا تو انہوں نے انکار فرمایا اور فرمایا دو حاکموں کی بیعت نہیں کرتا ہوں

Scanned by CamScanner

الی آخر ما قال پھر جب معاویہ فوت ہوئے تو ابن عمر نے یزید کی طرف خط لکھ کر بیعت کی۔

پھر اس پر مزید اضافہ کیا جاتا ہے کہ آپ سے بخاری و مسلم کی شرط پر سند کے ساتھ یہ ثابت ہے کہ انہوں نے یزید کی نوعمری اور عدم فضیلت کے پیش نظر اس کی بیعت پر عدم اطمینان کا اظہار فرمایا چنانچہ مصنف ابن ابی شیبہ کتاب الامراء حدیث نمبر ۳۱۲۱۶ اور طبقات ابن سعد حضرت عبداللہ بن عمر کے حالات میں لیکن درج ذیل الفاظ ابن ابی شیبہ کے ہیں۔

حدثنا وکیع، عن سفیان، عن محمد بن المنکدر قال: بلغ ابن عمر رضی اللہ تعالیٰ عنہ ان یزید بن معاویۃ بویع لہ قال: ان کان خیراً رضینا، وان کان شراً صبرنا

ترجمہ: یعنی حضرت عبداللہ بن عمر کو خبر پہنچی کہ یزید بن معاویہ کے لیئے بیعت لی جا چکی ہے تو فرمایا اگر خیر ہوگی تو راضی رہیں گے اگر شر ہوگا تو صبر کریں گے۔

قارئین کرام آپ کے ان جملوں سے یہ بات صاف معلوم ہوتی ہے کہ آپ کے نزدیک یزید فاسق نہ تھا ورنہ خیر اور شر ہونے میں تردد اور شک کرنے کا کیا معنی فاسق کی امامت اور خلافت کا شر ہونا محل نظر ہی نہیں ہو سکتا۔

آخر میں ملا خانوالی جیسے نا سمجھ اور سطحی قسم کے لوگوں کا ایک اعتراض باقی ہے اس کا جواب دے کر رسالہ ختم کرتے ہیں اور وہ یہ ہے کہ البدایہ والنھایہ وغیرہ میں بحوالہ طبرانی سند کے ساتھ آیا ہے کہ یزید شروع عمر میں ہی شراب پیتا تھا اور نوعمر لڑکوں والے کام کرتا تھا جب حضرت معاویہ کو معلوم ہوا تو آپ نے نرمی کے ساتھ اس کو سمجھایا کہ سر عام ایسا کر کے اپنی عزت نہ خراب کر پھر چند اشعار پڑھے اس روایت کو نقل کرنے کے بعد حافظ ابن کثیر فرماتے ہیں کہ میں یہ کہتا ہوں کہ یہ اسی

طرح ہے جس طرح حدیث میں آیا کہ جو شخص گناہوں کی گندگی میں ملوث ہو تو پردے میں رہ کر کرے اس کا جواب اور اس عظیم غلطی اور اتنے بڑے صحابی پاک پر اتنی غلیظ تہمت لگانے کا ازالہ کرتے ہوئے ہم کہتے ہیں کہ ایک تو یہ روایت سراسر موضوع اور من گھڑت ہے کیونکہ اس کی سند درج ذیل ہے۔

حدثنا محمد بن زكريا الغلابي حدثنا ابن عائشه عن ابيه

لسان المیزان میں بحوالہ دارقطنی محمد بن زکریا کے متعلق ہے کہ یضع الحدیث یعنی وہ بات گھڑتا تھا اور یہ فرمایا کہ امام حاکم نے اس کو متہم بالوضع کیا اور کثیر حضرات نے اس کو ضعیف قرار دیا اور ارشاد القاصی والدانی الی تراجم شیوخ الطرانی صفحہ ۵۵۱ پر ہے۔

قال برهان الدين الحلبي قال الدار قطني و يحيى يضع الحديث واتهمه ابن الجوزي بوضع الحديث. وقال كان غاليا في التشيع كذابا وقال ابن عساكر ضعيف وقال البيهقي متروك وقال مرة متهم بالوضع وقال الذهبي هو ضعيف ثم ساق له حديثا منكرا وقال هذا كذب من الغلابي وقال ايضا هو في عداد الضعفاء وقال واه وقال مرة متهم وقال أخرى متروك كذاب

ترجمہ: برہان الدین حلبی فرماتے ہیں کہ دارقطنی اور یحییٰ حدیث گھڑتا تھا بن معین نے کہا اور ابن جوزی نے بھی اسکو وضع حدیث کیساتھ متہم کیا اور فرمایا غالی شعبہ کذاب تھا۔

ابن عساکر نے کہا ضعیف ہے بیہقی کبھی اسکو متروک اور کبھی متہم بالکذب فرماتے ہیں اور امام ذھبی نے فرمایا وہ ضعیف ہے اور پھر اسکی ایک منکر حدیث بیان کی اور فرمایا کہ یہ غلابی کی طرف سے جھوٹ ہے اور یہ بھی فرمایا کہ اسکا شمار

ضعیف راویوں میں ہوتا ہے اور کبھی فرمایا انتہائی کمزور راوی ہے اور کبھی فرمایا وہ متھم بالوضع اور کبھی فرمایا کذاب ہے۔

اور خیال رہے کہ ابن الندیم صاحب فہرست نے جو اس کو ثقہ صدوق کہا اس کی کوئی حیثیت نہیں کیونکہ وہ خود بے اعتماد ہے چنانچہ لسان المیزان میں ابن النجار کے حوالے سے ہے۔

قلت وهو غير موثوق به و مصنفه المذكور ينادي على من صنفه بالاعتزال والزيغ

ترجمہ: ابن نجار کہتے ہیں کہ میں کہتا ہوں کہ ابن الندیم ثقہ نہیں ہے اور اسکی مذکورہ تصنیف اسکے معتزلی اور صاحب زیغ ہونے کا اعلان کرتی ہے۔

امام ذہبی کے حوالے سے لکھا شیعہ معتزلی ہے اور اپنی تحقیق کے مطابق فرمایا رافضی معتزلی ہے اور فرمایا اس کے عجائبات سے یہ ہے کہ عبدالمنعم بن ادریس اور واقدی اور اسحاق بن بشیر وغیرہ کذابین کو ثقہ قرار دیتا ہے اس کا نام محمد بن اسحاق بن محمد بن اسحاق الندیم ہے اور دوسری بات یہ ہے کہ ملا خانیوالی کے با اعتماد مصنف ابن خلدون مقدمہ میں لکھتے ہیں کہ خبردار یہ مت سوچنا کہ حضرت معاویہ کو یزید کی ایسی ویسی باتوں کا علم تھا آپ اس سے افضل اعلیٰ ہیں بلکہ وہ تو اس کو سماع پر بھی ملامت کرتے تھے اور منع فرماتے تھے حالانکہ مسئلہ سماع اختلافی تھا عبارت یہ ہے۔

فالاول منها ما حدث في يزيد من الفسق أيام خلافته فاياك ان تظن بمعاوية رضي الله عنه انه علم ذلك من يزيد فانه اعدل من ذلك و افضل بل كان يعذله ايام حياته في سماع الغناء و ينهاه عنه وهو اقل من ذلك و كانت مذاهبهم فيه مختلفة

Scanned by CamScanner

ترجمہ: یزید میں پہلا فسق حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے ایام خلافت میں پیدا ہوا تو اپنے آپکو حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے متعلق اس گمان سے دور رکھ کہ وہ یزید کے فسق کو جانتے تھے پس بے شک آپ اس سے عظیم تر ہیں (کہ یزید کا فسق معلوم ہوتے ہوئے بھی اسکو نہ روکیں) بلکہ حضرت امیر معاویہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ اسکو اپنی حیات میں سماع کرنے پر ملامت فرماتے تھے اور اسے اس سے روکتے تھے حالانکہ سماع فسق سے کم ہے اور اس میں (جواز وعدم جواز کے متعلق) مذاہب مختلف ہیں۔

اسی طرح کی من گھڑت اور خبیث روایت گستاخ صحابہ و اھل بیت ملا خانیوالی نے فقیر کی مخالفت میں اور یزید عنید کو حیات سیدنا معاویہ میں شرابی ثابت کرنے کے لئے اپنی اغلاط کے ساتھ اور بھی پیش کی ہیں۔

اسکی خرافات نیٹ پر دیکھنے کی خواہش ہو تو یہ عنوان نکالیں (قرآن وحدیث و تاریخ کی روشنی میں یزید کی بیعت سے انکار) ملا خانیوالی کے الفاظ یہ ہیں امام حسین مدینہ منورہ میں یزید کے ولی عھد بننے سے قبل ہی اسکو شراب پیتا دیکھ کر زجر وتوبیخ فرما چکے تھے چنانچہ امام حسین اور حضرت عبداللہ بن عباس ان دونوں کریموں کو یزید نے بلوایا تو صرف امام حسین کو اندر آنے کی اجازت دی۔

دعا بقدح فشرب ثم دعا بأخير فقال اسق ابا عبد الله فقال له الحسين عليك شرابك ايها المرء لا عين عليك مني

ترجمہ: اور اگلے الفاظ یہ ہیں اس نے شراب کا پیالہ منگوا کر پیا پھر دوسرا پیالہ منگوا کر امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے کہا اے ابو عبداللہ پیو تو امام حسین رضی اللہ تعالیٰ عنہ نے یزید کو کہا اے نوجوان اپنی شراب اپنے پاس رکھ مجھے تجھ پر کوئی اعتراض نہیں۔

ہم ملا خانیوالی کے تقریری رد میں اس کی روایت پڑھنے میں نحوی لغوی

غلطیاں ظاہر کر چکے ہیں اب صرف اور صرف وہ روایت مع السند پیش کرتے ہیں پھر اس کی سند پر جرح اور معنی پر تبصرہ کریں گے چنانچہ کتاب الاغانی (گانوں باجوں کی کتاب) ج ۱۵ ص ۲۸۱ ذکر آدم بن عبدالعزیز واخبارہ کے عنوان کے تحت سے عکس ملاحظہ ہو۔

صـــوت (مجزوء الوافر)

ألا يا صاحِ للعجبِ دعوتُك ثم لم تُجِبِ
إلى القَيْنات واللذّا تِ والصَّهباء(٢) والطَّرَبِ
وفيهنّ التي تَبَلَتْ(٣) فؤادَك ثم لم تَتُبِ

الشعر ليزيد بن معاوية، يقوله للحسين بن علي بن أبي طالب عليه السلام، والغناء لسائب خاثر، خفيف رمل بالوسطى عن حبش.

أخبرني أحمد بن عبد العزيز الجوهري قال: حدثنا عمر بن شبة قال: حدثني المدائني قال: قدمَ مسلم بن زياد على يزيد فنادمه، فقال له ليلةً: ألا أولّيك خراسان؟ قال: بلى وسجستان. فعقد له في ليلته فقال: (خفيف)

٢٨٢ ـــــ الأغاني جزء ١٥

اسقني شربةً تروّ عظامي ثم عُد واسق مثلها ابنَ زياد
موضعَ السرِّ والأمانةِ منّي وعلى ثغر مَغْنَمي وجهادي

قال: ولمّا رجع في خلافة أبيه جلس بالمدينة على شراب، فاستأذن عليه عبدُ الله بن العباس، والحسينُ بن علي، فأمر بشرابه فرفع وقيل له: إنّ ابن عباس إن وجد ريح شرابك عرفه. فحجبه وأذن للحسين. فلما دخل وجد رائحة الشراب مع الطِّيب فقال: لله درُّ طيبك هذا ما أطيبه، وما كنت أحسبُ أحداً يتقدّمنا في صنعة الطيب، فما هذا يا ابنَ معاوية؟ فقال: يا أبا عبد الله، هذا طيبٌ يصنع لنا بالشام. ثم دعا بقدح فشربه، ثم دعا بقدح آخر فقال: اسق أبا عبد الله يا غلام. فقال الحسين: عليك شرابك أيها المرء، لا عَيْنَ عليك منّي. فشرب وقال: (مجزوء الوافر)

ألا يا صاحِ للعجب دَعوتُك ثم لم تُجِب
إلى القَيْنات واللذّا تِ والصَّهباءِ والطرب
وباطيةٍ مُكلَّلة(١) عليها سادةُ العرب
وفيهن التي تَبَلَتْ فؤادَك ثم لم تَتُب

فوثب الحسينُ عليه السلام وقال: بل فؤادك يا ابن معاوية!

ترجمہ مقام ضرورت: جب یزید اپنے باپ کے دور خلافت میں واپس لوٹا ابن اثیر کے مطابق جب حج کیا تو مدینہ شریف میں شراب کے ساتھ بیٹھا عبداللہ بن عباس اور حسین بن علی رضی اللہ عنھما نے اس کے پاس آنے کی اجازت مانگی تو یزید نے شراب اٹھوا دی اور اس کو کسی نے کہا کہ اگر عبداللہ بن عباس تیری شراب کی بدبو پائیں گے تو پہچان لیں گے اس نے ان کو روک دیا اور حسین کو اجازت دی جب وہ داخل ہوئے تو خوشبو کے ساتھ شراب کی بو محسوس فرمائی اور فرمایا اللہ ہی کے لئے ہے تیری خوشبو کا کمال کتنی اعلیٰ خوشبو ہے میں کسی کے بارے یہ گمان بھی نہیں رکھتا تھا کہ وہ ہم سے خوشبو کی صنعت میں فوقیت لے جائے گا تو یہ کیا ہے یزید نے کہا اے ابو عبداللہ یہ وہ خوشبو ہے جو ہمارے لئے ملک شام میں تیار کی جاتی ہے پھر شراب کا پیالا منگوا کر پی لیا اور پھر دوسرا پیالا منگوایا اور کہا اے غلام ابو عبداللہ کو پلا تو حسین نے فرمایا او جوان اپنی شراب اپنے پاس رکھ مجھے تجھ پر کوئی اعتراض نہیں پس یزید پیالا پی گیا اور کچھ شعر پڑھے الی آخرہ

سند پر جرح: یہ روایت منقطع ہے کیونکہ امام مدائنی علی بن محمد ابو الحسن اگرچہ مشہور ثقہ مورخ ہیں لیکن ان کی وفات ۲۲۵ ہجری کو ۹۳ سال کی عمر میں ہوئی جیسا کہ تاریخ الاسلام ذہبی میں ہے اور یزید کی وفات باتفاق مورخین ۶۴ھ میں ہوئی تو یزید کی وفات اور امام مدائنی کی پیدائش کے درمیان ۱۳۲ سال کا وقفہ ہے تو بتائیں درمیان سے کتنے راوی غائب ہیں کہ جن کا حال معلوم نہیں اور یہی انقطاع ہے اور کامل ابن اثیر نے مدائنی سے روایت کرنے والے عمر بن شبہ کا ذکر کیا اور مدائنی کا ذکر نہیں کیا بس اتنا فرق ہے

تنبیہ: کامل ابن اثیر میں عمر بن شبہ کی جگہ غلطی سے عمر بن سعید لکھا گیا ہے۔

Scanned by CamScanner

تبصرہ: روایت کے جھوٹ اور امام حسین کی توہین ہونے پر معنوی شواہد

شاہد نمبر ا۔ اس روایت میں ہے کہ سیدنا عبداللہ ابن عباس کو یزید کے پاس جانے سے اس لئے روکا گیا کہ خطرہ تھا کہ یزید کے شراب کی بدبو محسوس کرلیں گے اور امام حسین کو اندر آنے کی اجازت دے دی گئی اس میں امام حسین سرکار کو بھولا بھالا اور نا سمجھ ظاہر کیا گیا ہے کہ ان میں اتنا شعور بھی نہیں تھا کہ وہ شراب کی بدبو محسوس کر لیتے

شاہد نمبر ۲۔ اس روایت میں ہے امام حسین نے یزید کے کمرے میں جانے کے بعد شراب کی بدبو محسوس فرمائی اور ایک عجیب وغریب خوشبو بھی محسوس فرمائی اب ایک تو یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ پہلے یہ کہا گیا ہے کہ کمرے میں داخل ہونے سے پہلے ان کے بارے میں شراب کی بدبو محسوس ہونے کا خطرہ ہی نہ تھا اور اب یہ کہا جارہا کہ داخل ہوتے ہوئے شراب کی بدبو محسوس کی صرف دروازہ گزرتے ہوئے یہ نیا احساس کیسے پیدا ہو گیا اور دوسری بات یہ ہے کہ بے مثال خوشبو محسوس کرنے کے بعد یزید کی شراب کی مذمت کا اشارہ تک نہیں فرمایا اور اس کی خوشبو کی انوکھے طریقے کے ساتھ تعریف شروع کردی اس قدر خوشبو کے غلبے کے باوجود شراب کی بدبو کیسے محسوس ہوئی۔

شاہد نمبر ۳۔ معاذ اللہ معاذ اللہ شراب کی بدبو محسوس کرنے کے بعد اس کا نام تک نہ لینا اور الٹا یزید کی خوشبو کی تعریفیں شروع کر دینا اس سے تو صاف ظاہر ہوتا ہے کہ امام عالی مقام نے یزید کے سامنے غیرت دینی دکھانے کی بجائے اس کی خوشامد شروع کر دی اس سے بڑی امام حسین کی اور کیا توہین ہو سکتی ہے ایسی

روایتیں بنانے والوں پر لعنت اور جو عوام الناس کے سامنے ایسی روایتیں بیان کرتے ہیں وہ بھی ان ملعونوں کے ساتھ برابر کے شریک ہوں تو معزز قارئین اسی طرح یزید کو اس کے والد گرامی کے دور میں بدکار ثابت کرنے کے لئے جتنی روایتیں سنائی جائیں وہ سب کی سب اسی طرح کی واہیات ہیں کسی کی بھی سند صحیح نہیں اور جب روایت بے سروپا ہو اس کی سند صحیح نہ ہو تو حوالوں کی کثرت اس کو صحیح نہیں بنا سکتی۔

خلاصہ بحث

ہمارا موقف یزید کو فسق و فجور سے پاک صاف دکھانا نہیں بلکہ ہمارا موقف صرف اتنا ہے کہ حضرت سیدنا امیر المؤمنین معاویہ رضی اللہ عنہ وسلام اللہ علیہ نے جس وقت یزید کے لیئے بیعت لی تھی اس وقت سے پہلے اور اس وقت کے بعد سیدنا امیر معاویہ کی وفات تک وہ فاسق فاجر نہ تھا لھذا حضرت سیدنا معاویہ کو اس کے کسی ظلم اور برائی کا ذمہ دار ٹھہرانا سراسر غلط ہے اور ایمان ضائع کرنے کا سبب ہے اور رافضیوں کی جھوٹی روایات کا نتیجہ ہے

رافضیوں کے جھوٹے چند راوی درج ذیل ہیں

۱۔ محمد بن سائب کلبی ۲۔ اسکا بیٹا ھشام

۳۔ ابو مخنف لوط بن یحیٰ غامدی ۴۔ ھیثم بن عدی کوفی

۵۔ محمد بن عمر واقدی ۶۔ محمد بن زکریا غلابی

۷۔ جابر بن یزید جعفی ۸۔ ابوالبختری وھب بن وھب

۹۔ ابوحذیفہ اسحاق بن بشر ۱۰۔ ابواسحاق ابراھیم ثقفی

ان میں سے کوئی شخص ایسی روایت کی سند میں آ جائے جس میں اھل بیت کے متعلق غلو ہو یا صحابہ کے متعلق توہین تو اس روایت کو قبول کر کے اسکو بیان کرنے کی غلطی نہیں کرنی چاہیئے۔

املاء از: فضل احمد چشتی (سندر لاہور)

۲۲ ذوالقعدہ ۱۴۴۱ھ بروز پیر بمطابق سن ۲۰۲۰ء

کمپوزنگ: محمد عمر ہاشمی (متعلم جامعہ خدمت الاسلام)

مقیم نیازی اڈا لاہور

Scanned by CamScanner

حدیث حسن میں قاتلین امام حسین علیہ السلام کو قتل کرنے کے بعد بھی کافر نہیں مؤمن کہا گیا ہے۔ چنانچہ طبرانی کبیر ج ۸ صفحہ ۳۴۲ نمبر ۸۰۹۶ اور اس سے تاریخ دمشق تذکرہ امام حسین علیہ السلام میں اور مجمع الزوائد مناقب امام حسین میں اور سیر اعلام النبلاء ذھبی میں تذکرہ امام حسین میں اور فرمایا سندہ حسن حدیث شریف کا عکس ملاحظہ ہو۔

سِيَرُ أعْلَامِ النُّبَلَاءِ

تصنيف

الإمام شمس الدين محمد بن أحمد بن عثمان الذهبي

المتوفى
٧٤٨ - ١٣٧٤م

الجزء الثالث

أشرف على تحقيق الكتاب وخرّج أحاديثه

شعيب الأرنؤوط

صدوق تغير حديثه

.... علي بن الحسين بن واقد، حدثنا أبي، حدثنا أبو غالب(٢)، عن أبي أمامة، قال رسول الله ﷺ لنسائه: «لا تُبكُوا هذا» يعني - حسيناً: فكان يوم أم سلمة، فنزلَ جبريلُ، فقال رسولُ الله لأمّ سلمة: لا تَدعي أحداً يدخل. فجاء حسينٌ، فبكى، فخلّتْهُ يدخل، فدخلَ حتى جلس في حجر رسول الله ﷺ فقال جبريل: إنّ أُمتك ستقتُله. قال: يقتلونه وهم مؤمنون؟ قال: نعم، وأراه تربته.

إسناده حسن

Scanned by CamScanner

تذنیب درمسئلہ تکفیر یزید

تمام سلف صالحین یعنی صحابہ تابعین تبع تابعین ائمہ مجتہدین میں سے کسی نے بھی یزید عنید کو کافر قرار نہیں دیا ہاں صرف متاخرین نے اسکی تکفیر میں اختلاف فرمایا ہے بعض اہل سنت اسکو کافر کہتے ہیں جیسے امام تفتازانی اور جمہور اہل سنت اسکو کافر نہیں کہتے بلکہ اسکے فاسق اور ظالم ہونے کے قائل ہیں ان صفحات میں ہم صرف اور صرف اسکی تکفیر کی نسبت ائمہ اربعہ کی طرف کیئے جانے کی تغلیط وتخطیہ کے درپے ہیں کہ اسکو فقہ کے چاراماموں میں سے کسی نے نہ تصریحا کافر فرمایا اور نہ تلویحا اگر یہ تصریح وتلویح کسی نے ائمہ کی طرف منسوب کی ہے تو اسکی اپنی خطا ہے کوئی صاحب علم اسکو ثابت نہیں کرسکتا بلکہ اگر کسی امام سے ثابت ہے تو الٹا عدم تکفیر ہے امام اعظم کی فقہ میں تو یزید کا نام ہی مذکور نہیں اور یہی حال امام مالک اور امام شافعی کی فقہ کا بھی ہے ہاں امام احمد کے پاس اس کا ذکر متعدد بار ہمیں ملتا ہے اور وہ بھی مختلف الفاظ کے ساتھ ہم یہاں امام احمد کی طرف منسوب ملنے والی تمام روایات ذکر کر کے ان پر تبصرہ کرتے ہیں بعون اللہ تعالیٰ

اوّلاً صحیح روایات

روایت نمبر ۱: کتاب السنۃ مصنف امام حافظ ابو بکر خلال احمد بن محمد بن ھارون متوفی ۳۱۱ھ جلد اول صفحہ ۵۲۱ روایت ۸۴۵ سند صحیح کے ساتھ ہے۔

قال سألت احمد عن يزيد بن معاوية بن ابی سفيان قال هو فعل بالمدينة ما فعل قلت ما فعل قال قتل بالمدينة من اصحاب النبی و فعل قلت وما فعل قال نهبها قلت فيذكر عنه الحديث قال لا يذكر عنه الحديث ولا ينبغی لاحد ان يكتب

عنه حديثا قلت لاحمد ومن كان معه بالمدينة حين فعل ما فعل قال اهل الشام قلت له واهل مصر قال لا انما كان اهل مصر معهم في امر عثمان رضي الله تعالىٰ عنه

ترجمہ: یعنی امام مُھنّا فرماتے ہیں میں نے امام احمد سے یزید کے بارے میں پوچھا تو فرمایا اس نے جو مدینہ کے ساتھ کیا کتنا برا کام ہے میں نے کہا اس نے مدینہ طیبہ کے ساتھ کیا کیا؟ فرمایا اصحاب نبی علیہ الصلاۃ والسلام کو قتل کیا مدینہ میں لوٹ مار کی میں نے عرض کی اس سے حدیث ذکر کرنی چاہیئے یعنی روایت حدیث کرنی چاہیئے فرمایا ذکر نہ کی جائے کسی کیلیئے مناسب نہیں کہ اس سے حدیث ذکر کرے میں نے امام احمد سے کہا اس (یزید) کے ساتھ مدینہ پر ظلم کرنے میں کون لوگ تھے فرمایا اھل الشام میں نے کہا اور اھل مصر فرمایا نہیں اھل مصر ان کے ساتھ حضرت عثمان رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے مسئلہ میں تھے

تبصرہ

اس میں چند فوائد ہیں۔

۱۔ امام احمد کے نزدیک یزید کا سب سے بڑا جرم اھل مدینہ کے صحابہ کے ساتھ ظلم کرنا ہے لھذا واقعۂ کربلا امام احمد کے نزدیک اعمال یزید میں داخل نہیں ورنہ تو اھل مدینہ کے صحابہ کے ساتھ ہونے والا ظلم واقعۂ کربلا کے سامنے اتنا بڑا جرم ہرگز نہیں بن سکتا کہ واقعۂ کربلا قابل ذکر ہی نہ ہو اور سب کو معلوم ہے کہ مسئلہ اختلافی ہے امام غزالی علیہ الرحمہ کا فتوی اسی پر مبنی ہے۔

۲۔ یہ جو مشہور ہے کہ یزید نے مدینہ کو اپنی فوج کیلیئے مباح کر دیا تو امام احمد کے نزدیک اس کے مال کی لوٹ مار ہے اور یہی حق ہے اور باقی رہا ایک ہزار معصومات دوشیزہ کی عزت دری تو یہ محض اھل ملاحم کی کذب بیانی ہے جو

Scanned by CamScanner

ایسے حالات میں مخالفوں کی طرف سے روا رکھی جاتی ہے اسی لیئے ائمہ حدیث کے نزدیک روایات ملاحم کم ہی صحیح ہیں

۳۔ اس میں یزید کا وہ عمل جو مذکور ہوا امام احمد کی نظر میں سب سے گھناؤنا اور برا عمل تھا لیکن عقیدے کا اشارہ تک نہیں ہوا جس سے صاف پتا چلتا ہے کہ ان کے نزدیک یزید زیادہ سے زیادہ فاسق ہی قرار دیا جا سکتا ہے

۴۔ آخری جملہ راوی کا وہم لگتا ہے کیونکہ قتل سیدنا عثمان غنی رضی اللہ عنہ میں شامیوں کا کوئی کردار نہیں پھر معھم یعنی شامیوں کے ساتھ اھل مصر تھے کا کیا معنی ہے؟

۵۔ اس روایت میں اس کے فسق کی تصریح ہے

روایت نمبر ۲: وہی کتاب السنۃ روایت نمبر ۸۴۶ ان ابا طالب وھو العکبری حدثھم قال سألت ابا عبداللہ عمن قال لعن اللہ یزید ابن معاویۃ قال لا تکلم فی ھذا قلت ما تقول فان الذی تکلم بہ رجل لا بأس بہ و انا صائر الی قولك فقال ابو عبداللہ قال النبی لعن المؤمن کقتلہ وقال خیر الناس قرنی ثم الذین یلونھم وقد صار یزید فیھم وقال من لعنتہ أو سببتہ فاجعلھا لہ رحمۃ فاری الامساك احب الی

ترجمہ: یعنی ابو طالب عکبری فرماتے ہیں میں نے امام احمد سے پوچھا ایک شخص کہتا ہے یزید بن معاویہ پر اللہ کی لعنت ہو تو فرمایا اس میں کلام مت کر میں نے عرض کی آپ کیا فرماتے ہیں کیونکہ جس نے یہ لفظ کہے ہیں وہ شخص بھی برا نہیں اور میں تو آپ کے قول کی طرف رجوع کروں گا تو فرمایا امام احمد نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مومن پر لعنت کرنا اس کو قتل کرنے کی طرح ہے اور نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم نے

Scanned by CamScanner

فرمایا افضل لوگ میرے ہم عصر ہیں اور وہ جوان سے متصل ہیں اور یزید تابعین میں سے بن چکا ہے اور نبی کریم ﷺ نے فرمایا جس پر میں لعنت کروں یا جس کو میں گالی دوں تو اس کو اس کے لیئے تو رحمت بنا دے تو میں یزید پر لعنت کرنے سے باز رہنا زیادہ پسند کرتا ہوں اس کی سند بھی صحیح ہے

تبصرہ

۱۔ امام احمد نے لعن یزید سے منع فرمایا بچند وجوہ اس کے مومن ہونے کی وجہ سے اس کے تابعی ہونے کی وجہ سے اور اگر حضور ﷺ کی طرف سے کوئی لعنت آئی ہو تو امت کے حق میں بقول نبی علیہ السلام رحمت ہونے کی وجہ سے اور لعن سے امساک کو ہی پسند فرمایا اور یہی اھل سنت کا مذھب ہے کہ لعن شخصی جائز ہیں۔

۲۔ امام صاحب کے نزدیک اس کا مومن ہونا یقینی ہے اور دوسرے فاسقوں کی طرح رحمت الٰہی کا مستحق ہونا بھی امام احمد کے نزدیک ثابت ہے اور اسی کو امام غزالی اور ایک جماعت نے پسند فرمایا ہے۔

۳۔ اس روایت کے مطابق یہ ہے کہ لعن یزید کا مسئلہ امام احمد کے دور میں بھی اختلافی رہا رجل لا بأس بہ اس پر دلالت کرتا ہے۔

۴۔ اس میں فسق یزید کی نکوتیح ہے کیونکہ مسئلہ لعن کا تعلق کسی متقی شخص کے ساتھ نہیں ہو سکتا۔

ثانیا ضعیف روایت

یہ روایت صرف اور صرف کتاب المعتمد فی اصول الدین الکبیر جو کہ مفقود ہے اور امام قاضی ابو یعلی کی تصنیف ہے میں ان کی سند کے ساتھ مذکور ہے جس

طرح کہ امام ابن جوزی رحمۃ اللہ علیہ نے اپنی کتاب الرد علی المتعصب العنید میں لکھا ہے اور اسکی سند بعینہ امام ابن جوزی کی مذکور کتاب سے پیش کی جاتی ہے پھر اس پر سند اور معنی کے لحاظ سے تبصرہ کیا جائے گا۔

عن ابی جعفر العکبری ثنا ابو علی الحسین بن الجنید قال ثنا ابو طالب بن شہاب العکبری قال سمعت ابا بکر محمد بن العباس قال سمعت صالح بن احمد بن حنبل یقول قلت لابی ان قوما ینسبوننا الی تولی یزید فقال یا بنی وھل یتولی یزید احد یؤمن باللہ فقلت فلم لا تلعنہ فقال متی رأیتنی العن شیئاً ولم لا یلعن من لعنہ اللہ فی کتابہ فقلت واین لعن اللہ یزید فی کتابہ فقرأ فھل عسیتم ان تولیتم ان تفسدوا فی الارض و تقطعوا ارحامکم اولئک الذین لعنھم اللہ فأصمھم واعمی ابصارھم فھل یکون الفساد اعظم من القتل

ترجمہ: یعنی صالح بن امام احمد فرماتے ہیں میں نے اپنے باپ سے عرض کی کچھ لوگ ہمیں یزید سے محبت کرنے کا طعنہ مارتے ہیں فرمایا بیٹا کیا یزید سے اللہ تعالیٰ پر ایمان رکھنے والا شخص محبت کر سکتا ہے تو میں نے عرض کی تو آپ اس پر لعنت کیوں نہیں کرتے فرمایا تو نے اپنے باپ کو کسی پر لعنت کرتے کب دیکھا اور کیوں نہ لعنت کی جائے اس شخص پر جس پر اللہ تعالیٰ لعنت فرماتا ہے اپنی کتاب میں تو میں نے عرض کیا اللہ تعالیٰ نے اپنی کتاب میں کہاں یزید پر لعنت فرمائی ہے تو آپ نے یہ آیت پڑھی یعنی تو یقیناً تم لوگ اگر دین سے منہ پھیر لو گے تو لگتا ہے تم لوگ زمین میں فساد کرو گے اور قطع رحمی کرو گے یہی لوگ ہیں جن پر اللہ تعالیٰ لعنت فرماتا ہے پھر انکو بہرا کر دیتا ہے اور اندھا بنا دیتا ہے تو بیٹا کیا قتل سے بھی بڑا فساد ہو سکتا ہے۔ (بحوالہ الرد علی المتعصب العنید صفحہ ۴۱-۴۰)

Scanned by CamScanner

سند پر تبصرہ

اولاً مسائل امام احمد بروایت ابنہ صالح بن احمد میں نظر دوڑانے کے بعد اس کا کہیں وجود محسوس نہیں ہوا

ثانیاً اس کی سند کے پہلے راوی عمر بن احمد بن عثمان ابو حفص العکبری ثقہ امین ہیں دوسرے ابوعلی الحسین بن الجنید (الرد میں اسی طرح ہے اور المسائل والرسائل بحوالہ الروایتان والوجہان ابن الجندی ہے) مجہول ہے تیسرے ابو طالب العکبری ثقہ ہیں چوتھے ابوبکر محمد بن العباس مجہول ہیں لھذا دو مجہول راویوں کی وجہ سے یہ روایت ضعیف ہے اسی لیئے تو خود اسکی تخریج کرنے والے قاضی ابویعلی رحمہ اللہ اس کے صحیح ہونے میں شک رکھتے ہیں اور فرماتے ہیں۔

وهذه الرواية ان صحت فهي صريحة في معنى لعن يزيد

ترجمہ: یعنی اگر یہ روایت صحیح ہو تو الخ (بحوالہ الآداب الشرعیہ ابن مفلح جلد نمبر ۱ صفحہ ۲۰۸)

لیکن افسوس ہے کہ امام ابن جوزی نے قاضی ابویعلی کے اس اشارہ تضعیف کی طرف اشارہ نہیں فرمایا انکا معاملہ بھی عجیب ہے کبھی متشدد ہوتے ہیں اور کبھی متساہل نظر آتے ہیں۔

ثالثاً کتاب السنۃ کی صحیح روایت کی مخالفت کی وجہ سے منکر ہے

تنبیہ: امام ابن جوزی نے دونوں روایتوں میں معنوی مخالفت نہیں مانی اسکو جواز پر محمول کیا اور کتاب السنۃ والی روایت کو اولویت اساک پر محمول فرمایا مگر یہ انکا وہم ہے کیونکہ کتاب السنۃ والی روایت میں آپ کا اس حدیث کو پیش فرمانا لعن المؤمن کقتلہ اس کی حرمت کے قول کرنے کی دلیل کے طور پر کافی ہے اور احب الی کا فقہ امام احمد میں حرمت کیلیئے استعمال ہونا ان کی شرح اصطلاحات والی کتب میں

موجود ہے اس روایت میں معنوی ضعف بھی ہے اس کی تقریر اس طرح ہے کہ ایک طرف تو یہ ہے کہ امام نے کبھی کسی کو لعنت نہیں کی اور دوسری طرف لعنت یزید کو سنت اُٹھی ثابت کر کے اسکی ترغیب کی جارہی ہے کہ **لم لا یلعن الخ**

تو یہ کیسے ممکن ہے کہ دوسروں کو ترغیب ہو اور اپنے لیئے پرہیز اور وہ بھی اسکی کہ زندگی میں ایک بار بھی عمل نہیں کیا گیا اور دوسری بات یہ ہے کہ اس آیت میں لعن شخصی تو ہے ہی نہیں لعن اجمالی ہے تو امام احمد سے یہ بات کیسے مخفی رہ گئی اور تیسری بات یہ ہے کہ جب آخر میں آیا ہے کہ قتل سے بڑا فساد کیا ہو سکتا ہے تو اس کے مطابق لازم ہے کہ یزید کی طرح ہر قاتل کا نام لے کر لعنت کرنی چاہیے اور اسی طرح ہر گناہ کبیرہ کا ارتکاب کرنے والے اور صغیرہ پر اصرار کرنے والے شخص کا بھی یہی حکم ہو تو قائلین جواز لعن یزید حضرات کو چاہیئے اس پر عمل کریں اور اپنے فاسق پر خوب لعن کریں۔

العیاذ باللہ من ھذا الفساد ہماری نظر میں یہ روایت کسی ظالم حنبلی نے گھڑی ہے روایت گھڑنے کی وجہ بھی ابتدائی لفظ بتاتے ہیں اور وہ یہ معلوم ہوتی ہے کہ امام احمد کی طرف سے جیسا کہ روایت صحیحہ میں گذرا یزید کے ایمان بلکہ اسکے تابعین میں سے ہونے اور اسکی مغفرت کے استحقاق کالفاسقین کے قائل ہونے کا چرچا ہو چکا تھا تو کسی عراقی رافضی نے طعنہ مارا تو کسی مہربان حنبلی نے طعنہ زنی سے بچنے کی خاطر روایت گھڑ دی لیکن اتنا نہیں سوچا کہ یہ روایت مجاھیل پر مشتمل ہونے کے ساتھ شان امام کے بھی خلاف ہے

قوی اشکال کا ازالہ

وفیات الاعیان میں امام الکیا الھراسی ابو الحسن علی بن محمد الطبری متوفی

۵۰۴ھ کے حالات میں ان کا یزید کے متعلق فتوی بلفظہ نقل فرمایا ہے۔

سئل الکیا ایضا عن یزید بن معاویة فقال انه لم یکن من الصحابة لانه ولد فی ایام عمر بن الخطاب رضی الله عنه واما قول السلف ففیه لاحمد قولان تلویح وتصریح ولمالك قولان تلویح وتصریح ولنا قول واحد تصریح دون التلویح و کیف لا یکون کذالك وهو اللاعب بالنرد والمتصید بالفهود ومدمن الخمر وشعره فی الخمر معلوم الخ

ترجمہ: امام الکیا سے بھی یزید بن معاویہ کے متعلق سوال کیا گیا تو انہوں نے کہا یہ صحابہ کرام علیہم الرضوان میں سے نہیں تھا کیونکہ وہ حضرت عمر فاروق رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے دور خلافت میں پیدا ہوا بہر حال سلف صالحین کا یزید کے متعلق قول تو امام احمد کے دو قول ہیں تلویح اور تصریح اور امام مالک رضی اللہ تعالیٰ عنہ کے بھی دو قول ہیں تلویح اور تصریح اور ہمارا ایک ہی قول ہے تصریح نہ کہ تلویح اور ایسا کیوں نہ ہو حالانکہ وہ شطرنج کھیلنے اور چیتوں کیساتھ کھیلنے والا اور دائمی شرابی تھا اور شراب کے متعلق اسکے شعر مشہور ہیں۔

اشکال یہ ہے کہ یہ امام الکیا امام غزالی کے ساتھی ہیں امام الحرمین کے شاگرد ہیں حافظ الحدیث امام ابو طاہر سلفی بغدادی جیسے ان سے فتوی پوچھتے تھے اور پھر وہ چار اماموں کے اقوال یزید سے کفر کے متعلق نقل فرما رہے ہیں

ازالہ اشکال

اولاً یہ گذارش ہے کہ امام الکیا کے مذکورہ فتوی سے کفر سمجھنا سراسر خطا ہے حق یہ ہے کہ فتوی میں جن امور کے موجود ہونے کا دعوی کیا گیا ہے وہ اس کے فسق سے متعلق ہیں اور اس پر اظہر من الشمس قرینہ ان کے فتوی کے یہ الفاظ ہیں کہ **وهو**

اللاعب بالنرد والمتصید بالفهود ومدمن الخمر

کیونکہ ہر شخص عربی دان صاحب علم بخوبی جانتا ہے کہ یزید کے بعض برے اعمال کا تذکرہ ہے اگر کلام اس کے کفر سے متعلق ہوتا تو اسکے کفریہ عقائد کو ذکر کیا جاتا۔

ثانیاً انہیں امام الکیا سے برتر و بالا اور ہم عصر ہم استاد حجۃ الاسلام امام غزالی علیہ الرحمہ کا فتویٰ بھی اسی وفیات الاعیان سابقہ فتویٰ کے ساتھ بلفظہ مذکور ہے اور اس میں امام غزالی سے یزید کے لعن اور حکم فسق و ارادہ قتل امام یا ارادہ دفاع اور اسکے لئے دعائے مغفرت کرنے سے متعلق سوال کیا گیا ہے آپ نے تفصیلا جواب لکھا ہے سوال و جواب بلفظہ نقل کیے جاتے ہیں۔

وقد أفتى الإمام أبو حامد الغزالي، رحمه الله تعالى، في مثل هذه المسألة بخلاف ذلك، فإنه سئل عمن صرح بلعن يزيد: هل يحكم بفسقه أم هل يكون ذلك مرخصاً فيه؟ وهل كان مريداً قتل الحسين، رضي الله عنه، أم كان قصده الدفع؟ وهل يسوغ الترحم عليه أم السكوت عنه أفضل؟ ينعم بإزالة الاشتباه مثاباً، فأجاب: لا يجوز لعن المسلم أصلاً، ومن لعن مسلماً فهو الملعون، وقد قال رسول الله ﷺ: «المسلم ليس بلعان» وكيف يجوز لعن المسلم ولا يجوز لعن البهائم وقد ورد النهي عن ذلك، وحرمة المسلم أعظم من حرمة الكعبة بنص النبي ﷺ، ويزيد صح إسلامه، وما صح قتله الحسين، رضي الله عنه، ولا أمره ولا رضاه بذلك، ومهما لم يصح ذلك منه لا يجوز أن يظن ذلك به فإن إساءة الظن بالمسلم أيضاً حرام، وقد قال تعالى: ﴿اجْتَنِبُوا كَثِيرًا مِّنَ الظَّنِّ إِنَّ بَعْضَ الظَّنِّ إِثْمٌ﴾ [الحجرات: ١٢] وقال النبي ﷺ: «إن الله حرم من المسلم دمه وماله وعرضه وأن يظن به ظن السوء» ومن زعم أن يزيد أمر بقتل الحسين، رضي الله عنه، أو رضي به فينبغي أن يعلم به غاية حماقة، فإن من قتل من الأكابر والوزراء والسلاطين في عصره لو أراد أن يعلم حقيقة من الذي أمر بقتله ومن الذي رضي به ومن الذي كرهه لم يقدر على ذلك، وإن كان الذي قد قتل في جواره وزمانه وهو يشاهده، فكيف لو كان في بلد بعيد وزمن قديم قد انقضى، فكيف يعلم ذلك فيما انقضى عليه قريب من أربعمائة سنة في مكان بعيد؟ وقد تطرق التعصب في الواقعة فكثرت فيها الأحاديث من الجوانب، فهذا أمر لا تعرف حقيقته أصلاً، وإذا لم يعرف وجب إحسان الظن بكل مسلم يمكن إحسان الظن به. ومع هذا فلو ثبت على مسلم أنه قتل مسلماً فمذهب أهل الحق أنه ليس بكافر، والقتل ليس بكفر بل هو معصية، وإذا مات القاتل فربما مات بعد التوبة، والكافر لو تاب من كفره لم تجز لعنته، فكيف من تاب عن قتل؟ وبم يعرف أن قاتل الحسين، رضي الله عنه، مات قبل التوبة؟ وهو الذي يقبل التوبة عن عباده، فإذن لا يجوز لعن أحد ممن مات من المسلمين، ومن لعنه كان فاسقاً عاصياً لله تعالى، ولو جاز لعنه فسكت لم يكن عاصياً بالإجماع، بل لو لم يلعن إبليس طول عمره لا يقال له يوم القيامة: لم لم تلعن إبليس؟ ويقال للاعن: لم لعنت؟ ومن أين عرفت أنه مطرود ملعون؟ والملعون هو المبعد من الله عز وجل، وذلك غيب لا يعرف إلا فيمن مات كافراً فإن ذلك علم بالشرع. وأما الترحم عليه فهو جائز، بل هو مستحب، بل هو داخل في قولنا في كل صلاة: «اللهم اغفر للمؤمنين والمؤمنات»، فإنه كان مؤمناً، والله أعلم، كتبه الغزالي.

ترجمہ: امام ابو حامد غزالی رحمۃ اللہ تعالیٰ نے اسی مسئلہ میں الکیا طبری کے خلاف فتویٰ دیا تھا۔ ان سے پوچھا گیا اس شخص سے متعلق جو یزید پر لعنت کرتا

Scanned by CamScanner

ھے کیا ایسے شخص کو فاسق کہا جا سکتا ھے یا ایسا کرنے کی رخصت ھے (یعنی لعن یزید کی) کیا یزید کا قتلِ حسین کا ارادہ تھا یا فقط ان کو ٹالنا تھا کیا اسکو رحمت کی دعا دینا جائز ھے یا نہ دینا افضل ھے تو جواب ارشاد فرمایا کہ لعنِ مسلم بالکل جائز نہیں اور جو شخص مسلمان پر لعنت کرے وہ خود ملعون ھے اور رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا مسلمان لعان نہیں ہوتا اور لعنِ مسلم کیونکر جائز ھوسکتی ہے جبکہ لعن بہائم جائز نہیں اور اس سے ممانعت آئی ھے اور مسلمان کی عزت کعبہ کی عزت سے زیادہ ھے حضور علیہ السلام کے فرمان کے ساتھ اور یزید کا اسلام صحیح ھے اور اسکا امام حسین کو قتل کرنا صحیح نہیں اور نہ ہی اس کا قتل کا حکم دینا اور نہ ھی قتل پر راضی ہونا اور جب یہ سب کچھ اس سے صحیح طور پر ثابت نہیں تو اس بات کا اس کے بارے میں گمان رکھنا بھی جائز نہیں کیونکہ مسلمان کے ساتھ بدگمانی رکھنا حرام ھے اللہ تعالیٰ کا فرمان ھے بہت سے گمانوں سے بچو۔ بیشک بعض گمان گناہ ہیں اور نبی علیہ السلام نے فرمایا بیشک اللہ تعالیٰ نے حرام فرما دیا ہے۔ مسلمان کا خون اور اس کا مال اور اسکی عزت اور اس کے ساتھ بدگمانی رکھنا اور جس کا یہ گمان ہے کہ یزید نے امام حسین کے قتل کا حکم دیا یا اس پہ راضی ھوا تو اسکو پرلے درجے کا احمق سمجھنا چاہیے کیونکہ ایسے شخص کے دور میں جو بڑے لوگ، وزراء سلاطین قتل ھوئے ھیں ان کے متعلق وہ خود جاننا چاہے کہ کون ھے جس نے اس کے قتل کا حکم دیا اور کون ھے جو اس پر راضی ھوا اور کون ھے جو قتل پر ناراض ھوا تو وہ یہ نہیں کر سکے گا۔ چاہے یہ لوگ اس کے پڑوس میں کیوں نہ مرے ھوں اور اُس کے زمانے میں تو پھر جو قدیم زمانہ میں ھوا اور اس کے گھر سے بہت دور ھوا۔ اس کی حقیقت حال کیسے معلوم کرنا ممکن ھے خصوصاً جبکہ اس واقع کو صدیاں بیت گئیں خیال رہے اس واقعے میں تعصب نے بہت جگہ لی ھے اور کئی جوانب سے بہت سی باتیں ھوئیں ھیں تو یہ ایسا معاملہ ھے کہ اسکی

Scanned by CamScanner

حقیقت حال جاننا بہت مشکل ہے اور جب مشکل ہے تو ہر مسلمان کے ساتھ حسن ظن حتی الامکان ضروری ہے۔ اور ان ساری باتوں کے ہوتے ہوئے اگر کسی مسلمان کا کسی مسلمان کو قتل کرنا پایا جائے تو اہل حق اہل سنت و جماعت کا یہی مذہب ہے کہ وہ کفر نہیں بلکہ معصیت ہے تو جب قاتل مرتا ہے بعض اوقات توبہ کر کے مرتا ہے اور جب کافر توبہ کر کے مرے اس پر لعنت کرنا جائز نہیں تو اس کا کیا حال ہوگا جو قتل سے توبہ کر کے مرے اور یہ کسی کو معلوم نہیں کہ قاتل امام حسین علیہ السلام نے توبہ نہیں کی اور اس سے پہلے مر گیا اور اللہ ہی ہے جو اپنے بندوں کی توبہ قبول فرماتا ہے (الآیہ) تو اب مرے ہوئے کسی مسلمان پر لعنت کرنا جائز نہیں ہے اور جو مسلمان پر لعنت کرے گا وہ فاسق گناہگار ہوگا اور اگر لعنت کرنا جائز ہوتا اور پھر یہ شخص خاموشی کرتا اور لعنت نہ کرتا تو اس پر کچھ مواخذہ نہ ہوتا بالاجماع بلکہ اگر کوئی شخص ساری زندگی ابلیس پر لعنت نہیں کرتا تو اسکو قیامت کے روز یہ نہیں کہا جائے گا کہ تو نے ایسا کیوں نہیں کیا بلکہ لعنت کرنے والے سے پوچھا جائے گا کہ تو نے لعنت کیوں کی تھی اور تجھے کیسے معلوم ہوا تھا کہ وہ مردود ہے اور ملعون وہی ہے جو اللہ کی رحمت سے دور ہو۔ اور یہ غیبی مسئلہ ہے صرف اس کے بارے میں معلوم ہو سکتا ہے جس کا کافر مرنا معلوم ہو اب رہا یزید پر مغفرت و رحمت کی دعا کرنا تو وہ جائز ہے بلکہ مستحب ہے بلکہ ہماری ہر نماز کی دعا **اللھم اغفر للمؤمنین والمؤمنات** میں وہ داخل ہے کیونکہ وہ مؤمن تھا۔ آگے امام غزالی کے دستخط ہیں۔ یہ امام غزالی کا فتویٰ تھا اُن کی کتاب احیاء علوم الدین کا حوالہ ملاحظہ ہو۔

Scanned by CamScanner

اتحاف السادة المتقين

بشرح إحياء علوم الدين

تصنيف خاتمة المحققين وعمدة ذوي الفضائل من المدققين

العلامة السيد محمد بن محمد الحسيني الزبيدي الشهير بمرتضى

[illegible]

[illegible]

احیاء علوم الدین کی عبارت کا ترجمہ اور یہ چیز مذکور اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ کسی معین فاسق پر لعنت کرنا جائز نہیں اور خلاصہ یہ ہے کہ شخصی لعنت میں بہت بڑا خطرہ ہے لھذا پرھیز ضروری ہے اور ابلیس کی لعنت سے سکوت کرنے میں کوئی خطرہ نہیں تو دوسروں کا کیا ذکر پھر اگر سوال کیا جائے کہ یزید پر لعنت کرنا جائز ھے کہ نہیں کیونکہ امام حسین علیہ السلام کا قاتل ھے یا قتل کا حکم کرنے والا ھے تو جوابا ہم کہتے ھیں کہ یہ بالکل ثابت نہیں۔ لھذا یہ کہنا جائز نہیں کہ یزید نے امام علیہ السلام کو قتل کیا یا قتل کا حکم کیا۔ جب تک ثابت نہ ھو (قاتل کے ھاں) کیونکہ کسی مسلمان کی کسی کبیرہ گناہ کی طرف بغیر تحقیق نسبت کرنا جائز نہیں۔

اگر ائمہ اربعہ کی تکویحات وتصریحات ہوتیں تو امام غزالی پر ہرگز مخفی نہ رہتیں اور حق بھی یہی ہے کیونکہ امام احمد کی تصریح وتلویح گذر چکی ہیں اور انکا تعلق بھی فسق کے ساتھ ہی ہے اور دیگر ائمہ اکرام سے ہمیں کچھ بھی نہیں مل سکا۔

مزید دلیل یہ ہے کہ ہمارے علمائے کرام تکفیر یزید اھل سنت میں اختلافی بتاتے ہیں چنانچہ الصواعق المحرقہ میں صفحہ نمبر ۲۲۰ خاتمہ کے آخری صفحات میں ہے

اعلم ان اهل السنة اختلفوا فی تکفیر یزید بن معاویة

ترجمہ: خبردار تکفیر یزید کے مسئلہ کے متعلق اہل سنت کا اختلاف ہے۔

پھر تین قول نقل فرمائے۔

ا۔ تکفیر ۲۔ عدم تکفیر ۳۔ توقف

اور ظاہر ہے کہ ائمہ اربعہ کی طرف سے تکفیر کی تصریحات ہوتیں تو اختلاف چہ معنی دارد

سوال

اگر کوئی کہے مسایرہ میں ابن ہمام نے فرمایا ہے

واختلف فی اکفار یزید ابنه فقیل نعم وقیل لا اذلم یثبت لنا عنه تلك الاسباب الموجبة و حقیقة الامر التوقف ورجع امرہ الی اللہ سبحانه

ترجمہ: کیا یزید بن معاویہ کو کافر قرار دینے میں اختلاف کیا گیا ہے یا نہیں تو بعض نے کہا ہاں اور بعض نے کہا نہیں کیونکہ ہمارے ہاں اسکے متعلق وہ اسباب ثابت نہیں ہیں اور حقیقت یہ ہے کہ اس معاملہ میں توقف چاہے اور اسکے معاملہ کو اللہ عزوجل کی طرف لوٹانا چاہیے۔

تو یہ اختلاف مجتہدین کا ہے

جواب

اولاً: امام ہیتمی نے جو اختلاف نقل فرمایا ہے وہ اسی مسایرہ سے ہی ہے

ثانیاً: یہ اختلافی تین قول بتا رہے ہیں کہ اختلاف متاخرین میں ہے اور ائمہ مجتہدین میں کوئی اختلاف نہیں تو پھر دعویٰ تصریحات وتلویحات کیسے درست ہوا

ثالثاً: دوسرے قول کے ساتھ امام ابن ہمام کا دلیل ذکر کرنا بتا رہا ہے کہ وہ عدم تکفیر کے قائل ہیں وحقیقۃ

الامر کے لفظ ظاہر کرتے ہیں کہ وہ توقف کو ترجیح دے رہے ہیں بہرحال کچھ بھی ہو ائمہ اربعہ کی تصریحات وتلویحات کا دعویٰ سوائے وہم کے کچھ بھی نہیں ہو سکتا

رابعاً: اس اختلاف کی وجہ صاحب مسامرہ نے اھانت اھل بیت کے ثبوت اور عدم ثبوت کو قرار دیا ہے اور مصنف ابن ہمام کے کلام کے مطابق یہی ہے کیونکہ

Scanned by CamScanner

وہ خود فرمارہے ہیں

اذلم یثبت لنا عنه تلك الاسباب الموجبة

لیکن خیر افاضل المدققین امام قاسم بن قطلو بغا نے مسایرہ کے حاشیہ میں سبب اختلاف اور ہی بیان فرمایا ہے اور اس کا خلاصہ یہ ہے کہ خوارج کے نزدیک گناہ کا مرتکب کافر ہے اور معتزلہ کے نزدیک ایمان سے خارج ہے اور کفر میں داخل نہیں یعنی واسطہ ہے اور اھل سنت کے نزدیک ایمان سے خارج نہیں ہوتا فرماتے ہیں

قلت عند الخوارج من ارتكب صغيرة أو كبيرة يكون كافرا و عند المعتزلة يخرج عن الايمان و عند اهل السنة لا يخرج عن الايمان فعن هذا وقع الخلاف الذى ذكره المصنف

ترجمہ: میں کہتا ہوں کہ خوراج کے نزدیک مرتکب صغیرہ وکبیرہ کافر ہے اور معتزلیہ کے ہاں فقط ایمان سے خارج ہے (لیکن کفر میں داخل نہیں) اور اہل سنت کے ہاں ایمان سے خارج نہیں پس اسی وجہ سے وہ اختلاف واقع ہوا جس کا ذکر مصنف علیہ الرحمہ نے کیا۔

اب ہم نقل میں امام الکیا طبری کو لگنے والے وہم کی وجہ بھی بیان کر دیتے ہیں بعون اللہ تعالی اور صحیح ہوگی کہ جب تلویح وتصریح فسق امام احمد سے ثابت ہیں تو امام الکیا طبری نے کتابوں کے دیکھنے کے بغیر محض حافظے پر اعتماد کر کے لکھا ہوگا اور ذھن شریف میں امام احمد کی تلویح وتصریح مستحضر تھیں تو وہاں سے وہم دوسرے اماموں کی طرف چلا گیا جب ہماری پیش کردہ تحقیق سے ثابت ہو چکا ہے کہ ائمہ مجتھدین میں سے کسی سے بھی تکفیر یزید اور اس کا لعن ثابت نہیں تو اب متاخرین میں سے جن حضرات نے تکفیر اور جواز لعن کا قول پیش کیا ہے انھوں نے اپنی فقہ

Scanned by CamScanner

سے آگے قدم رکھا ہے۔

جو تقدم علی الائمہ کے مترادف ہے۔

علامہ تفتازانی علیہ الرحمۃ پر شہرت و تواتر کا التباس ہو گیا ورنہ یہ کون نہیں جانتا کہ شہرت میں اختلاف ممکن ہی نہیں ہوتا تو تواتر کیسا؟

اسی لیے حافظ امام سیدی مرتضیٰ زبیدی شارح قاموس علیہ الرحمۃ شرح احیاء العلوم الدین میں انکا کلام نقل فرمانے کے بعد فرماتے ہیں **النظر هذا الكلام من هذا المحقق مع انه من كبار ائمة الشافعية و قواعد مذهبه تقتضي عدم اللعن و لكنه أتي في بلا د العجم وقد امتلأت مسامعهه من الاخبار والحكايات التي اكثر هالا يخلو من مجازفات** (جلد ۷ ص ۳۸۸ کتاب آفات اللسان الآفة الثامنة اللعن)

یعنی اس محقق علیہ الرحمہ کے کلام میں غور کریں حالانکہ وہ ائمہ شافعیہ کے کبار میں سے ہیں اور ان کے مذھب کے قواعد عدم لعن کا تقاضا کرتے ہیں۔ لیکن انھوں نے بلاد عجم میں پرورش پائی تو ان کے کان ایسی حکایات اور اخبار سے بھر گئے جن میں سے اکثر بے سر و پا ہیں۔

واللہ اعلم بالصواب بحقیقۃ الحق

Scanned by CamScanner

بسم اللہ والحمد للہ والصلاۃ والسلام علی رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وعلی آلہ واصحابہ وبارک وسلم تسلیما کثیرا

برادران اسلام: السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

تعلیم قرآن اور تعظیم قرآن

ہی دو ایسے کام ہیں جنکو پایہ تکمیل تک پہنچا کر امت مسلمہ فلاح دارین حاصل کرنے میں کامیاب ہو گی۔

آج ہر مذہبی جماعت دعویدار ہے کہ وہ نفاذ اسلام کے لئے کوشاں و سرگرداں ہے مگر ان کے ہاں نہ تعظیم قرآن کہیں نظر آتی ہے اور نہ ہی خلوص و اخلاص کے ساتھ تعلیم قرآن کا کوئی انتظام ہے۔

الحمد للہ شیخ طریقت امام المفکرین حضور قطب الوجود خواجہ محمد شفیع چشتی صاحب دامت برکاتہم العالیہ اور آپکے تربیت یافتہ مفتی اسلام حضور امام الغیرت قبلہ مفتی محمد فضل احمد چشتی صاحب زید مجدہا الکریم ان راہبروں نے اس پر فتن دور میں ہر باطل کا رد فرمایا اور درست سمت کی طرف راہبری فرمائی۔ خواجگان چشت اہل بہشت نے تعظیم قرآن کا بے مثال سلسلہ جاری فرمایا یعنی بوسیدہ قرآنی و دیگر اوراق کو جمع کر کے دائمی تحفظ فراہم کیا اس کار خیر کے لیے قرآن محلات کی تعمیر کا سلسلہ شروع کیا اب تک سینکڑوں محلات تعمیر ہو چکے مزید تعمیر جاری ہے۔

اپنے مشائخ کرام کے اس سلسلہ ادب کو کامیابی سے آگے بڑھانے کے لیے عالمی تنظیم تحفظ مقدس اوراق کا حصہ بنیں۔

مزید معلومات حاصل کرنے کے لیے رابطہ فرمائیں۔

مہتمم: آستانہ عالیہ امام آباد شریف، کاہنہ لاہور
پیرزادہ مفتی محمد رضا صدیقی چشتی صاحب
0300-4050095, 0344-4050095

خادم قرآن: آستانہ عالیہ سندر شریف
محمد حمزہ سلطانی چشتی قادری
0305-4000380

Scanned by CamScanner

مصنف کی منظر عام پر آنے والی کتب

---(۱)---

تنبیہ الخلف بان الطلاق الثلاث ثلاث باجماع السلف

ازقلم: شیخ الحدیث والتفسیر مناظرِ اسلام

مفتی محمد فضل احمد چشتی گولڑوی مدظلہ العالی

ایک مسئلہ جو صدیوں سے محلِ نزاع بنا ہوا تھا اسے انتہائی عمدہ اور منفرد تحقیق کے ساتھ نزاع واختلاف کو دفع کر کے اسلاف کا اتفاق ثابت کر دیا جسکے بعد مخالفین کے پاس اب کوئی عذر باقی نہیں رہا۔

---(۲)---

النحوالاِملائی

علم نحو کے مبتدیوں کیلیے ایک انمول تحفہ

ازقلم: شیخ الحدیث والتفسیر مناظرِ اسلام

مفتی محمد فضل احمد چشتی گولڑوی مدظلہ العالی

اُردو زبان میں نحو کے اہم مسائل کو بیان کر دیا گیا تاکہ ابتدائی بچوں کیلیے انکا حفظ اور ضبط آسان ہو جائے اور ساتھ ہی ایسے مسائل کی تحقیق جس سے عام متداول کتابیں خالی ہیں۔

Scanned by CamScanner

---(۳)---

المنطق الاملائی

از قلم

سلطان العلماء شیخ الاسلام شمشیر اعلیحضرت امام الغیرت

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد فضل احمد چشتی سنی حنفی قادری رضوی

فن منطق کے شائقین کیلئے بے مثال تحفہ منطق کی سینکڑوں کتابوں کا خلاصہ جس میں فن منطق کے مسائل ایک خاص ترتیب کے ساتھ اردو زبان میں پیش خدمت کیے گئے ہیں۔ جس سے ضبط مسائل آسان تر ہو جاتا ہے۔

---(۴)---

مسئلہ سیاہ خضاب (محققانہ بحث)

از قلم

سلطان العلماء شیخ الاسلام شمشیر اعلیحضرت امام الغیرت

حضرت علامہ مولانا مفتی محمد فضل احمد چشتی سنی حنفی قادری رضوی

سیاہ خضاب کے جواز پر مبنی اور لاجواب تحقیق

Scanned by CamScanner

----(۵)----

یہاں قوموں کی تحزبیں تھیں یا ملکوں کی تقسیمیں
یہاں روحوں کی تفرقیں تھیں یا جسموں کی تنظیمیں

یونینز، پارٹیز، گروپس
یا
دعوائے جاھلیت

از قلم
سلطان العلماء شیخ الاسلام شمشیر اعلیحضرت امام الغیرت
حضرت علامہ مولانا مفتی محمد فضل احمد چشتی سنی حنفی قادری رضوی

کتاب حاصل کرنے کے لیے رابطہ
آستانہ عالیہ سندر شریف
سندر راڈ لاہور۔ 03024218077

Scanned by CamScanner

Scanned by CamScanner